افکار و سیاسیات

علماء دیوبند

کوهر

علامہ مولانا محمد شریف نوری

نور اللہ مرقدہ،

مکتبہ اسلامیہ چکوڑہ

اس کتاب کے جملہ حقوقِ طباعت تمام سُنیوں کے لئے محفوظ ھیں۔

نام کتاب ------ افکار و سیاسات علماءِ دیوبند

مؤلف ------ مولانا محمد شریف نوری رحمۃ اللہ علیہ

زیرِ اہتمام ------ مولانا محمد الدین صاحب والدِ مؤلف

ناشر ------ مکتبہ اسلامیہ چکوڑہ

سالِ طباعت ------ سنہ ۱۹۷۲ء

قیمت ------ 12/-

فہرست موضوعات

صفحہ	موضوعات	نمبر شمار
۱۷	دیوبندی نظریات حقائق کے اجالے میں	
۳۰	شاہ اسماعیل دہلوی اور شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ	
۳۰	مدراس کے علماء کا تقویۃ الایمان کے متعلق فتویٰ۔	
۳۲	تقویۃ الایمان پہ علماء کا فتویٰ	
۳۴	تقویۃ الایمان پہ حضرت مولینا غلام محی الدین قصوری کا فتویٰ	
۳۵	تقویۃ الایمان پہ علماء حرمین الشریفین کا فتویٰ۔	
۳۶	علماء اہلسنت دہلی کا مولوی اسماعیل سے مناظرہ۔	
۳۸	علماء اہلسنت پشاور کا مولوی اسماعیل سے مناظرہ۔	
۴۱	دیوبندیوں کی بہاول پور سے شکست	
۴۲	حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمۃ کا فتویٰ۔	
۴۵	حضرت مولینا رحمت اللہ مہاجر مکی کا فیصلہ	
۵۱	ایک نئی چال۔	
۵۲	دیوبندیوں کا اعترافِ وہابیت۔	
۵۲	"وہابی متبع سنت کو کہتے ہیں"۔	
۵۲	"وہابیوں کے عقائد عمدہ ہیں"	
۵۲	مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا اعلان	

صفحہ	موضوعات	نمبر شمار
۵۳	مولوی اشرف علی تھانوی صاحب کا اقرار	
۵۷	عقائدِ دیوبند کی فتنہ سامانیاں۔	
۵۹	کُفر کیا ہے؟	
۵۹	انکارِ منصوص قطعی۔	
۶۰	انبیاءِ کرام کی توہین و تنقیص کرنے والا ہے۔	
۶۰	الفاظِ توہین میں نیت معتبر ہے۔	
۶۱	ایک مسئلہ حقیقت۔	
۶۴	دو مشہور سوالوں کا جواب۔	
۶۶	ایک یاد۔	
۶۷	فتنۂ دیوبند کے عقائدِ فاسدہ۔	
۶۸	دیوبندی عقیدہ	
۶۸	اہلِ سنّت کا عقیدہ۔	
۶۹	مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ۔	
۷۴	اشتہار۔	
۸۱	خلفِ وعید۔	
۸۲	دیوبندی اور سُنّی عقائد۔	
۹۲	دو سوال۔	
۹۹	ایک اتہام کا جواب۔	
۱۵۳	دیوبندی لن ترانیوں کے جوابات۔	
۱۵۳	بہت بڑے فریب کا جواب۔	
۱۵۷	اہلِ فہم کے لئے۔	
۱۶۲	ایک انوکھی مثال۔	

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ
	علم اور اطلاع۔	۱۶۵
	اکابرین اسلام پر دیوبندی فتویٰ بازوں کی یلغار۔	۱۸۲
	مولانا جامی اور رومی کافر تھے۔	۱۸۲
	حضرت امام حسین اندھے تھے۔	۱۸۳
	یارسول اللہ کہنے والے کافر ہیں۔	۱۸۳
	مولوی فردوس علی قصوری کا فتویٰ۔	۱۸۳
	ہم بریلویوں کو مُشرک کہتے ہیں۔	۱۸۴
	تمام بدعتی (سُنّی) بے ایمان ہیں۔	۱۸۴
	دیوبندیوں کے شیخ القرآن کا فتویٰ	۱۸۴
	بدعتی کافروں سے بُرے ہیں۔	۱۸۵
	حضور کو مختارِ کُل سمجھنے والے کافر ہیں۔	۱۸۵
	مشائخ کے ہاتھوں کو بوسہ دینے والے کافر ہیں۔	۱۸۵
	نقشبندی بدعتی ہیں۔	۱۸۵
	نقشبندی۔ چشتی۔ قادری اور سُہروردی کہلانے والے یہودی ہیں۔	۱۸۶
	یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی کہنے والے کافر ہیں۔	۱۸۶
	عید کے دِن سویاں پکانے والے کافر ہیں۔	۱۸۶
	قبروں پہ حافظوں کو بٹھانے والے کافر ہیں۔	۱۸۷
	عید میلاد منانا کرشن کے سانگ سے بدتر ہے۔	۱۸۷
	بریلی میں رہنے والے تمام کافر ہیں۔	۱۸۷
	پیر مہر علی شاہ کے متعلق امیرِ شریعت کا فتویٰ۔	۱۸۷
	تمام بدعتی شیطان ہیں۔	۱۸۸
	گیارہویں شریف کرنے والے کافر ہیں۔	۱۸۸

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ
	عید کے دن ایک دوسرے سے ملاقات کرنے والے بدعتی ہیں۔	۱۸۸
	نماز کے بعد مصافحہ کرنے والے بدعتی ہیں۔	۱۸۸
	قبروں پہ جانا بدعت ہے۔	۱۸۸
	تمام بدعتی گدھے ہیں۔	۱۸۹
	سُنّیوں کا جنازہ نہ پڑھا جائے۔	۱۸۹
	سُنّیوں کا کوئی نکاح نہیں۔	۱۸۹
	میلاد شریف اور مراقبہ کرنے والے صوفی شیطان ہیں۔	۱۹۰
	علی بخش۔ حسین بخش۔ عبدالنبی نام رکھنے والے مُشرک ہیں۔	۱۹۰
	بزرگوں کا ادب کرنا شرک ہے۔	۱۹۰
	مودودی کافر ہے۔ زندیق ہے۔ دجّال ہے۔	۱۹۰
	مولانا احمد رضا خاں دجّال ہے۔	۱۹۱
	مولانا شبیر احمد عثمانی ابُوجہل ہے۔	۱۹۱
	ابوالکلام آزاد کافر ہیں۔	۱۹۱
	سر سید کافر اور مُلحد ہے۔	۱۹۲
	شبلی نعمانی کافر ہے۔	۱۹۲
	مولوی غلام خاں کافر ہے۔	۱۹۲
	ناظم دیو بند کا فیصلہ۔	۱۹۴
	عامر عثمانی دیوبندی کی حقیقت پسندانہ رائے۔	۱۹۵
	انگریزی دور میں اکابر دیو بندی کی سیاسی حکمتِ عملی۔	۱۹۶
	انگریز سے جہاد حرام ہے۔	۱۹۸
	انگریز کا مخالف باغی ہے۔	۱۹۸
	مولوی اشرف علی تھانوی کی تنخواہ۔	۱۹۹

موضوعات	صفحہ
انگریز کا ملک دار السلام ہے۔	۱۹۹
سید احمد شہید پہاڑوں میں رہتے ہیں۔	۲۰۰
انگریزوں نے ہمیں آرام دیا ہے۔	۲۰۲
ایک غور طلب امر۔	۲۰۲
سید احمد شہید کو سات ہزار کی تھیلی۔	۲۰۳
مولوی محمود الحسن دیوبندی کی جے۔	۲۰۴
دیوبندیوں کی پیشانیوں پر تلک	۲۰۴
ہولی۔ دیوالی کی پوریاں حلال۔	۲۰۴
غوث پاک کی گیارہویں حرام۔	۲۰۴
ہندوؤں کی کوتے سے محبت۔	۲۰۵
دیوبندیوں کی کوا خوری۔	۲۰۵
ہندوؤں کے سودی روپیہ کی بنائی ہوئی سبیل۔	۲۰۶
امام حسین کی سبیل حرام ہے۔	۲۰۶
تحریک پاکستان میں علماء دیوبند کا سیاسی رُخ کردار	۲۰۷
مولوی حسین احمد مدنی ہندوؤں کے تنخواہ خوار۔	۲۱۶
دیوبندی رام رام کرتے رہتے ہیں۔	۲۱۶
مولوی ظفر علی خاں کا خطاب۔	۲۱۷
دیوبندیوں کی پاکستان دشمنی۔	۲۱۷
قائد اعظم یا کافر اعظم۔	۲۱۸
مسلم لیگ خود غرض جماعت ہے۔	۲۱۹
مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سوّر ہیں۔	۲۱۹
پاکستان پلیدستان ہے۔	۲۱۹

صفحہ	موضوعات
۲۱۹	پاکستان خاکستان ہے۔
۲۱۹	پاکستان کنجری ہے۔
۲۱۹	شبیر احمد عثمانی پر دیوبند کا فتویٰ!

تعارف

دارالعلوم دیوبند نے برصغیر میں علمی اشاعت میں بے مثال کام کیا ہے۔ اس ادارے سے لاتعداد لوگ عالم فاضل بن کر نکلے۔ بخصوصیت کے ساتھ برصغیر کے غریب اور پسماندہ علاقوں کے طلباء نے بہت فائدہ اٹھایا۔ اور وہ اپنے اپنے علاقوں میں جاکر مساجد میں امام و خطیب بنے۔ ان میں سے جو زیادہ قابل تھے انہوں نے دیوبند کی شاخیں قائم کیں اور ہزاروں طلباء کو دیوبندی نظریات سے آراستہ کیا۔ دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ اور اکابر نے علوم و فنون کی اشاعت کے ساتھ ساتھ اپنے مخصوص عقائد اور نظریات کو پھیلانے میں بڑا اہم کردار ادا کیا۔ دُور دراز علاقوں سے آنے والے طلباء تو اپنی سادہ لوحی کی بناء پر صرف علم دین حاصل کرنے آتے تھے مگر یہاں کے اساتذہ انہیں عقائد و نظریات کی جو نعمت عطا کرتے اس نے مسلمانوں کے عقائد کی بنیادیں ہلادیں۔ دارالعلوم دیوبند سے فارغ التحصیل ہونے والے علماء کرام بزعم خود علم و فضل کے آفتاب و ماہتاب بن کر نکلتے تھے۔ مگر وہ عقائد کے اعتبار سے کلابی وہابی متکبر اور گستاخ زبان لے کر اپنے اپنے علاقوں میں پہنچے۔ بزرگانِ دین کا احترام تو کیا وہ بسا اوقات شانِ رسالت مآب میں سست الفاظ کہنے سے بھی نہ چوکتے۔ ان کی مجالس میں نعت رسول کا پڑھنا ان کے لیے آفت جان ہوتا۔ ان کی مساجد میں درود پاک پڑھنا، ان کے لیے عذاب تھا۔ ان کی تقریر کے دوران یارسول اللہ کا نعرہ لگانا ان کی خفتہ وہابیت کو جگانے کے مترادف تھا۔

دارالعلوم دیوبند کے موسّسین اور ان کے مشائخ اور اکابر کی تحریروں کو نقد و نظر کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو بڑی عجیب و غریب صورت سامنے آتی ہے۔ وہ عالمانِ دین تھے مگر علم کل سے ناواقف تھے۔ علم جز و میں۔ انہیں ضرور عبور حاصل تھا۔ لیکن اس میں ان کی کیا تخصیص، ان جیسا

علم تو ہر ادنیٰ سے ادنیٰ انسان بلکہ ہر جبنی و مجنون، ہر لایعقل اور بہائم کو بھی حاصل تھا۔ وہ اپنے دیوبند دارالعلوم کی دیوار کے پیچھے کا علم نہ رکھتے تھے۔ ان میں سے اگر کوئی انتقال کرتا۔ تو مر کر فوراً مٹی ہو جاتا تھا۔ نہ قبر کا نشان، نہ کفن کی تاریں بس

نہ کہیں جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

وہ علم و دانش میں یکتائے روزگار تھے۔ مگر اپنے اللہ کی جناب میں چوہڑے اور چمار سے بھی ذلیل نظر آتے تھے۔ گو پڑھے لکھے تھے مگر ہمارے جیسے بشر ہی تو تھے۔ جب ان کی زبان کھلتی تو عوام الناس پر کفر، شرک اور بدعت کے فتووں کی بوچھاڑ کر دیتے۔ عامی تو عامی ان کی زبان سے سے نہ اہلِ علم بچ سکتے۔ نہ کوئی پیر و فقیر۔ بزرگانِ دین کے مزارات سے انہیں خصوصیت کے ساتھ چڑ تھی۔ وہ فرمایا کرتے تھے۔ ان قبروں میں بت ہیں بت۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ؕ

علماء دیوبند بڑا سادہ لباس زیب تن کرتے ہیں۔ لمبے لمبے کھدر کے کرتے۔ پنڈلیوں تک تہبند۔ سیدھے سادھے پائجامے مگر سر پر ایک اونچی سی سفید ٹوپی۔ یہ ٹوپی کسی ولی اللہ یا کسی صوفی باصفا کے تتبع میں نہیں بلکہ ہندوستان کے عظیم مہاتما گاندھی، جواہر لعل نہرو اور دیگر کانگرسی مہاپرشوں کی نقل ہے۔ جس سے وفاداری بشرطِ استواری عین ایمان کی شان جھلکتی ہے۔ یہ علماء کرام سیاست میں حصہ نہ لیتے مگر اپنے ہندو دوستوں کی دل دہی کے لیے انگریز سے ترک موالات کرتے کہ وہ کافر ہے۔ مگر بت پرست ہندوؤں سے مواخات کے رشتے استوار کرتے اور اپنے سادہ لوح عوام کو مجبور کرتے کہ انگریز کے منحوس قدم نے تمہارے ملک کو دارالکفر اور دارالحرب بنا دیا ہے۔ اسلیے اپنے آبائی گھروں کو ہندو دوستوں کے ہاتھوں فروخت کر کے افغانستان کو ہجرت کر د۔ اگر آزادیٔ وطن کی تحریک چلتی تو گاندھی کی سیاست کا ”عربی ترجمہ“ بن کر سٹیج پر آتے۔ وہ حکومت الٰہیہ قائم کرنے کا نعرہ لگاتے۔ مگر اپنے ہندوؤں اور بت پرست دوستوں کے اشتراک سے۔ وہ آزادی حاصل کرتے مگر ہندوؤں کے پرچم کے سایہ میں۔ یہ اتنے وفادارانِ وطن تھے۔ کہ کانگریس کے جھنڈے پر قیدِ تنہائی کی صعوبتوں کو بھی برداشت کرتے۔ مگر اسلام کے نام پر قربانی دینا ہوتی تو شرک سمجھتے۔ وہ پاکستان کو خاکستان کہتے۔ مگر پاکستان بننے کے بعد اسی میں بود و باش

...لیے جب تک پاکستان نہ بنا تھا وہ اس کی "پ" پر بھی لعنت بھیجتے تھے۔ جب پاکستان بن گیا تو اس سرزمین پر محبان وطن کو غراتے۔

عقائد و نظریات کی دنیا میں ان سادہ لوح بزرگوں کی حرکات دیدنی ہیں۔ اعتراف کمال پر آنکھیں بند کر لیں تو میدان کربلا میں سر کٹانے والوں کو باغی کہنے سے نہ رکیں۔ خدمات دین کا انکار کریں تو صوفیاء کرام کی خدمات کو شرک و بدعت کے فتووں سے نوازیں۔ محسن کشی پر آئیں تو بانی پاکستان تک کو گالیاں دینے سے گریز نہ کریں۔ مگر جب ان کے ذہن متوازن ہوں تو گاندھی و ... ارادت کے اعتراف کے طور پر انہیں مہاتما اور رسول امن پکارتے جائیں۔ صوفیاء کرام کے طفیل اپنے ہر مفلوج الذہن مولوی کو بھی "شیخ الکل والکل" کہتے نہ تھکیں۔ ایک دن حوالات میں بیٹھنے والے کو آزادی وطن کا پروانہ کہہ کر پکاریں۔ میلاد و گیارہویں کے کھانے کو حرام قرار دینے کے باوجود کانگریسی اور ہندو لیڈروں سے برسوں وظیفہ کھاتے چلے جائیں تو کبھی کتاب فتویٰ ... نہ دیکھیں۔ انکار پر آئیں تو بزرگان دین کی نذر و نیاز کو حرام کہہ دیں۔ کھانے پر آئیں تو کوے ... معروضہ تک کو کھا جائیں!

عوام میں بیٹھ کر اپنے علم و فضل کی ڈینگیں مارتے ہیں۔ اپنے آپ کو مفتی، مدرس، شیخ الہند علامۃ العصر، شیخ الحدیث و شیخ القرآن، فقیہ العصر والزمان کے خطابات سے متصف کرتے رہتے ہیں دوسرے علماء کو علمی یتیم کہہ کر پکارتے ہیں۔ کتابیں لکھتے ہیں تو مشاہیر اہلسنت سے حواشی نقل کر کے اپنی منہ لکھ دیتے ہیں۔ تفسیر قرآن لکھنے بیٹھتے ہیں، تو بتوں کے خلاف جتنی آیات ہیں، بزرگان دین پر چسپاں کر دیتے ہیں۔ مشرکین مکہ کے خلاف جتنی آیات ہیں انہیں عام مسلمانوں سے منسوب کرتے چلے جاتے ہیں۔ حدیث پڑھانے بیٹھتے ہیں تو جس حدیث سے ان کی اپنی تشریح کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم اور کمال کی تنقیص نظر آئے۔ وضاحت سے بیان کرتے ہیں عظمت رسول اور درجات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری احادیث کو ضعیف کہہ کر گذر جاتے ہیں۔ ان کی مجالس میں محاسن مصطفیٰ یا خصوصیات نبوت بیان کی جائیں تو چہروں کے رنگ بدلنے

لگتے ہیں۔ اگر نعت رسول پڑھیں تو پہلو بدل کر مجلس سے اٹھ کر کسی ضروری کام کو چلے جاتے ہیں۔ صلوٰۃ وسلام پڑھیں تو ان کی نمازوں میں خلل آتا ہے۔ میلاد و قیام کریں تو ٹانگیں ٹوٹ جاتی ہیں، حضور کا اسم گرامی لیتے وقت کسی کو انگوٹھا چومتے دیکھتے ہیں تو کن انکھیوں سے دیکھتے چلے جاتے ہیں۔ یارسول اللہ سن پاتے ہیں تو کانپ جاتے ہیں۔ مدرسہ چلاتے ہیں تو چندہ "بدعتیوں" سے اکٹھا کرتے ہیں، مسجدیں صلوٰۃ وسلام سے آباد دیکھتے ہیں تو امامت کے لیے کوشش کرتے ہیں، چند دن سُنی بن کر اعتماد پیدا کرتے ہیں۔ پھر صلوٰۃ وسلام پر پابندیاں لگا دیتے ہیں اور معراج النبی اور عید میلاد النبی کی راتوں کو مسجدوں کی دیا بتی گل کر کے کسی معتقد کے گھر جا بیٹھتے ہیں۔

وہ آئے بزم میں اتنا تو ہم نے دیکھا میرؔ
پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی

نام مولوی چراغ دین ہوتا ہے۔ مسجدوں اور مزاروں کے چراغ بجھاتے جاتے ہیں۔ نام مولوی فاضل ہوتا ہے فضیلت مصطفیٰ سے انکار کرتے جاتے ہیں۔ نام مولوی روح اللہ ہوتا ہے لیکن روحانی تعلیم سے بغض ہے۔ نام نور دین، دل بے نور ہوتا ہے۔ نام مولوی فردوس علی مگر فردوس علی کے اجاڑنے پر لگے ہوئے ہیں۔ کتابیں لکھنے بیٹھتے ہیں تو "چراغ سنت" نام رکھتے ہیں مگر اہل سنت کے آفتابوں کو پھونکیں مارتے جاتے ہیں، نام رکھتے ہیں "تقویۃ الایمان" مگر ایمان کی جڑیں کاٹتے جاتے ہیں، نام رکھتے ہیں "حفظ الایمان" مگر حضور کے علم کا انکار کرتے جاتے ہیں۔ نام نور علی نور۔ آنکھوں سے اندھے۔

؎ بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست!

میرے فاضل مولانا سینوں کے شہرہ آفاق خطیب علامہ محمد شریف نوری قصوری دامت برکاتہ (اب نور اللہ مرقدہ و تاب ثراہ) کی کاوش قلمی نے مندرجہ بالا صفات سے متصف "ارواح قدسیہ" کے افکار و عادات پر "افکار و سیاسیات علماء دیوبند" نامی کتاب لا کر اہل تحقیق کے سامنے اس "عجیب مخلوق" کا تعارف کرایا ہے۔ فاضل مصنف اس سے پہلے اپنی کتاب "باران التقریریں" "آفتاب سنت" "نشری تقریریں" اور اپنے ماہنامہ "نور ظہور" قصور۔ اور ماہنامہ "الحبیب" لاہور

کے ادارتی مکالمات کی وجہ سے علمی دنیا میں شہرت دوام حاصل کر چکے ہیں۔ ان کی یہ کتاب بھی عوام و خواص میں اپنا امتیازی مقام پائے گی۔ اس کتاب کے علاوہ ان کی ایک اور کتاب نوری تقریریں زیور طبع سے آراستہ نہیں ہو سکی۔ بھی منفرد مقام کی مستحق ہے۔ حضرت مولانا نوری صاحب نے علمائے دیوبند کے افکار و نظریات کا جس جامعیت کے ساتھ تجزیہ کیا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ آپ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد مصنف کی تحقیق اور کاوش کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔

پاکستان میں علماء دیوبند کا طریقۂ واردات ان کے عقائد و نظریات کی طرح بڑا ہی عجیب و غریب ہے۔ وہ ایک طرف تو اپنے پریس سے اپنے اصاغر و اکابر کی کتابیں چھاپ چھاپ کر مارکیٹ کو بھرتے جاتے ہیں۔ ان کتابوں میں اکابر اہل سنت کو گالیاں، سواد اعظم پر فتووں کی بوچھاڑ، بزرگان دین کی توہین، امام اہل سنت وجماعت فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کی ذات پر رکیک حملے، اہلسنت کے عقائد پر بے جا تنقید اور اپنے کانگریس نواز اور نیشنلسٹ علماء کو آزادئ وطن کے ہیرو بنا بنا کر پیش کرتے جاتے ہیں۔ دوسری طرف اپنے ماہواری رسالوں میں اداریے لکھتے چلے جاتے ہیں۔ لوگو! بچاؤ! سُنّی ہمیں کافر کہتے ہیں۔ لوگو سنو! بریلوی ہمارے ساتھ لڑتے ہیں۔ لوگو! دوڑو۔ رضا خانی حضور پر اونچا درود پڑھ کر ہمیں چھیڑتے ہیں۔ لوگو آؤ اور کان کھول کر سنو! بریلوی لوگ اپنی مسجدوں کے لاؤڈ سپیکر پر اعلیحضرت بریلوی کا لکھا ہؤا سلام — مصطفٰے جان رحمت پہ لاکھوں سلام۔ پڑھ کر ہمیں جلانے کے درپے ہیں! فساد ہو جائے گا۔ لڑائی ہو جائے گی۔ چاقو چل جائیں گے اور — اور پھر —

ڈھیر لگ جائیں گے کوچے میں گریبانوں کے!

یہ اندازِ معصومانہ دیوبندی قلمکاروں کی ادائے کافرانہ ہے۔ یہ صدائے عالمانہ دیوبندی مصنفین کا طرۂ امتیاز ہے۔ یہ ظلم کا تازیانہ دیوبندی حضرات کا ہتھیار ہے!

کہیں نظر نہ لگے تیرے چشم و بازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں

پھر ان اداؤں کے ساتھ دھمکیاں بھی دی جاتی ہیں۔ ہم ابھی چپ ہیں۔ ابھی خاموش ہیں! ابھی منقار زیر پر ہیں۔ ابھی مسجدوں میں ہیں۔ ابھی حجروں میں ہیں۔ ابھی ملاؤں میں ہیں۔ جب ہم نکل

پڑے۔ جھپٹ پڑے تو بریلویوں کو ختم کر دیں گے۔ ہمارے پاس بڑے بڑے سورما ہیں اور ہمارے ان سورماؤں نے میدان مارے ہیں! ہمارے پاس لڑنے والے ہیں۔ ہمارے پاس شورش کاشمیری ہیں۔ ہمارے پاس غلام غوث ہزاروی ہیں۔ ہمارے پاس ضیا القاسمی ہیں، ہمارے پاس غلام اللہ ہیں ہمارے پاس مفتی محمود ہیں! ہمارے پاس احراری ہیں۔ ہمارے پاس ۔۔۔۔۔۔

کیا کیا ہمیں یاد آیا جب یاد تیری آئی ہے!

ہم ان سادہ لوح قلمکاروں۔ رسالہ بازوں اور شرک بازوں کو مشورہ دیں گے کہ ان قلموں کے ترکش۔ ان رسالوں کے صفحات۔ ان کتابوں کی جلدوں اور شرک و بدعت کے فتووں کو کسی روز بد کے لیے محفوظ رکھیں، اور اپنی سیدھی سادھی صورتوں کی طرح سیدھا سادہ انداز فکر بنا لیں۔ اپنے اصاغر و اکابر کو بلا کر ایک جگہ بٹھائیں اور پیار سے کہیں کہ یہ سارا اسلحہ بیچارے بریلویوں کے خلاف استعمال کرنے کی بجائے کسی "روز بد" کے لیے محفوظ رکھیں۔ ہمیں تسلیم ہے کہ دیوبندی حضرات لکھنا جانتے ہیں، چھاپنا جانتے ہیں، بانٹنا جانتے ہیں، شور مچانا جانتے ہیں۔ آسمان سر پر اٹھانا جانتے ہیں اور پھر جھوٹ کو سچ کرنا جانتے ہیں۔ مگر یہ ہتھیار تو آزمائے ہوئے ہیں۔ انہیں اب سنبھال رکھنا چاہیے۔ سنّی بے چارے تو سیدھے سادھے لوگ ہیں۔ انہیں فریب دینا تو مشکل بات نہیں! زبان و قلم کی آب و تاب کو بدنام کرنے کی کیا ضرورت ہے!

ہاں دیوبند کے اکابر کے جانشینوں کو گذارش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ ان کے اصاغر ان کی شہ پر جس قسم کا لٹریچر قوم میں بکھیر رہے ہیں وہ علمی دنیا کے لیے باعث فخر نہیں۔ نظریات کے اختلاف کا انداز تو شریفانہ ہونا چاہیے۔ اختلافات سے روکتے نہیں مگر اس کے پیش کرنے کا انداز تو سوقیانہ نہیں ہونا چاہیے۔ مولنا احمد رضا خاں کے نظریات سے اختلاف تو رہے۔ مگر بات تو سلیقے سے ہونی چاہیے۔

رندان قدح خوار بلا مست ہی سہی!
اے شیخ گفتگو تو شریفانہ چاہیے!

محمد شفیع رضوی عفی عنہ

افکار و سیاسیات

و

علمائے دیوبند

دیوبندی نظریات حقائق کے اجالے میں

دیوبندی فرقہ سے مراد برصغیر کے دینی فتنوں میں ان "نفوس قدسیہ" کی جماعت ہے۔ جو اپنے سوا تمام مسلمانوں کو کافر، مشرک اور بدعتی سمجھتی ہے۔ یہ لوگ برصغیر کے ان متشدد نجدیوں کے کے ہراول دستے کا کام کرتے ہیں جنہیں پاک و ہند کی مسلمان اکثریت ان کے نظریات کے پیش نظر رد کر چکی تھی اور وہ حکومت برطانیہ کی کرم گستریوں کے زیر سایہ ملت اسلامیہ میں انتشار و افتراق کا باعث بنتے رہے۔ علماء دیوبند دراصل نجد سے درآمدہ تلخابے کو برصغیر کے مسلمانوں کے مزاج پر برہمی کا سبب محسوس کرتے تھے۔ اس لیئے انہوں نے نجدی نظریات کو قابل قبول انداز میں پیش کرنے کے لیے ایک منظم کام کیا۔ نظریاتی جنگ کے یہ ہراول دستے عقاید و نظریاتی عمارتوں کو کھوکھلا کرنے میں بڑے کامیاب ثابت ہوئے۔ وہ سادہ لوح مسلمانوں کو اہلسنت و جماعت کے بھیس اور نام سے نجدی نظریات کی وہ خوش ذائقہ گولیاں کھلاتے چلے آرہے ہیں۔ جو نجدیوں کی تلخ و ترش لیبارٹریوں میں تیار ہوتی تھیں۔ یہ لوگ ایک طرف علماء اہلسنت کو فرقہ پرست، فتنہ پرور، مولوویے اور درویشے کہہ کہہ کر لوگوں کو اپنی طرف بلاتے رہے دوسری طرف ان کے مولویوں نے اپنی کتابوں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کرام اور بارگاہِ الٰہی کی شان میں گستاخانہ تحریروں کے انبار لگاتے رہے۔ ان توہین آمیز عبارات کو علماء عرب و عجم نے پڑھا تو کانپ اٹھے۔ علماء حرمین اور علماء عجم کے محقق، شافعی، مالکی اور حنبلی علماء نے ان تحریروں کا سخت نوٹس لیا۔ انبیاء کرام کی توہین پر عالم اسلام کے علماء حق کس طرح خاموش رہ سکتے تھے۔ انہوں نے یک زبان ہو کر ایسے نظریات رکھنے والوں پر کفر کا فتویٰ صادر کیا اور ایسی ناپاک کتابوں کو دینی فتنہ قرار دیتے ہوئے قابل ضبطی قرار دیا چونکہ ان فتنہ انگیز تحریروں میں سے ملت اسلامیہ کی شیرازہ بندی پارہ پارہ ہونے کا یقین تھا۔

اس لیے اس وقت کے اقتدار اعلیٰ جناب انگریز بہادر نے ایسے فتنہ گروں کی پیٹھ ٹھونکی اور اسے ہوا دینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ چنانچہ دیوبندی حضرات ان نظریات سے رجوع کرنے کی بجائے اور دلیر ہو گئے اور ان سیاہ تحریروں کو تاویلوں کے غلافوں میں لپیٹ لپیٹ کر عوام الناس تک پہنچاتے چلے گئے۔ وہ ایک ہی زبان سے بشریت انبیاء، علم غیب، حاضر و ناظر، میلاد النبی، گیارہویں شریف وغیرہم مسائل کو فروعی کہہ کر عوام کو چپ رہنے کی تلقین کرتے۔ دوسری طرف برصغیر میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں پر کفر و شرک کے فتووں کا چھڑکاؤ کرتے جاتے۔ وہ ایک ہاتھ اپنے سر پہ رکھ کر فریاد کرتے کہ ہمیں فروعی اختلافات پر کافر کہا جاتا ہے دوسری طرف ان کے غول کے غول نہ انبیاء کی عظمت کو خاطر میں لاتے اور نہ اولیاء اللہ کی دینی خدمات کا احترام کرتے۔ وہ مشاہیر اہل سنّت کو جن جن خطابات سے نوازتے اسے سن کر تہذیب کی گردن جھک جاتی۔ وہ اپنے علمی مقام پر کھڑے ہو کر ایسی نستعلیق گالیاں دیتے کہ دہلی کی کلانبیں بھی منہ چھپا لیتیں۔ وہ علماء اہلسنت کو "عقل کے اندھے"[1]، "بے سمجھ"، "اسلام کا حلیہ بگاڑنے والے"، "مرزا قادیان سے بڑھے ہوئے"، "کمینہ حرکتیں کرنے والے چمگادڑ"، "کوڑھ مغز"، "ناعاقبت اندیش"، "کوتاہ نظر علمائ"، "چور و سُو کا باز"، "شرک کے مریض"، "ہندوؤں سے بڑھے ہوئے"، "بدزبان"، "منہ پھٹ"، "بدتمیز"۔ اللہ اللہ غصے کا ایک طوفان ہے جو تھمتا نظر نہیں آتا۔ گالیوں کا ایک کھبو کا ہے جس کے آگے زمانہ جاہلیت کی عربی لغت کے اوراق پارہ پارہ ہوتے ہیں۔ یہ تو اصاغر دیوبند کے منہ سے لوٹے شیر تھی۔ اکابر دیوبند جب آستین چڑھاتے تو دین بدلا، زبان بدلی ذہن بدلا، جہان بدلا کا سماں بندھ جاتا۔ حضرت مولانا حسین احمد مدنی اکابر دیوبند کی "کوثر و تسنیم" کی موجوں کو شرماتی ہوئی زبان ملاحظہ ہو۔

---

[1] چراغ سنّت مولفہ مولوی فردوس علی دیوبندی قصوری، صفحہ ۱۳۹، ۱۴۰، ۲۰۸، ۳۱۱، ۲۳۱، ۲۲۷، ۲۲۲ اور ۲۱۵۔

بایں زبان و بیاں یہ بات مشہور کر رکھی ہے کہ اہل سنت کے قلم کار ہمیں مولانا بالفضل اولینا نہیں لکھتے اور ہمارا نام با وضو نہیں لیتے۔ تہذیب و شرافت صرف ہمارے ہی گھروں کی لونڈی ہے۔ ادب و علم صرف ہمارے ہی پاسبان ہیں

دراصل ان ساری گستاخیوں اور گمراہیوں کو اگر تاریخ کی روشنی میں دیکھیں تو آپ انہیں دور تک رشتہ پیا پائیں گے۔ یہ ہوائیں صرف وادی نجد کی عصر حاضر کی بہار نہیں۔ بلکہ ایسے منہ پھٹ لوگوں کے خطرات سے اسلامی تاریخ کے ابتدائی باب بھی آگاہ کرتے نظر آتے ہیں۔ ایسے ہی نظریات کا آغاز سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہی ہو چکا تھا اور یہ دریدہ دہن حضور کے سامنے بھی اپنی گستاخانہ روش کو چھپا نہیں سکتے تھے۔ ہم موضوع کتاب پر آگے بڑھنے سے پہلے چند لمحات کے لیے آپ کو وادی بطحا میں لے جانا چاہتے ہیں، جہاں قرآن نازل ہو رہا تھا اور اللہ کا حبیب انسانیت کے لیے رحمت اور انصاف کی مجسم دلیل بنا ہوا تھا اور یہ لوگ اپنی تاریخ کا باب اول لکھ رہے تھے۔

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے، ایک شخص حرقوص بن زہیر جو ذوالخویصرہ مشہور تھا، بولا کہ یا رسول اللہ عدل کیجیے، حضور نے فرمایا: تجھے خرابی ہو، اگر میں عدل نہ کروں گا تو اور کون کرے گا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا،

اجازت ہو تو گردن اڑا دوں مگر حضور پرنور نے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو اس کے اور بھی ہمراہی ہیں، کہ تم ان کی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر دیکھوگے۔ وہ قرآن پڑھیں گے مگر ان کے گلوں سے نہ اترے گا۔ وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے ؛

یہ پہلے لوگ ہیں جو نماز روزہ مکمل طور پہ بجا لا کر بھی شانِ رسالت میں گستاخیاں کیا کرتے تھے جب سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفرِ دنیا کو ختم فرمایا تو یہ لوگ حضرت صدیقِ اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے زمانۂ اقدس میں ذرا دب گئے مگر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وقت ان کا زور پھر ہو گیا اور انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذاتِ والا شان میں گستاخیاں شروع کر دیں اور کہا کہ آپ بدعتی ہیں (نعوذ باللہ)

چنانچہ ڈاکٹر حمید الدین ایم۔ اے نے اپنی کتاب تاریخ اسلام کے باب خلافتِ عثمانیہ میں لکھا ہے کہ :

"جو سات الزامات خارجیوں، سبائیوں نے آپ پر لگائے تھے ان میں ایک یہ تھا کہ آپ بدعتی ہو گئے ہیں۔ پھر انہوں نے حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم پر فتویٰ صادر کر دیا کہ یہ کافر، مشرک اور بدعتی ہیں اور آپ سے قتال و جدال کو جائز قرار دے دیا اور آپ سے بغاوت کر کے مقابلے میں آ گئے، حتیٰ کہ عبدالرحمن بن ملجم کے ہاتھوں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ شہید ہو گئے جس کی مزید تفصیل آپ الکامل المبرد باب الخوارج میں دیکھ سکتے ہیں۔"

آخر یہ فتنہ رفتہ رفتہ زور پکڑتا گیا، علامہ ابن حجر عسقلانی کی کتاب درر کامنہ ص۱۴۴ میں ہے کہ ۶۹۸ھ میں ابن تیمیہ حرانی نے انبیائے کرام کے حق میں زبان درازی کی، اور ایک نیا مسئلہ نکالا کہ انبیاء کسی نفع و نقصان کے مالک نہیں ہوتے، لہٰذا ان سے امداد و شفاعت کی امید فضول ہے۔ بلکہ یہاں تک کہا کہ شفاعت کا عقیدہ شرک ہے اور روضۂ اطہر کی حاضری دینے والا مشرک

۔۔۔ سب سے پہلے یہ مسائل ابن تیمیہ حرّانی نے نکال کر امت مسلمہ میں تفرقہ اندازی شروع کی چنانچہ علامہ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے مناظرہ کیا اور دلائل قاہرہ سے شکست دی۔ مگر وہ باوجود شکست اور ناکامی کے توبہ کی طرف مائل نہ ہوا۔ تو جلال الدین قزوینی نے اس کو قید کر دیا اور اعلان کر دیا کہ جو ایسا عقیدہ رکھے کہ حضور علیہ السلام کے روضۂ انور پر جانا شرک ہے۔ اور اسکی زیارت سے روکے حَلَّ دَمُہٗ وَمَالُہٗ اس کو قتل کر دیا جائے اور اس کا مال لوٹ لیا جائے۔ جلال الدین بادشاہ کے انتقال کے بعد ابن تیمیہ کے شاگرد ابن قیم جوزی نے اس کے عقیدے کی اشاعت پر کمر باندھی۔ آخر یہ فتنہ رفتہ رفتہ نجد میں آ کر تمام عرب ممالک پر چھا گیا۔

اس کے نجد میں ظہور کی خبر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے ہی فرما دی تھی۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف مطبوعہ مجتبائی دہلی ص۵۸۲ میں بخاری سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

"ھُنَاکَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ وَبِہَا یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطٰنِ"

"وہاں سے زلزلے اور فتنے اٹھیں گے اور شیطان کا سینگ ابھرے گا"۔

چنانچہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیش گوئی کے مطابق ۱۱۱۱ھ میں بمقام عینیہ ملک نجد میں محمد بن عبدالوہاب پیدا ہوا اور ابتدائی تعلیم شیخ محمد سلیمان کردی شافعی اور شیخ محمد حیات سندھی سے حاصل کی۔ اس کے تعلیمی دور میں یہ دونوں استاد فرمایا کرتے تھے کہ یہ لڑکا ملحد اور بے دین ہو گا۔ یہی ہوا اور اس نے بڑا ہو کر ۱۱۴۳ھ میں ابن تیمیہ اور ابن قیم جوزی کی کتابیں شائع کیں اور خود "کتاب التوحید" اور "کشف الشبہات" وغیرہ تصنیف کر کے اس مذہب کی مستقل بنیاد ڈال دی اور رضاکار بھرتی کر کے آس پاس کے علاقوں میں ڈاکہ زنی شروع کر دی، آہستہ آہستہ ایک لشکر تیار کر کے حرمین طیبین پر قابض ہو گیا اور اپنی حکومت قائم کر لی اور پھر وہاں کے عوام پر بے پناہ ظلم کئے گئے علمائے ربانیین اور اولیائے عظام کو سر بازار شہید کیا گیا۔ خاتون جنت فاطمۃ الزہرا و ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ و اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزاراتِ طیبات کو توپوں سے اڑا کر زمین کے برابر کر دیا گیا۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے:

"کما وقع فی زماننا فی اتباع عبد الوھاب الذین خرجوا من نجد و تغلبوا علی الحرمین و کانوا ینتحلون الی الحنابلۃ لکن ھم اعتقدوا انھم ھم المسلمون وان من خالف اعتقادھم مشرکون واستباحوا بذالک قتل اھل السنۃ وقتل علماءھم حتی کسر اللہ شوکتھم وخرب بلادھم وظفر بھم عساکر المسلمین عام ثلث وثلثین ومائتین الف"

ترجمہ: "ہمارے زمانہ میں عبد الوہاب کے ماننے والوں کا واقعہ ہوا، کہ یہ لوگ نجد سے نکلے اور مکہ و مدینہ شریف پر غلبہ کر لیا اور اپنے کو حنبلی مذہب کی طرف منسوب کرتے تھے لیکن ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ہمارے سوا تمام مسلمان مشرک ہیں اس لیے انہوں نے اہل سنت کا قتل جائز رکھا اور بہت سے علمائے کرام کو قتل کر دیا یہاں تک کہ وہابیوں کی شوکت کو اللہ تعالیٰ نے توڑ دیا اور ان کے شہروں کو برباد کر دیا اور اسلامی لشکروں کو ان پر فتح دی اور یہ واقعہ ۱۲۳۳ھ کا ہے۔"

محمد علی پاشا والیٔ مصر نے ترکوں سے مشورہ کر کے ان لوگوں پر چڑھائی کر کے ایک ایک دشمن رسول کو چن چن کر ختم کیا اور تمام مسمار شدہ مزارات کو دوبارہ بنوایا اور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر پر نہایت قیمتی ریشمی چادریں چڑھائیں، اگرچہ سب گستاخ ختم ہو گئے مگر چند ایک حنفی بن کر مسلمانوں میں گھسے رہے اور خفیہ خفیہ اپنے عقائد باطلہ کی تبلیغ کرتے رہے اور ابن عبد الوہاب کی کتاب التوحید" اور کشف الشبہات کا پرچار کرتے رہے۔

یہی وہ کتابیں ہیں جن میں تمام مسلمانوں پر شرک و کفر و بدعت کے فتوے لگائے گئے اور تمام مسلمانوں کے قتل کو حلال کر دیا۔

ملاحظہ ہو کشف الشبہات، مصنفہ ابن عبد الوہاب ص۹۔

(صفحہ الٹیے)

وعرفت ان اقرارهم بتوحید الربوبیۃ لم یدخلهم فی الاسلام
وان قصدهم الملائکۃ والاولیاء یریدون شفاعتهم والتقرب
الی اللّٰہ بذالک هوالذی احل دماءهم واموالهم۔

اس کے تمام فتاویٰ کا دارومدار صرف ان مسائل پر تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے روضہ پاک پر سفر کر کے جانا شرک ہے، حضور علیہ السلام مجبور محض ہیں وہ کوئی نفع نہیں دے سکتے۔ جو آپ کو ساری دنیا کا علم غیب جاننے والا کہے وہ مشرک ہے کسی امام کی تقلید کرنا شرک ہے وغیرہ وغیرہ۔

اس وقت کے حق پرست علماء نے "کتاب التوحید" کے رد میں کئی رسالے لکھے، اور ابن عبدالوہاب کا پورا پورا مقابلہ کیا، حتیٰ کہ اس کے حقیقی بھائی سلیمان بن عبدالوہاب نے بھی اپنے بھائی کی پوری تردید کی اور اس کے رد میں ایک بہترین کتاب لکھی۔ جس کا نام ہے "الصواعق الالٰہیہ فی الرد علی الوہابیہ" اس کتاب میں وہابیت کو بے نقاب کر کے مذہب اہلسنّت کی زبردست حمایت کی گئی ہے، علّامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ اور امام احمد صاوی مالکی رحمۃ اللہ علیہ ودیگر بڑے بڑے جلیل القدر علماء نے اس فتنہ کی پرزور تردید کی اور ابن عبدالوہاب کو خارجی اور باغی قرار دیا چنانچہ ملاحظہ ہو شامی جلد ۳ صفحہ ۳۳۹ وتفسیر صاوی جلد ۳ صفحہ ۲۵۵ مطبوعہ مصر اور آج تک تمام حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی علماء اس کو باغی ہی لکھتے آئے ہیں، ہاں برِّصغیر کے ایک دیوبندی مولوی ہیں جن کا نام نامی اسمِ گرامی مولوی رشید احمد گنگوہی ہے۔ انہوں نے اپنے فتاویٰ رشیدیہ جلد ۱ صفحہ ۱۱۱ میں لکھا ہے کہ:

"محمد ابن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں، ان کے عقائد عمدہ تھے، مذہب ان کا حنبلی تھا۔"

"ان کے عقائد عمدہ تھے" معلوم ہوا کہ اس کے عقائد سے دیوبندیوں کو پورا اتفاق ہے مگر جب علماء حرمین نے گرفت کی اور سوال کیا کہ آپ ابن عبدالوہاب نجدی کے متعلق

کیا عقیدہ رکھتے ہیں اور وہ کیسا آدمی تھا تو حیلہ سازی سے کام لے کر علمائے عرب کو جھوٹ لکھ دیا کہ اسے خارجی و باغی سمجھتے ہیں۔ ہمارے نزدیک اس کا یہی حال ہے جو صاحب درمختار نے فرمایا ہے کہ وہ باغی و خارجی ہے۔ ملاحظہ ہو دیوبندیوں کی مشہور کتاب المہند صفحہ ۹ جلد ۲۔ یہ تمام کتاب اسی طرح جھوٹ اور فریب سے بھری پڑی ہے۔

یہ نظریات اور عقائد مکمل وہابیوں والے ہیں، مگر علمائے حرمین کو کچھ اور ہی لکھ دیجیے، اس کو کہتے ہیں، تقیہ جو دیوبندیوں کے ہاں کثرت سے موجود ہے۔ اگر مولویوں کی تقیہ بازیوں کو تحریر میں لایا جائے تو ایک بہت بڑی کتاب بن سکتی ہے مگر ابھی وقت اجازت نہیں دیتا، عنقریب اس مضمون پر ایک رسالہ لکھوں گا انشاء اللہ العزیز۔

بہرحال تقیہ بازی ان کے ہاں بہت زیادہ ہے آپ ذرا یہاں ہی غور کریں کہ مولوی فردوس علی صاحب نے چراغ سنت صفحہ ۱۳۳ میں لکھا ہے کہ "اس قسم کے وہابی لوگ ہمارے نزدیک خارجیوں کی قسم سے ہیں:

شامی نے کہا ہے کہ:

"محمد ابن عبدالوہاب نجدی کے پیرو نجد سے نکلے اور حنبلی مذہب ہونے کا بہانہ کرتے تھے"۔

آپ بتلائیے کہ مولوی فردوس علی صاحب یعنی چیلا تو کہتا ہے کہ محمد ابن عبدالوہاب خارجی ہے اور قطب الاقطاب، قطب الارشاد کہتے ہیں کہ اس کے عقائد عمدہ تھے۔

اب بتائیے کہ قطب الاقطاب کی مانیں یا اصاغر دیوبند کی۔ حقیقت یہ ہے کہ اصل میں عقائد وہی ہیں مگر عوام کو گمراہ کرنے کے لیے اور اپنے جال میں پھانسنے کے لیے یہ سب جھوٹ بولا جا رہا ہے۔ اگر یہ منظر پورا دیکھنا ہو تو ایک طرف تقویۃ الایمان، صراط مستقیم، براہین قاطعہ، فتاویٰ رشیدیہ اور بلغۃ الحیران وغیرہم رکھ لیں اور دوسری طرف "المہند" تو یہ حقیقت واضح ہو جائیگی اور پھر آپ بے اختیار نعرہ لگائیں گے کہ: دیوبندی تقیہ زندہ باد، جھوٹ پائندہ باد۔

... ابن عبدالوہاب کے عقائد پھیلتے گئے۔ اس کی کتاب "کتاب التوحید" کسی طرح ... بھی پہنچ گئی۔ مولوی اسمٰعیل صاحب نے اس کا ترجمہ ـــــ "تقویۃ الایمان" شائع کر دیا، ... وہ کتاب ہے جس نے سرزمین ہند میں مذہبی تفرقہ بازی کی بنیاد ڈالی۔ اس کتاب میں تمام مسلمانان عالم کو کافر و مشرک بدعتی بنا دیا گیا ہے اور انبیاء کرام کی شان میں ایسے ایسے ناپاک جملے استعمال کیے گئے ہیں جن کو پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

چنانچہ ہم نمونۃً چند عبارات درج کرتے ہیں تاکہ ثابت ہو جائے کہ جناب مولوی اسمٰعیل صاحب نے ہندوستان میں ابن عبدالوہاب صاحب کے ایجنٹ اور اس کے عقائد کے مبلغ اعظم ہیں اور ان کی کتاب تقویۃ الایمان، کتاب التوحید کا لفظی ترجمہ ہے۔

کتاب التوحید: اعلم ان الشرک قد شاع فی ھذا الزمان۔

تقویۃ الایمان: اول سننا چاہئیے کہ شرک لوگوں میں پھیل رہا ہے۔

کتاب التوحید: ان من اعتقد لنبی و ولی ھو والوجھل فی الشرک سواء

تقویۃ الایمان: جو کوئی کسی سے یہ معاملہ کرے گو کہ اس کو اللہ کا بندہ و مخلوق ہی سمجھے سو ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہیں۔

کتاب التوحید: وھذا الاعتقاد شرک سواء کان من نبی او ولی او ملک او جنی او صنم او وثن وسواء کان یعتقد حصوله له بذاته او باعلام الله تعالیٰ بای طریق کان یصیر مشرکاً۔

تقویۃ الایمان: سو اس عقیدہ سے آدمی البتہ مشرک ہو جاتا ہے، خواہ یہ عقیدہ انبیاء و اولیاء سے رکھے۔ خواہ پیر و شہید سے، خواہ امام و امام زادے سے خواہ بھوت پری سے، پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی طرف سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے۔ غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت

ہوتا ہے۔

کتاب التوحید: فمن قال یارسول اللہ اسئلک الشفاعۃ یا محمد ادع اللہ فی
قضاء حاجتی یا محمد اسئل اللہ بک واتوجہ الی اللہ بک
وکل من نادہ فقد اشرک شرکاً اکبر فانہ اعتقد ان محمداً
یعلم ویطلع علی نداۂ من بعید کما عن قریب
وھل ھذا الاشراک۔

تقویۃ الایمان: "جو بعضے لوگ اگلے بزرگوں کو دور دور سے پکارتے ہیں اور اتنا ہی کہتے ہیں کہ
یا حضرت تم اللہ کی جانب میں دعا کرو کہ وہ اپنی قدرت سے ہماری حاجت
پوری کر دے اور پھر یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے کوئی شرک نہیں کیا۔ اس واسطے کہ
حاجت نہیں مانگی دعا کرائی ہے سو یہ بات غلط ہے۔ اس واسطے کہ گو
اس مانگنے کی راہ سے شرک ثابت نہیں ہوتا لیکن پکارنے کی راہ سے
ثابت ہو جاتا ہے کہ ان کو ایسا سمجھا کہ دور اور نزدیک سے برابر
سنتے ہیں۔"

کتاب التوحید: فھذا الحدیث صریح فی انہ کان لا یعلم امر خاتمۃ فی
حال حیاتہ فکیف یعلم حالی تلک المشرکین۔

تقویۃ الایمان: جو کچھ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا خواہ دنیا میں خواہ آخرت میں خواہ
قبر میں ہو، اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں نہ نبی کو نہ ولی کو۔ نہ اپنا حال نہ
دوسرے کا۔

کتاب التوحید انظروا اعتذار النبی بمنع السجود لکونہ میتۃ فی قبرہ۔"

تقویۃ الایمان: "یعنی میں بھی ایک روز مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں تو کب سجدے کے
لائق ہوں۔"

کتاب التوحید: "ثبت بہذا الحدیث ان القیام متمثلاً بین یدی
احد شرک"

تقویۃ الایمان: "کسی کو محض تعظیم کے لیے اس کے روبرو ادب سے کھڑا ہونا انہیں کاموں
سے ہے کہ اللہ نے اپنی تعظیم کے لیے ٹھہرائے ہیں"

کتاب التوحید: "فثبت بہذہ الآیۃ ان السفر الی قبر محمد ومشاہد
ومساجدہ شرک اکبر"

تقویۃ الایمان: "اور کسی کی قبر یا چلے پر یا کسی کے تھان پر دور دراز سے قصد کرنا اور سفر
کی تکلیف اٹھا کر میلے کچیلے ہو کر وہاں پہنچنا یہ سب شرک کی باتیں ہیں"

کتاب التوحید: "فہذہ الآیات وامثالہا صریحۃ فی اختصاص علم الغیب
باللہ ونفیہ عن غیرہ فمن اثبتہ لغیرہ نبیاً کان او ولیاً
صنماً او وثناً ملکاً او جنیاً فقد اشرک باللہ"

تقویۃ الایمان: "سو اس طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کر لیجئے
یہ اللہ صاحب کی شان ہے۔ کسی ولی اور نبی کو جن و فرشتہ کو پیر و شہید کو
امام و امام زادے کو بھوت و پری کو اللہ صاحب نے یہ طاقت نہیں
بخشی، پھر کہا اور جو کوئی کسی نبی و ولی کو یا جن و فرشتہ کو، وغیرہ وغیرہ کو ایسا
جانے اور اس کے حق میں یہ عقیدہ رکھے سو وہ مشرک ہو جاتا ہے"

کتاب التوحید: فمن فعل بنبی او ولی لقبرہ او آثارہ ومشاہدہ مما یتعلق
بہ شیئاً من السجود والرکوع وبذل المال لہ والصلوٰۃ
لہ والتمثل قائماً وقصد السفر الیہ والتقبیل والرجعۃ
القہقری وقت التودیع وجذب الغبار وارخاء ستارۃ و
الستر بالثوب والدعاء من اللہ ھٰھنا المجاورۃ والتعظیم

سوالبه واعتقادکون ذکر غیر اللّٰہ عبادۃ ونذکرہ فی الشدائد
ودعائه بنحو یا محمد یا عبدالقادر یا حداد
یاسمان فقد صار مشرکاً "

تقویۃ الایمان: "پھر جو کوئی پیر و پیغمبر کو بھوت یا پری کو یا کسی سچی قبر کو یا کسی کے تھان کو یا کسی کے چلّے کو یا کسی کے مکان کو یا کسی کے تبرک کو یا نشان کو یا تابوت کو سجدہ کرے، رکوع کرے یا اس کے نام کا روزہ رکھے یا ہاتھ باندھ کر کھڑا ہوئے یا جانور چڑھاوے یا ایسے مکانوں میں دور دور سے قصد کر کے جاوے یا وہاں روشنی کرے، غلاف ڈالے، چادر چڑھائے ان کے نام کی چھڑی کھڑی کرے، رخصت ہوتے وقت الٹے پاؤں چلے، ان کی قبر کو بوسہ دے، مورچھل جھلے، شامیانہ کھڑا کرے، چوکھٹ کو بوسہ دے، ہاتھ باندھ کر التجا کرے، مراد مانگے، مجاور بن کر بیٹھ رہے، وہاں کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرے اور اسی قسم کی باتیں کرے، تو اس پر شرک ثابت ہوتا ہے۔"

ناظرین! جب یہ شرک کا شور اٹھا تو اس وقت ہندوستان میں بڑے بڑے جید علمائے اہلِ سنّت موجود تھے انہوں نے اس کتاب کا مکمل ردّ فرمایا اور اس کی تردید میں کئی کتابیں تصنیف کیں، جن کی فہرست ملاحظہ ہو:

۱۔ "گلزارِ ہدایت" مفتی مدراس حضرت مولانا محمد صبغۃ اللہ صاحب۔
۲۔ "تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ" حضرت مولانا فضل حق بن فضل امام فاروقی خیر آبادی۔
۳۔ "حیات النبی" حضرت مولانا شیخ محمد عابد سندھی مدرس مدینہ منورہ۔
۴۔ "رسالہ تحقیق التوحید والشرک" حضرت مولانا حافظ محمد حسن المعروف ملّا دراز فارسی

۵۔ "سلاح المومنین فی قطع الخارجین" حضرت مولانا سید لطف الحق صاحب قادری حسنی۔

۶۔ "حجۃ العمل فی ابطال الحیل" حضرت مولانا محمد موسیٰ صاحب دہلوی۔

۷۔ "رسم الخیرات" حضرت مولانا خلیل الرحمن حنفی یوسفی مصطفیٰ آبادی۔

۸۔ "تحفۃ المساکین فی جذاب سید المرسلین" حضرت مولانا مولوی محمد عبداللہ سہارنپوری۔

۹۔ "تحلیل ما احل اللہ فی تفسیر و ما اہل بہ لغیر اللہ" حضرت مولانا خلیل الرحمن صاحب۔

۱۰۔ "سبیل النجاح الی تحصیل الفلاح" حضرت مولانا مولوی تراب علی لکھنوی۔

۱۱۔ "سفینۃ النجات" حضرت مولانا محمد اسلمی صاحب مدارس۔

۱۲۔ "نظام اسلام" حضرت مولانا محمد وحید الدین صاحب مدرس مدرسہ کلکتہ۔

۱۳۔ "قوت الایمان" حضرت مولانا مولوی کرامت علی صاحب جونپوری۔

۱۴۔ "احقاق الحق" حضرت مولانا مولوی سید بدر الدین رضوی حیدرآبادی۔

۱۵۔ "خیر الزاد لیوم المیعاد" حضرت مولانا ابو العلاء محمد الملقب بخیر الدین مدارس۔

۱۶۔ "نعم الانتباہ لدفع الاشتباہ" حضرت مولانا مولوی معلّم ابراہیم خطیب مسجد بمبئی۔

۱۷۔ "ہدایت المسلمین الی الطریق الحق الیقین" حضرت مولانا قاضی محمد حسین کوقی۔

۱۸۔ "تحفہ محمدیہ در ردّ وہابیہ" حضرت مولانا سید عبدالفتاح مفتی قادری گلشن آبادی۔

۱۹۔ "سراج الہدایت" حضرت مولانا گلشن آبادی۔

ان علمائے حقہ کے علاوہ مولانا عنایت احمد، مولانا شاہ رؤف احمد، مولانا شاہ احمد سعید دہلوی وغیرہم۔ تقویۃ الایمان کی عبارات کو غلط ثابت کر کے پر زور تردید کی اور کوشش کی کہ یہ مذہب پھیلنے نہ پائے۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ــــــ شاہ اسمٰعیل

ادھر اکثر سنی علماء نے حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں شاہ اسمٰعیل صاحب کی شکایت کی تو آپ نے مولوی اسمٰعیل صاحب کو سخت الفاظ سے ڈانٹا اور فرمایا:

''میری طرف سے کہو اس لڑکے (اسمٰعیل) نامراد کو جو کتاب (کتاب التوحید) بمبئی سے آئی ہے میں نے بھی اس کو دیکھا ہے اس کے عقائد صحیح نہیں۔ بلکہ وہ بے ادبی و بے نصیبی سے بھری پڑی ہے۔ میں آج کل بیمار ہوں۔ اگر صحت ہو گئی تو میں اس کی تردید لکھنے کا ارادہ رکھتا ہوں تم ابھی نوجوان بچے ہو، ناحق شور و شر بپا نہ کرو۔''

مدراس کے علماء کا تقویۃ الایمان کے متعلق فتویٰ

۱۲۵۱ھ میں مدراس کے نواب صاحب نے مدراس کے تمام علماء کو جمع فرمایا ان کے سامنے کتاب تقویۃ الایمان پیش کی اور فتویٰ طلب کیا اُن علماء کے مجمع میں تمام تقویۃ الایمان اول سے آخر تک پڑھی گئی تو تمام علماء نے متفقہ طور پر یہ فتویٰ دیا کہ:

'' ہر کس کہ بر مضامین کتاب تقویۃ الایمان و امثال آں کہ متضمن بتنقیص انبیاء و اولیاء اولیاء و مخالف عقائد اہل سنّت و جماعت است۔ معتقد شود بیشک کافر گردد و از دائرہ اسلام بیرون گردد۔''

اس فتویٰ پر جن علماء کے دستخط موجود ہیں ان کے اسمائے گرامی ملاحظہ ہوں:

۱۔ افضل العلماء مولانا محمد ارتضیٰ علی خاں بہادر قاضی القضاۃ ممالک محروسہ متعلقہ حکومت مدراس۔

۲۔ عمدۃ العلماء بدر الدولہ مولانا محمد نواز خاں صاحب مفتی شرع۔

۳۔ مولانا سید عبید خاں صاحب قاضی شرع ۔

۴۔ مولانا سید محی الدین صاحب قادری ۔

۵۔ مولانا محمد عرفان اللہ صاحب ۔

۶۔ مولانا محمد عطاء اللہ صاحب ۔

۷۔ مولانا محمد عبدالقادر صاحب ۔

۸۔ مولانا میراں شاہ محی الدین صاحب قادری ۔

۹۔ مولانا محمد عبدالودود صاحب نقوی ۔

۱۰۔ مولانا محمد شہاب الدین صاحب ۔

۱۱۔ مولانا محمد حسن علی صاحب ۔

۱۲۔ مولانا محمد علی صاحب کلیمی ۔

۱۳۔ مولانا محمد سعید صاحب اسلمی ۔

۱۴۔ مولانا محمد یعقوب صاحب ۔

۱۵۔ مولانا سید شاہ اسمٰعیل صاحب قادری ۔

۱۶۔ مولانا قادر حسین خاں صاحب جنگ بہادر امیر نواز ۔

۱۷۔ مولانا سید شاہ فضل اللہ صاحب قادری ۔

۱۸۔ مولانا عبدالقادر صاحب حکیم ۔

۱۹۔ مولانا سید عبدالقادر صاحب قادری ۔

۲۰۔ مولانا محمد یوسف علی خاں صاحب

۲۱۔ مولانا سید محمود صاحب ۔

۲۲۔ مولانا سید مرتضیٰ صاحب ۔

۲۳۔ مولانا عبدالحمید صاحب ۔

۲۴۔ مولانا عبدالوہاب صاحب۔

۲۵۔ مولانا سید احمد صاحب۔

۲۶۔ مولانا جمال الدین احمد صاحب۔

۲۷۔ مولانا ابوالمعالی صاحب۔

۲۸۔ مولانا سید احمد قادری۔

۲۹۔ مولانا غلام علی صاحب۔

۳۰۔ مولانا محمد قادر علی صاحب۔

یہ وہ معتقدر علمائے کرام ہیں جنہوں نے کتاب تقویۃ الایمان کے مضامین کو سن کر یہ اعلان فرمایا:

"جو کوئی اس کے مضامین کا معتقد ہو وہ کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔"

"تقویۃ الایمان" پر علمائے دہلی کا فتویٰ

مدراس کے علمائے عظام کی تائید میں دہلی کے علماء نے بھی یہی فتویٰ دیا اور دہلی کے کوچہ و بازار میں اعلان کر دیا گیا کہ کوئی آدمی اس کتاب کو نہ پڑھے کیونکہ اس میں تنقیص انبیاء و اولیاء ہے اور جس کتاب میں تنقیص انبیاء و اولیاء ہو، اس کا پڑھنا سننا ناجائز ہے اور اس فتویٰ پر جن علماء کرام کے دستخط ہیں ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

۱۔ حضرت مولانا محمد اسحٰق صاحب مفتی شہر دہلی۔ ۲۔ مولانا صدرالدین صاحب۔ ۳۔ مولانا محمد اکرام الدین صاحب۔ ۴۔ مولانا عبدالخالق صاحب۔ ۵۔ مولانا محمد حیات لاہوری۔ ۶۔ مولانا حسن علی صاحب۔ ۷۔ سراج العلماء مولانا سید رحمت علی خاں صاحب مفتی عدالت عالیہ سلطانیہ دہلی۔ ۸۔ مولانا شیر محمد صاحب۔ ۹۔ مولانا سید محمد صاحب۔ ۱۰۔ مولانا مملوک علی صاحب۔ ۱۱۔ مولانا احمد سعید صاحب مجددی۔ ۱۲۔ مولانا محمد علی صاحب

۱۳- مولانا زین العابدین صاحب کاظمی ۔ ۱۴- مولانا محبوب علی صاحب ۔

تقویۃ الایمان پر علمائے کلکتہ کا فتویٰ

جب تقویۃ الایمان کو کلکتہ کے علماء نے دیکھا تو حضرت استاذ العلماء مولانا محمد وجیہہ صاحب مدرس اول مدرسہ کلکتہ نے اس کے مضامین خبیثہ کے جوابات قرآن وحدیث کی روشنی میں نہایت مدلل طور پر تحریر فرمائے اور ان کو رسالہ "نظام الاسلام" کے نام پر چھپوا کر تمام علماء کے سامنے پیش کیا تو کلکتہ کے جن علماء نے اس پر دستخط اور مہریں ثبت کیں، ان کے اسمائے گرام ملاحظہ ہوں:

۱- مولانا غلام سبحان صاحب قاضی القضاۃ صدر کلکتہ ۔

۲- مولانا احمد کبیر صاحب امین مدرسہ کلکتہ ۔

۳- مولانا وارث علی صاحب مفتی عدالت سلطنت کلکتہ ۔

۴- مولانا محمد وجیہہ صاحب مدرس اول مدرسہ کلکتہ ۔

۵- مولانا بشیر الدین صاحب مدرس دوم مدرسہ کلکتہ ۔

۶- مولانا نور الحق صاحب مدرس سوم مدرسہ کلکتہ ۔

۷- مولانا محمد مرتضیٰ صاحب مدرس چہارم مدرسہ کلکتہ ۔

۸- مولانا محمد ابراہیم صاحب معاون ۔

۹- مولانا خادم حسین صاحب ۔

۱۰- مولانا محمد مظہر صاحب ۔

۱۱- مولانا احمد حسین صاحب ۔

۱۲- مولانا محمد اکبر شاہ صاحب ۔

۱۳- مولانا خادم حسین صاحب ۔

۱۴- مولانا منصور احمد صاحب ۔

۱۴۔ مولانا منصور احمد صاحب۔

۱۵۔ مولانا سیّد رمضان علی صاحب۔

۱۶۔ مولانا حافظ محمد صدیق صاحب۔

۱۷۔ مولانا احمد صاحب۔

۱۸۔ مولانا خادم حسین صاحب۔

۱۹۔ مولانا حسن الدین صاحب مفتی اعظم مفتی بیست و چہار پرگنہ۔

۲۰۔ مولانا صوفی نور احمد صاحب۔

۲۱۔ مولانا سیّد عبداللہ صاحب۔

۲۲۔ مولانا محمد عبداللہ صاحب۔

ان تمام فتووں کو حضرت مولانا سیّد عبدالفتاح صاحب المدعو سیّد اشرف علی صاحب مفتی قادری گلشن آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے تحفۂ محمدیہ[1] در ردّ وہابیہ کے نام سے جمع فرمادیا۔

تقویۃ الایمان پر حضرت مولانا غلام محی الدین قصوری رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

اس صدی میں بیشتر سب جو کہ تھے علمائے دین
متفق تھے مذہب سنّت جماعت پر یقین
اب کہ ہندوستان میں پیدا ہوئے ہیں مخطئیں
تفرقہ ڈالا انھوں نے ہائے بین المسلمین ؎
مت سن ان کی مذہب سنّت جماعت کو سنبھال
بدعتی مشرک وہابی سب کے سر پر خاک ڈال

---

[1] اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ بندہ کے پاس موجود ہے۔ (من شاء فلینظر)

تقویۃ الایمان نصیحت مسلمین مردود کتاب
نقل ہیں مردود ناحق ہیں مخالف ناصواب
مت سن ان کی، مذہب سنت جماعت کو سنبھال
ذرہ اسماعیل وہابی کا ہند سے کر سفر
گئے تھے ملک عرب میں ڈالا پھر شور و شر
آخرش مکے معظمہ سے نکالے مار کر
پھر بھی ان سنگین دلوں کو کچھ نہ ہوا ہے اثر
مت سن ان کی، مذہب سنت جماعت کو سنبھال
بدعتی، مشرک، وہابی سب کے سر پر خاک ڈال
صورت انسان ہیں پر سیرت شیطان ہیں
نام تو مومن ہیں لیکن دشمن ایمان ہیں
دشمن دین نبی ہیں دشمن قرآن ہیں
چار مذہب سے جدا یہ سخت نافرمان ہیں
مت سن ان کی، مذہب سنت جماعت کو سنبھال
بدعتی، مشرک، وہابی سب کے سر پر خاک ڈال

تقویۃ الایمان پر علمائے حرمین طیبین کا فتویٰ

"لا شک فی بطلانہ

المنقول من تقویۃ الایمان

بکونہ موافقا للنجدیۃ ومأخوذا من کتاب التوحید لسقر نی الشیطان ومؤلف ھذا الکتاب دجال کذاب استحق اللعنۃ من اللہ تعالی وملائکتہ واولی العلم وسائر المسلمین"

ترجمہ: "تقویۃ الایمان میں منقول تمام چیزیں غلط ہیں، قرآن الشیطان کی کتاب التوحید کے موافق ہے اور اس کا مؤلف دجال اور جھوٹا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتوں اور عالموں اور تمام مسلمانوں کی لعنت کا مستحق ہے۔"

ان الفاظ پر جن علماء مکہ اور مدینہ کے دستخط ہیں اور مہریں لگی ہوئی ہیں ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:

عبدہٗ شیخ عمر	احمد دحلان مفتی مکہ
عبدہٗ عبدالرحمٰن	محمد البکی مفتی مکہ
السید ابوسعود المفتی مدینہ عالیہ	محمد بالی
سید یوسف العربی	سید ابو محمد طاہر الصدیقی
ابوالسعادت محمد	عبدالقادر تبادی
مولوی محمد اشرف خراسانی ولایتی	شمس الدین بن عبدالرحمٰن[1]

علمائے اہل سنت دہلی کا مولوی اسمٰعیل سے مناظرہ

اولاً حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں نے مولوی اسمٰعیل اور اس کے ساتھیوں کو سمجھایا کہ وہ ایسے عقائد سے باز آجائیں اور انبیاء و اولیاء کی تنقیص نہ کریں مگر انہوں نے کوئی اثر قبول نہ کیا تو نوبت مناظرہ تک پہنچی۔

۱۲ ربیع الثانی ۱۲۴۰ھ جامع مسجد دہلی میں ایک زبردست مناظرہ ہوا، ایک طرف مولوی اسمٰعیل صاحب اور ان کے ساتھی مولوی عبدالحئی صاحب اور مولوی عبدالغنی صاحب مہمی وغیرہم تھے اور ان کے مقابلے میں حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد اور دوسرے جید علماء اہل سنت تھے۔ اس مناظرہ میں مولوی اسمٰعیل صاحب اور اس کے ساتھیوں کو

---

[1] مجموعہ کالیر بشکر دجال صفحہ ۱۸۱ مطبوعہ لاہور۔ انوار آفتاب صداقت صفحہ ۵۳۳۔

زبردست شکست ہوئی۔ حتیٰ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب سٹیج پر مولوی عبدالحئی صاحب اور مولوی عبدالغنی صاحب کو چھوڑ کر خفیہ طور پر مفرور ہو گئے اور مولوی عبدالحئی صاحب نے تو توبہ کر لی اور توبہ نامہ لکھا گیا جس کو علمائے کرام کے دستخطوں سے ملک کے اطراف میں شائع کر دیا گیا۔

اس مناظرہ میں مندرجہ ذیل مسائل کو علمائے اہل سنت نے دلائل قاہرہ سے ثابت کیا:

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا میلاد شریف منانا اور اس میں سلام وقیام کرنا مورد الطاف ومراحم الٰہی ہے۔

۲۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود باسعود صرف بشری ہی نہیں جیسا کہ مولوی اسمٰعیل نے شور مچا رکھا ہے بلکہ گوہر نورانی ہیں اور آپ کا نور مخلوق اور خاص فیض ہے نور الٰہی کا۔

۳۔ مطلق علم غیب عطائی انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے۔ اس کا منکر کافر بے دین ہے۔

۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علم غیب کلی عطا فرمایا ہے۔ آپ تمام دنیا و مافیہا کے ذرہ ذرہ سے باخبر ہیں اور آپ کو حاضر و ناظر ماننا کتاب و سنت وعقائد جمہور اہل اسلام سلف وخلف سے ثابت ہے۔

۵۔ اذان میں آپ کے نام پاک کو سن کر ناخنوں کو بوسہ دے کر آنکھوں پر لگانا باعث برکت ہے اور سنت اکابرین اسلام ہے اور آنکھوں کو بیماری سے بچاتا ہے۔

۶۔ انبیائے کرام اور اولیائے عظام کا وسیلہ پکڑنا اور ان سے غائبانہ مدد مانگنا بایں طور کہ وہ عون الٰہی کے مظہر ہیں قبل از ممات وبعد از ممات ہر طرح جائز ہے۔

۷۔ مزارات اولیاء اللہ پر قرآن خوانی کرنا، ان کے نام کی فاتحہ ایصال ثواب کرنا، طعام پر قرآن

پڑھنا، بزرگوں کے وفات کے روز عرس کرنا، قبروں پر روشنی کرنا، بضرورت اکرام دینی زائرین کے یہ امور بے شک جائز ہیں۔

۸۔ وظیفہ، یا رسول اللہ، یا شیخ عبدالقادر جیلانی، یا شیخ معین الدین چشتی بے شک جائز ہیں۔

مولوی اسمٰعیل صاحب اس مناظرہ میں شکست کے بعد پشاور کی طرف بھاگ گئے۔ وہاں جاکر اپنے عقائد باطلہ کی تبلیغ شروع کر دی[1]۔

علمائے اہل سنت پشاور کا مولوی اسمٰعیل سے مناظرہ

جب علاقہ پشاور کے صحیح العقیدہ سنّی علماء کو اس کے عقائد کا پتہ چلا تو تمام علماء نے ایک جگہ جمع ہو کر مولوی اسمٰعیل کو بلایا اور ایسے عقائد باطلہ سے توبہ کی طرف توجہ دلائی۔ مگر مولوی اسمٰعیل صاحب مناظرہ پر اتر آئے، آخر مناظرہ میں ایسی عبرتناک ناکامی کا سامنا کرنا پڑا کہ توبہ کے سوا کوئی چارہ کار نظر نہ آیا تو مجبوراً اپنے عقائد سے توبہ کا اعلان کر دیا[2]۔

جناب غلام رسول مہر لاہوری سیرت سید احمد کے ص۲۹۹ پر لکھتے ہیں کہ جب سید احمد و اسمٰعیل وغیرہ افغانی علاقہ میں پہنچے تو وہاں کے بڑے بڑے جیّد اور متبحر علماء نے ان کے متعلق یہ فتویٰ دیا کہ:

"سید صاحب اور آپ کے رفقاء الحاد و زندقہ میں مبتلا ہیں اور ان کا کوئی مذہب نہیں، یہ لوگ نفسانیت کے پیرو ہیں اور لذت جسمانی کے جویاں"۔

ناظرین! تقویۃ الایمان کی گندی عبارات و خبیث عقائد کے متعلق تمام ہندوستان

---

[1] صمصام قادری ص۹ مطبوعہ دہلی، انوار آفتاب صداقت، تحفہ محمدیہ مولانا گلشن آبادی۔

[2] ملاحظہ ہو ہدایت الصالحین برحاشیہ توقیر الحق مصنفہ نواب قطب الدین دہلوی ص۱۹

کے علمائے کرام کی تردید یں پڑھتے پڑھتے آپ ضرور تھک گئے ہوں گے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہی وہ ناپاک کتاب ہے جس نے سرزمین ہند میں تفرقہ بازی کی پہلی اینٹ رکھی اور آج تک یہ لعنت دور نہ ہو سکی۔ اس نازک دور میں جب کہ سیلاب دہریت امڈا ہوا چلا آرہا ہے اور علمائے اسلام کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی دن رات سر توڑ کوششیں کی جارہی ہیں۔ بعض ناعاقبت اندیش کوتاہ نظر ملا وقت کی نزاکت کو پس پشت ڈال کر اس کتاب کی ناپاک عبارات کی غلط تاویلات کر کے ان کو صحیح ثابت کرنے کے درپے ہیں۔ بلکہ دیوبندی یہاں تک اعلان کرتے ہیں کہ اگر یہ کتاب نہ ہوتی تو قریب تھا کہ تمام ہندوستان پجاریوں کا مندر بن جاتا

مصنف چراغ سنت ایک قدم اور آگے بڑھتے ہیں اور اپنے رسالہ حیات النبی کے صہ۹ پر لکھتے ہیں کہ تقویۃ الایمان کی ایک ایک عبارت کی تائید میں قرآن کریم کی آیات، احادیث، محدثین، مفسرین اور صوفیائے کرام کے بے شمار اقوال موجود ہیں۔ اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی جو مولوی فردوس علی کے بہت بڑے مرشد ہیں، انہوں نے تو یہاں تک ڈگری دے دی کہ کتاب تقویۃ الایمان کا پڑھنا اپنے پاس رکھنا عین اسلام ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ صہ۲ جلد ا)

یعنی جس کے پاس تقویۃ الایمان نہیں ہے وہ پکا کافر، حضرات پاکستانی سچانوے فیصد آبادی کے پاس عین اسلام کتاب نہیں ہے، کیا وہ تمام کافر ہیں؟ اور مولوی غلام خاں دیوبندی کے فتویٰ کے مطابق جوان کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر، اس کا کوئی نکاح نہیں، اس کا جنازہ نہ پڑھا جائے۔ رہ گئی یہ بات کہ تقویۃ الایمان کی ایک ایک عبارت کی تائید میں آپ کا قرآنی آیات پیش کرنے کا دعویٰ تو اس بلند بانگ دعویٰ کی حقیقت تو ہم نے رسالہ حیات النبی میں ان عبارت کی تاویلات فاسدہ میں ہی دیکھ لی ہے جن کا پورا پورا نوٹس اگلے صفحات پہ لیا جائے گا اور اس مکروہ چہرہ پہ پڑے ہوئے نقاب کو پھاڑ کر جب گندی نعش آپ کے سامنے لائی جائیگی تو تعفن و بدبو کے سبب ناک پر رومال رکھنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا۔

اگر یہی بات ہے کہ تقویۃ الایمان قرآن پاک کے عین مطابق ہے تو مدراس، کلکتہ، دہلی کے علمائے کرام کے فتووں کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ جنہوں نے تصریحاً یہ لکھا کہ جو کوئی مضامین تقویۃ الایمان پر عقیدہ رکھے دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ کیا یہ سب علماء جنہوں نے آپ کی محبوب عقائد رکھنے والی کتاب کی تردید میں انیس کتابیں تصنیف کیں اور جن چوراسی علمائے کرام نے جن میں مدراس، دہلی، بمبئی اور کلکتہ کے قاضی القضاۃ کے علاوہ مفتی مکہ معظمہ اور مفتی مدینہ منورہ بھی شامل ہیں۔ فتوائے کفر صادر فرمایا، کیا یہ سب بریلوی رضاخانی تھے؟ کیا یہ تمام علماء جاہل تھے؟ اور کیا یہ بالواسطہ نجدیت کی تبلیغ نہیں ہے؟ کتاب تقویۃ الایمان تو ابن عبدالوہاب نجدی کی کتاب، کتاب التوحید کا ترجمہ ہے۔ جسے ہم دلائل سے ثابت کر چکے ہیں اور یہی عبارات خبیثہ و عقائد باطلہ جن کی حمایت میں آپ لوگ اتنا بڑا دعویٰ کرتے ہیں۔ ابن عبدالوہاب نجدی کے ہیں۔

ناظرین کرام! کیا آپ نے غور کیا یہاں تو ساری دیوبندیت کا بھانڈا پھوٹ پڑا اور ثابت ہو گیا کہ وہ بالفعل ابن عبدالوہاب نجدی کے مبلغ ہیں۔ ظاہر میں اس کو خارجی کہہ رہے ہیں اور اندرون پردہ اپنے مرشد رشید احمد گنگوہی کی طرح ابن عبدالوہاب کے عقائد کو عمدہ جانتے ہوئے ان کی اشاعت میں مصروف ہیں یہ دیوبندیوں کے عقائد پر مہریں اس وقت لگائی گئیں جب کہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا دنیا میں ابھی ظہور بھی نہیں ہوا تھا۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے الکوکبۃ الشہابیہ میں جو ستر وجوہ کفر بیان کئے ہیں اس پر یہ سیخ پا ہو گئے اور آسمان سر پہ اٹھا لیا کہ ہائے اعلیٰ حضرت نے ہمیں کافر کہا، گالیاں دیں، باوجودیکہ آپ نے الکوکبۃ الشہابیہ کے اخیر میں احتیاطاً یہاں تک تحریر فرمادیا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب کو کافر کہنے سے زبان کو روکا جائے کیونکہ اس کی پشاور والی توبہ مشہور ہو چکی تھی، اس کے باوجود علمائے دیوبند ہیں کہ اعلیٰ حضرت جیسی مقدس شخصیت کو بدنام کرنے کے لیے آئے دن ناکام کوششیں کر رہے ہیں۔ تاکہ اپنے کفر و شرک و بدعت کے فتووں کی بارش کے گندے کیچڑ کو خشک کیا جا سکے۔ مگر ؎

رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا

جب مولوی اسمٰعیل صاحب مصنّف تقویۃ الایمان

دیوبندیوں کی بہاولپور میں شکست

ایک یوسف زئی مسلمان پٹھان کے ہاتھوں قتل

ہوئے تو کچھ دیر کے لیے یہ شور شرابا ٹھنڈا پڑ گیا تو انگریز بہادر کو اپنے ان ایجنٹوں کے مرنے کا سخت افسوس ہوا تو دیوبندی مولویوں نے تسلّی دی کہ صاحب بہادر! وہ کام جو مولوی اسمٰعیل صاحب سرانجام دے رہے تھے پورا کرنے کے لیے ہماری خدمات حاضر ہیں۔ انگریز خوش ہو گیا اور ان دیوبندی مولویوں کے وظائف اور تنخواہیں مقرر کر دی گئیں جن کی تفصیل آپ اسی کتاب میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔

بس پھر کیا تھا خاص انگریزی سکیم کے ماتحت تمام مسلمانانِ عالم پر کفر و شرک و بدعت کے فتوے صادر ہونے شروع ہو گئے اور انگریز کی یہ پالیسی کہ "لڑاؤ اور حکومت کرو" کو عملی جامہ پہنایا جانے لگا۔ انبیائے کرام اور اولیائے عظام کی ہجو میں نہایت ناپاک کتابیں شائع ہونی شروع ہو گئیں۔ جن کا پڑھنا سننا، دیکھنا کوئی مسلمان گوارا نہیں کر سکتا۔

اسی زمانہ میں ایک اور کتاب براہین قاطعہ مصنّفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی مصدّقہ مولوی رشید احمد گنگوہی منظرِ عام پر آئی جس میں سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے علم کو علم شیطان سے کم بتایا گیا اور مسئلہ امکان کذب باری تعالیٰ و امکانِ نظیر صلی اللہ علیہ وسلّم اور تمام بنی آدم کا بشریت میں برابر ہونا اور آپ کے مولود شریف کی مجلس کو کھنیا کے جنم سے تشبیہہ دی گئی اس کے شائع ہوتے ہی تمام ہندوستان میں شور مچ گیا اور لعنت لعنت کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں۔ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کو علمائے حقہ نے ہر چند سمجھانے کی کوشش کی مگر وہ اپنی ضد پر اڑا رہا۔ وہ اس وقت جامع عباسیہ بہاولپور کا مدرس اوّل تھا۔

آخر ۱۳۰۶ھ میں بہاولپور کے نواب صاحب نے حضرت مولانا غلام دستگیر صاحب قصوری رحمۃ اللہ علیہ کو بلا کر مولوی خلیل احمد انبیٹھوی سے ان مسائل پر مناظرہ کرایا اور اس

مناظرہ کے حکم (ثالث) شیخ المشائخ حضرت خواجہ غلام فرید صاحب رحمۃ اللہ علیہ سجادہ نشین چاچڑاں شریف مقرر ہوئے۔ اس تاریخی مناظرہ میں دیوبندی مولویوں کو ایسی شکست عظیم کا سامنا کرنا پڑا جس کی یاد آج بھی دیوبندی مولویوں کے چین کو حرام کئے ہوئے ہے اور جب کبھی کسی دیوبندی مولوی کے سامنے اس مناظرے کا ذکر کیا جائے تو ہوائیاں اڑنے لگتی ہیں۔ جب مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی مولانا غلام دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سوالات کے جوابات سے عاجز آگئے تو نواب صاحب بہاولپور نے مولوی خلیل احمد صاحب کو نہایت ذلّت کے ساتھ ریاست بدر کر دیا اور حضرت صاحب چاچڑاں شریف نے باتفاق دوسرے علماء اہل سنّت کے فتویٰ دیا کہ مولوی خلیل احمد اور اس کے حوارین کے عقائد اسلامی نہیں، چنانچہ اس مناظرہ کی مکمل روئداد حضرت مولانا غلام دستگیر رحمۃ اللہ علیہ نے زبان عربی میں تیار کی اور ۱۳۰۶ھ حج شریف کے موقعہ پر علمائے حرمین شریفین حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی نے اپنے دستخط اور مہریں ثبت فرمائیں اور تصریحاً تحریر فرما دیا کہ دیوبندیوں کے عقائد اسلام کے خلاف ہیں۔ پھر حضرت مولانا غلام دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان تمام فتاویٰ اور مناظرہ کی مکمل روئداد "تقدیس الوکیل عن توہین الرشید والخلیل" کے نام سے شایع کر دی جو ۱۳۱۴ھ میں صدیقی پریس قصور میں چھپی۔

اب ان فتووں کو ملاحظہ فرمائیں جو "تقدیس الوکیل" میں موجود ہیں۔ سب سے پہلے ہم حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکّی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ درج کرتے ہیں جو مولوی رشید احمد گنگوہی وغیرہ کے پیر و مرشد ہیں اور تمام دیوبندیوں کے مسلمہ بزرگ۔ انہوں نے مولانا غلام دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کی عرب شریف میں دو دفعہ دعوت کی اور بڑے عزت و احترام سے اپنے پاس ٹھہرایا۔

حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکّی علیہ الرحمۃ کا فتویٰ

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد جاننا چاہیئے کہ شرعاً و عرفاً و عقلاً

امکان کذب باری تعالیٰ محال اور ممتنع ہے اور ایسا ہی امکان نظیر سرورِ عالم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم محال و ممتنع ہے۔ علامہ تمرتاشی صاحبِ تنویر الابصار معین المفتی فی جواب المستفتی میں لکھتے ہیں:

ولا یوصف اللہ تعالیٰ بالقدرۃ علی الظلم والکذب لان المحال لا یدخل تحت القدرۃ وعند المعتزلۃ یقدر ولا یفعل۔

اور علامہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر کبیر میں امکان کذب باری تعالیٰ کے عقیدہ کو کفر کے قریب لکھا ہے۔

۲۔ بشریت وغیرہ میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے جملہ بنی آدم کو مساوی جاننا محققین کی تصریح کے خلاف ہے اور آیت قل انما انا بشر مثلکم تواضع پر محمول ہے۔ جیسا کہ تفسیر کبیر نیشاپوری، معالم التنزیل اور خازن وغیرہا میں ہے۔

۳۔ شیطان لعین کی وسعت علم اور اور احاطۂ زمین کو نصوص قطعیہ سے ثابت جاننا اور عالم علوم الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم کو بلا دلیل محض خیال فاسد سے ثابت کہنا اور اس کو شرک سے تعبیر کرنا اور آپ کے علم شریف کو معاذ اللہ شیطان کے علم سے کم لکھ دینا یہ آپ کی سخت توہین ہے۔ کیونکہ شرعاً ثابت ہے کہ آپ اعلم المخلوقات ہیں۔ پس بشہادت قرآن وحدیث اکابر علمائے اہلِ سنّت نے تصریح کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم ما کان وما یکون کا حاصل ہے۔ جیسا کہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا میں اور علامہ قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی شرح میں اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے "مدارج النبوۃ" میں تصریح فرمادی۔

۴۔ مجلس مولود شریف مروجہ عرب و عجم کو کنہیا کے جنم سے مشابہت

دینی اور اس کو بدعت سیئہ کہنا اور اس مجلس میں قیام کو جو بنظر تعظیم ذکر خیر و رعایت ادب کے مستحسن جانا گیا ہے۔ حرام بلکہ شرک و کفر لکھ دینا اور فاتحہ اولیاء و صلحاء و سائر مومنین کو برہمنوں کے اشلوک پڑھنے سے مشابہہ کہنا سخت قبیح کلمات ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ مخالف شرع کاموں سے سچی توبہ نصیب کرے۔

آمین ثم آمین"

یہ مضمون تحریر کرکے حضرت مولانا غلام دستگیر صاحب قصوری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت بابرکت میں پیش کیا تو آپ نے ملاحظہ فرما کر اس پر یہ الفاظ لکھے، کہ:

"تحریر بالا صحیح اور درست ہے مطابق اعتقاد فقیر کے ہے، اللہ تعالیٰ اس کے کاتب (مولانا غلام دستگیر صاحب) کو جزائے خیر دے" ؎

بے سبب گو عز ما موصول نیست

قدرت از عزل سبب معزول نیست

اور اپنی مہر بھی ثبت فرمادی۔ پھر اس تحریر پر حضرت مولانا حافظ محمد عبدالحق صاحب نے یہ الفاظ تحریر فرمائے:

"حامداً و مصلیاً و مسلماً ما کتب فی ھذا القرطاس صحیح لا ریب فیہ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم"

اور مہر ثبت فرمائی۔ ان کے علاوہ اس فتویٰ پر حضرت مولانا انوار اللہ صاحب اور حضرت مولانا سید حمزہ صاحب کے بھی دستخط موجود ہیں۔

اب ہم ایک ایسی مقدس ہستی کا فتویٰ نقل کرتے ہیں جو تمام علمائے دیوبند کے نزدیک مسلمہ بزرگ ہیں بلکہ ان کو براہین قاطعہ وغیرہ میں شیخ الہند لکھا ہے اور یہ بھی تحریر ہے کہ تمام علمائے مکہ پر فائق ہیں۔ ان کا اسم پاک ہے مولانا رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

ناظرین! آج ہمارا فیصلہ کرنے کے لیے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکّی رحمۃ اللہ علیہ، مرشد مولوی رشید احمد گنگوہی وغیرہ اور شیخ الہند والعرب پایہ حرمین الشریفین حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب مہاجر مکّی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا انوار اللہ صاحب استاذ نظام الملک ریاست حیدر آباد، حضرت استاذ العلماء مولانا حافظ عبد الحق صاحب اور حضرت مولانا سید محمد حمزہ صاحب تشریف لائے ہوئے ہیں اور یہ تمام حضرات کافی مدت تک ہندوستان میں رہ چکے ہیں اور یہاں سے ہجرت فرما کر عرب تشریف لے گئے تھے امید ہے کہ ان کا فیصلہ دیوبندی حضرات کو ضرور قبول ہوگا اور توبہ کی طرف مائل ہو کر دوبارہ اہل سنت میں شامل ہو جائیں گے اور ملّت اسلامیہ کو تفرقہ بازی کی لعنت سے نجات دلانے میں ہمارے ممد و معاون ثابت ہوں گے۔ آمین ثم آمین۔

حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر علمائے کرام کے فتاویٰ آپ ملاحظہ فرما چکے اب حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب علیہ الرحمۃ کا فتویٰ ہدیۂ ناظرین ہے:

حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی کا فیصلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد حمد و ثنا اور نعت کے کہتا ہے۔ راجی رحمت اللہ المنان، رحمت اللہ بن خلیل الرحمٰن غفرلہما الحنان کو مدت سے بعض باتیں جناب مولوی رشید احمد صاحب کی سنتا تھا جو میرے نزدیک اچھی نہ تھیں، اعتبار نہ کرتا تھا کہ انہوں نے ایسا کہا ہوگا اور مولوی عبد السمیع صاحب کو جو ان کو میرے سے رابطہ شاگردی کا ہے۔ جب تک مکہ معظمہ میں نہیں آئے تھے تحریراً منع کرتا تھا اور مکہ معظمہ میں آنے پر بالمشافہ منع کیا کہ آپس میں مخنفت نہ ہو، پر وہ مسکین کہاں تک صبر کرتا اور میرا اعتبار نہ کرنا کس طرح ممتد رہتا کہ حضرات علمائے مدرسہ دیوبند

کی تحریر اور تقریر بطریق تواتر مجھ تک پہنچیں کہ تمام افسوس سے کچھ کہنا پڑا اور چپ رہنا خلاف دیانت سمجھا گیا۔ سو کہتا ہوں کہ میں جناب مولوی رشید کو رشید سمجھتا تھا، پر میرے گمان کے خلاف کچھ اور ہی نکلے (یعنی غیر رشید) جس طرف آئے اس طرف ایسا تعصب برتا کہ اس میں ان کی تقریر اور تحریر دیکھنے سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ حضرت نے اول قلم اس پر اٹھایا کہ جس مسجد میں ایک دفعہ جماعت ہوئی ہو اس میں دوسری جماعت بغیر اذان اور تکبیر کے ہو اور دوسری جگہ ہو جائز نہیں (الی اخرہٖ) پھر ایک فاسق مردود کو جو اپنے کو حضرت عیسیٰ کے برابر سمجھتا تھا اور سب انبیاء بنی اسرائیل سے اپنے کو افضل کہتا تھا اور اپنے بیٹے کو درجہ خدائی پر پہنچاتا تھا۔ اور عیسیٰ و موسیٰ اور پیغمبر علیہ السلام کا کیا ذکر ہے اور اس کے مرید تو کھلم کھلا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی اور حضرت بہاؤالدین نقشبندی اور حضرت شہاب الدین سہروردی اور حضرت معین الدین چشتی قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کو جن کے سلسلوں میں لکھو کھہا صالحین اور اولیاء مقبول رب العالمین گذرے ہیں، کافر اور گمراہ کنندہ بتلاتا تھا (الی اخرہ) حضرت مولوی رشید اس مردود کو مرد صالح کہتے تھے اور جو علماء اس مردود کے حق میں کچھ کہتے تھے تو مولوی رشید احمد اپنی ہٹ سے نہیں ہٹتے تھے اور کہتے تھے مرد صالح ہے، پھر حضرت مولوی رشید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کی شہادت کے بیان کو بڑی شدت سے محرم کے دنوں میں گو کیسا ہی روایت صحیح سے ہو منع فرمایا، حالانکہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب سے جناب مولانا اسحق مرحوم تک عادت تھی کہ عاشورہ کے دن بادشاہ دہلی کے پاس جا کر روایات صحیحہ سے بیان حال شہادت کرتے تھے۔ سو یہ سب ان کے مشائخ کرام و اساتذہ عظام میں ہیں (الی اخرہ)

پھر حضرت رشید نے جو نواسے کی طرف توجہ کی تھی اس پر بھی اکتفا نہ کر کے خود ذاتِ اقدس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف توجہ کی پہلے مولود شریف کو کھنیا کا جنم اشٹمی ٹھہرایا۔ اور اس کے بیان کو حرام بتلایا اور کھڑے ہونے کو، گو کوئی کیسے ذوق شوق میں ہو، بہت بڑا منکر فرمایا۔ اس ٹھہرانے، بتلانے، فرمانے سے لکھو کھہا علماء صالحین اور مشائخ مقبول رب العلمین اس کے نزدیک پرے نفرتی ٹھہر گئے۔ پھر ذاتِ نبوی میں اس پر بھی اکتفا نہ کر کے اور امکان ذاتی سے تجاوز کر کے چھ خاتم النبیین بالفعل ثابت کر بیٹھے اور امکان ذاتی کے باعتبار تو کچھ حد ہی نہ رہی اور ان کا مرتبہ کچھ بڑے بھائی سے بڑھتی نہ رہا اور بڑی کوشش اس میں کی کہ حضرت کا علم شیطانِ لعین کے علم سے کہیں کم تر ہے اور اس عقیدہ کے خلاف کو شرک فرمایا۔ پھر اس توجہ پر جو ذاتِ اقدس نبوی کی طرف تھی اکتفاء نہ کیا، ذات اقدس الٰہی کی طرف متوجہ ہوئے اور جناب باری تعالیٰ کے حق میں دعویٰ کیا کہ اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا ممتنع، بالذات نہیں بلکہ امکان جھوٹ بولنے کو اللہ کی بڑی وصف کمال کی فرمائی۔ (نعوذ باللہ من ھٰذہ الخرافات) میں تو ان امور مذکورہ کو ظاہر و باطن میں بہت برا سمجھتا ہوں اور اپنے محبین کو منع کرتا ہوں کہ مولوی رشید کے اور ان کے چیلے چانٹوں کے ایسے ارشادات نہ سنیں اور میں جانتا ہوں مجھ پہ بہت کھلم کھلا تبرا ہوگا لیکن جب جمہور علماء صالحین اور اولیائے کاملین اور رسول رب العلمین اور جناب باری جہاں آفریں ان کی زبان اور قلم سے نہ چھوٹے تو مجھے کیا شکایت ہوگی۔ (الیٰ آخرہ) اور بعض جگہ بعض چیزوں میں مشہور ہیں جیسے میری بستی کرانہ اور نانوتہ جس کے رہنے والے مولوی قاسم اور مولوی یعقوب وغیرہم تھے۔ نحوست میں مشہور ہے کہ عوام صبح کو ان کا نام بھی نہیں لیتے۔ کرانہ کو بیریوں والا شہر اور نانوتہ کو پھوٹا شہر کہتے ہیں اور کرسنی اور کاندھلہ اور بنیٹھہ

حماقت میں مشہور ہیں اور ان بستیوں کے اہالی میں کچھ نہ کچھ تاثر ہوتے ہیں۔ میری بستی کی تاثیر میرے میں یہ ہوئی کہ ایسا زمانہ نحوست دیکھا، اللہ تعالیٰ حضرت مولوی غلام دستگیر صاحب کو ان کے رد میں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

العبد محمد رحمت اللہ بن خلیل الرحمٰن غفر لہ المنان، ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۰۷ھ مکہ معظمہ"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

"عربی رسالہ جناب مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری کا جواب میں براہین قاطعہ کے من اولہا الی آخرہا جناب مولوی رحمت اللہ صاحب نے سنا اور میں نے سنایا، سننے کے بعد آپ نے اس کے مضامین کی تائید میں تقریظ مرقوم بالا اپنی زبان فیض بیان سے فرمائی اور اس کے آخر میں اپنی مہر کرائی۔

العبد حضرت نور مدرسہ ہندیہ مکیہ۔ ۱۷ ذیقعدہ ۱۳۰۷ھ"

ان کے علاوہ جن علمائے حرمین نے اس کتاب پر دستخط اور مہریں اور تقریظیں تحریر فرمائیں۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

استاذ العلماء مولانا محمد صالح کمال صاحب مفتی حنفیہ مکہ معظمہ۔

شیخ العلماء مولانا محمد سعید صاحب بابصیل مفتی شافعیہ مکہ معظمہ۔

افضل العلماء مولانا محمد عابد بن حسین مفتی مالکیہ۔

الفاضل الاکمل مولانا خلف بن ابراہیم مفتی حنابلہ مکہ معظمہ۔

استاذ الاساتذہ مولانا عثمان بن عبدالسلام داغستانی مفتی مدینہ منورہ۔

استاذ العلماء مولانا سید محمد علی بن ظاہر صاحب صدر مدرس مدرسہ مدینہ منورہ۔

ان تمام فتاویٰ کو حضرت مولانا غلام دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "تقدیس الوکیل عن توہین الرشید و تخلیل" میں شائع کیا ہے۔ (من شاء فلینظر)

اب بتایئے اکابر دیوبند اکیا مولانا رحمت اللہ صاحب اور حاجی امداد اللہ صاحب

مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ عبدالحق صاحب. اور مولانا انوار اللہ صاحب. کے علاوہ مفتیانِ مکہ معظمہ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی اور مفتیانِ مدینہ منورہ بھی رضا خانی بریلوی تھے؟ جاہل تھے؟ کیونکہ جو علمائے دیوبند کے خلاف ہو وہ جاہل ہوتا ہے نا! اور آپ کے سوا سب دنیا علمی یتیم ہے نا! سچ ہے ؎

نہ پہنچا ہے نہ پہنچے گا ستم کیشی تمہاری کو
اگرچہ ہو چکے ہیں تم سے پہلے فتنہ گر لاکھوں

ناظرین! فتنۂ دیوبندیہ کی مختصر تاریخ آپ نے ملاحظہ فرمائی، پنجاب میں اس فتنہ کی سرکوبی کے لیے حضرت غلام دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ و دیگر علمائے اہلِ سنّت دن رات مصروف تھے اور ہندوستان میں مولانا عبدالسمیع صاحب مصنف انوارِ ساطعہ اور مولانا عبدالقدیر صاحب بدایوانی وغیرہم جب متواتر مناظروں میں شکست اور علمائے اہلِ سنّت و جماعت کی تفہیمات کے باوجود بھی جب یہ لوگ توبہ کی طرف مائل ہوتے نظر نہ آئے تو حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مسائل مختلفہ پر تقریباً پچاس مدلل کتابیں لکھیں جن کے جوابات سے آج تک دنیائے دیوبندیت عاجز ہے، جب کوئی جواب نہ بن پڑا تو خرافات اور گالی گلوچ پر آ گئے، دجال ہے، کتوں سے بدتر ہے، لعنتی ہے، بدتمیز ہے منہ پھٹ ہے اور توبہ کی طرف مائل نہ ہوئے تو اعلیٰ حضرت نے ان کی تمام عبارات کفریہ لکھ کر علمائے حرمین شریفین کی خدمت عالیہ میں پیش کیں تاکہ اس فتنہ کا سدِ باب کیا جائے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے تمام علمائے حنفیہ نے جو فتوے دیئے ان کو آپ نے حسام الحرمین کے نام سے شائع کر دیا، مگر ہندوں کی ہولی و دیوالی کی پوریاں کچوریاں کھانے والی قوم کب ماننے کو تیار تھی، اعلیٰ حضرت کے خلاف ایک محاذ کھڑا کر دیا گیا جس کا صدر دفتر دیوبند اور اس کی شاخیں دہلی، تھانہ بھون اور پنجاب میں واں بچھراں کھول دی گئیں جہاں سے ایکدم کفر و شرک و بدعت کے فتووں کی ژالہ باری شروع ہو گئی، مختلف کتابیں شائع ہوئیں،

جن میں اولیائے کرام اور انبیائے عظام کی دل کھول کر توہینیں کی گئیں اور تمام مسلمانوں کو کافر، مشرک، بدعتی کہا جانے لگا۔ یارسول اللہ کہنے والے کافر، عرسوں پر جانے والے کافر، ختم پڑھنے والے کافر وغیرہ وغیرہ جن کی تفصیل آپ باب ثانی میں پڑھ چکے ہیں لیکن علمائے اہل سنت وجماعت برابر اس فتنے کے خلاف نبرد آزما رہے اور ان کی تردید میں کئی کتابیں اور رسائل شائع فرمانے کے علاوہ مختلف مقامات پر ان لوگوں کو عظیم ترین شکستیں دے کر اس فتنہ کو روکنے کی پوری پوری کوشش فرماتے رہے۔ چنانچہ بریلی شریف کے مناظروں کے علاوہ مناظرۂ ملکون وغیرہ اس کا بیّن ثبوت ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان علمائے حقہ پر کروڑ کروڑ رحمتیں نازل فرمائے ان کا امت مسلمہ پر احسان عظیم ہے کہ ان علمائے حقہ نے حق و باطل کی تمیز کر دی اور انبیائے کرام و اولیائے عظام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین کرنے والے خوارج سے مسلمانوں کو آگاہ کیا۔

جب اس فتنے کے سرپرست واپس یورپ جانے لگے اور مسلم لیگ نے مطالبۂ پاکستان پیش کیا تو ان دیوبندی مولویوں نے کانگریس اور احرار میں رہ کر اس عظیم مطالبہ کی پوری پوری مخالفت کی اور فتویٰ دیا کہ قائداعظم کافراعظم ہیں۔ پاکستان پلیدستان ہے۔ مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سب سؤر ہیں، دس ہزار جناح جواہر لال نہرو کی جوتی کی نوک پر قربان کیے جا سکتے ہیں۔

مگر ان کی مخالفتوں کے باوجود علمائے کرام اور مشائخ عظام اہل سنت کی متواتر کوششوں سے پاکستان معرض وجود میں آیا تو پاکستان کو پلیدستان کہنے والوں کو بھی اس کے سوا کوئی ٹھکانہ نظر نہ آیا۔ پاکستان میں آدھمکے اور کچھ دیر تک خاموش رہنے کے بعد پھر وہی بے ڈھنگی چال شروع کر دی۔ یعنی کفر و شرک و بدعت کے فتوے، داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مقدس پر حاضری دینے والے کافر، بابا فرید شکر گنج علیہ الرحمۃ کے عرس پر جانے والے مشرک، خواجہ غوث بہاؤالحق ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر انور کی چوکھٹ کو بوسہ دینے والوں کا نکاح فاسد، یارسول اللہ کہنے والے کافر، حضور کو حاضر و ناظر عالم غیب ماننے والے کافر و مشرک، میلاد

ماننے والے کافر، گیارھویں شریف کا ختم دلانے والے کافر، جوان کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر، صبح کی نماز کے بعد درود پاک کا وظیفہ کرنے والے بدعتی۔

جب کفر کفر، شرک شرک، بدعت بدعت کا شور اور یہ طوفان بدتمیزی حد سے بڑھ چلا تو علمائے حقہ اہل السنت والجماعت نے ان کے خلاف آواز اٹھایا اور ان کے بطلان پہ کئی کتابیں اور رسائل لکھے۔ چنانچہ حضرت علامہ مفتی احمد یار خاں صاحب مدظلہ نے "جاء الحق و زہق الباطل" اور مناظر اسلام مولانا محمد عمر صاحب اچھروی نے "مقیاس حنفیت" اور فاتح نجدیت مولانا مہر علی صاحب گولڑوی نے "دیوبندی مذہب" ایسی ضخیم کتابیں شائع کیں، ان کتابوں میں مسائل مختلفہ، علم غیب، بشریت، حاضر ناظر، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم، فاتحہ، چہلم، سوم عرس، ختم گیارھویں شریف پہ قرآن وحدیث واقوال علمائے ملت سے بہترین دلائل پیش کیے اور کوئی دیوبندی مولوی آج تک ان دلائل کو رد کرنے کی جرأت نہیں کر سکا۔ ہاں برخورد غلط دیوبندی رسالے لکھتے رہتے ہیں، جن میں بجائے دلائل قرآنیہ کے گالیاں اور بدزبانی کی بھرمار ہوتی ہے۔ اب دنیائے دیوبندیت خوش ہو گئی ہے اور پھولی نہیں سماتی کہ انہوں نے پاکستان کی کئی بستیوں کو گمراہ کر دیا ہے۔

ایک نئی چال

اکابر دیوبند نے سوچا کہ ہندوستان میں تو کام چل گیا تھا مگر پاکستان میں اولیائے کرام کو ماننے والے بہت اکثریت میں ہیں، یہاں جب تک اہل سنت کا لیبل نہ لگایا جائے عوام ہمارے جال میں نہیں آئیں گے۔ چنانچہ اہل سنت کا بھیس بدل کر مساجد و مدارس میں گھس گئے۔ پہلے تو مسلمانوں کے ساتھ سلام و قیام و ختم شریف میں پورے شامل، جب دیکھا کہ کچھ ساتھی بن گئے ہیں تو اپنے عقائد کی کھلم کھلا تبلیغ اور آج تک اسی چال سے عوام بھولے بھالے سنیوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے اور اولیائے کرام جن کے صدقے لاکھوں کافروں کو اسلام کی دولت نصیب ہوئی۔ بدظن کرنے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے، آج آپ کو ہر دیوبندی مدرسہ و مسجد کے سامنے ایک بورڈ نظر

آئے گا جس پر لکھا ہوگا اہل السنّت والجماعت کا مدرسہ، اہل سنت کی مسجد۔ ہم ہیں کہ اگر آپ واقعی اہل سنت ہیں تو ان بورڈوں کی کیا ضرورت؟ اور ان اعلانات سے کیا فائدہ؟ کہ ہم سنّی ہیں ہم سنّی ہیں، ایک حقیقی مسلمان کو کبھی آپ نے دیکھا ہے کہ بازار میں اعلان کرتا پھرتا ہو کہ میں مسلمان ہوں، لوگو میں مسلمان ہوں۔ ایسا تو وہاں ہوتا ہے جہاں دال میں کچھ کالا کالا ہو، آیئے ذرا اس کالی کالی چیز کو ظاہر کردیں اور اس گمراہ کنندہ لبادہ کو اتار پھینکیں، چلیئے دیوبندیوں کے قطب الاقطاب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی خدمت میں ایک سوال پیش کرتے ہیں کہ دیوبندیوں اور وہابیوں میں کیا فرق ہے، جواب ملتا ہے کہ:

"عقائد میں متحد ہیں صرف اعمال میں فرق ہے۔" (فتاویٰ رشیدیہ صلہ جلد۲)

تمام دیوبندیوں کا فیصلہ ہم وہابی ہیں!

"اگر کوئی ہندی شخص کسی کو وہابی کہتا ہے تو یہ مطلب نہیں کہ اس کا عقیدہ فاسد ہے بلکہ یہ مقصود ہوتا ہے کہ وہ سنّی حنفی ہے۔" (المہند صہ۹)

وہابی متبع سنّت کو کہتے ہیں

"اس وقت اور ان اطراف میں وہابی متبع سنّت اور دیندار کو کہتے ہیں۔"

(فتاویٰ رشیدیہ صلا جلد ۲)

وہابیوں کے عقائد عمدہ ہیں

"محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں، ان کے عقائد عمدہ تھے۔ مذہب ان کا حنبلی تھا۔" (فتاویٰ رشیدیہ صلا جلد ۱)

مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا اعلان

"میں تو کہا کرتا ہوں کہ اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو، سب کی تنخواہ کردوں پھر خود ہی سب وہابی بن جائیں۔"

مولوی اشرف علی کا اقرار حب دیوبندیوں کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے کانپور میں ملازمت کی تو وہاں **مجھے لوگ وہابی کہتے ہیں!** سنیت کا لبادہ اوڑھ کر میلاد شریف کے قیام و سلام میں شریک ہوتے رہے کیونکہ وہاں کی اکثریت اہل سنت کی تھی اور سنی بننے کے سوا وہاں وہابیت کا پھیلانا مشکل تھا۔ جب مولوی رشید احمد گنگوہی کو پتہ چلا تو ڈانٹا کہ تم وہاں محافل میلاد میلاد النبی میں شریک ہوتے ہو اور قیام و سلام اور صلوٰتیں پڑھتے ہو تو مولوی اشرف علی صاحب جواب دیتے ہیں:

"الحمد للہ میں یہاں نہ کسی کا محکوم ہوں نہ کسی سے مجبور مگر پوری مخالفت کر کے قیام دسکونت دشوار ہے۔ گو اب بھی یہاں کے بعض علماء مجھ کو وہابی کہتے ہیں۔ اور بعض بیرونی علماء بھی یہاں آکر سمجھا گئے ہیں کہ شخص وہابی ہے، اس کے دھوکے میں مت آنا، وہی حضرت یہ کہ جوان لوگوں کے عقائد و اعمال کی اصلاح کی گئی ہے سب بے اثر و بے وقعت ہو جائے گی! اس بدگمانی میں کہ یہ شخص تو وہابی ہے۔" (تذکرۃ الرشید صفحہ ۱۳۵ جلد ۱)

لیجئے! کالی بلی تھیلے سے باہر آگئی اور قلعی کھل گئی اس نام نہاد سنیت کی۔ اوہ یہ تو اصل میں وہابی نجدی نکلے، غالباً یہی وجہ تھی کہ دو تین سال ہوئے دیوبندی مولویوں نے مولوی غلام خاں آف راولپنڈی دیوبندی کو بلا کر مسجد وہابیاں اڈہ کھیم کرن قصور میں تقریر کرائی، عوام حیران تھے کہ یہ سنی سنی کہلانے والے وہابیوں کے ساتھ کھاتے پیتے نظر آرہے ہیں۔ ایک اہل سنت صحیح العقیدہ نے بلند آواز سے کہا اوہ یہ تو پکے وہابی نکلے۔ اگر یہ وہابی نہ ہوتے تو کیا قصور میں اہل سنت کی کوئی مسجد نہ تھی مگر الجنس یمیل الی الجنس۔

اگر یہ منظر دیکھنا ہو تو دیوبندیوں کی مساجد میں دیکھئے جہاں آپ کو نصف کے قریب رفع یدین کرتے نظر آئیں گے۔ مولوی اسمٰعیل صاحب مصنف تقویۃ الایمان پکے وہابی

تھے۔ رفع یدین کیا کرتے تھے اور آمین بالجہر کا عامل، مگر اس کی کتاب تقویۃ الایمان کو صحیح ثابت کرنے کے لیے آج پوری دنیائے دیوبندیت سرگرم عمل ہے۔ آج بھی سارے دیوبندی لکھتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے ہیں۔ بالکل صحیح ہے۔ دنیائے اسلام اس کا مطلب ہی نہیں سمجھ سکی۔ کتابوں کے نام ہوتے ہیں "چراغ سنت" مگر اندر کفر و شرک و بدعت کے فتوے اور گالی گلوچ۔ نام رکھتے ہیں "الصلوٰۃ والسلام" اور اندر لکھا ہے الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ پڑھنا ناجائز ہے، بدعت ہے، سبحان اللہ کیا پیارے پیارے نام ہوں۔۔ عوام کو دھوکا دیا جا رہا ہے۔ ظاہر ہیں اہل السنت و الجماعت اندر سے پکے وہابی نجدی ابن عبدالوہاب کے پیرو اور اس کے عقائد کو عمدہ ماننے والے۔

ناظرین کرام! یہ تھا مختصر خاکہ تاریخ دیوبندیت کا اس کی تفصیل کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔ دل چاہتا ہے کہ بلا تامل صفحے کے صفحے لکھتا چلا جاؤں مگر وقت کی قلت کے سبب اسی اختصار پر اکتفا کرتا ہوں۔ یہ وقت ہے کہ علمائے ملت اور حکومت پاکستان اس فتنہ کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کچل دے ورنہ یہ کفر و شرک و بدعت کی مشین جو رنگ لائے گی وہ ظاہر ہے اور اس کی ابتداء ہو چکی ہے۔ ان کی تحریروں نے مسجدوں میں فساد کرائے، عوام زخمی ہوئے، ضمانتیں ہوئیں اس کے باوجود دیوبندی مولوی اس آگ پر برابر تیل ڈال رہے ہیں اور وہی فتنہ پرور کتابیں دوبارہ شائع کر رہے ہیں، بلکہ اس فعل نامراد پر ان کو ناز ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ خود ذات اقدس سید الانبیاء فخر الرسل سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتہام لگایا جا رہا ہے کہ ان کتابوں کے مصنف کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت ہوئی اور وہ دیدار ایسی کیفیات مثالیہ کا حامل تھا۔

استغفر اللہ! استغفر اللہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو روضہ انور میں قید سمجھنے والوں نے حضور کی ذات پر کتنا بہتان عظیم باندھا، گویا کہ اس فتنہ و فساد کفر و شرک

وبات اور گالی گلوچ مثلاً چمگادڑ، بدزبان، منہ پھٹ، بدتمیز، دوزخ کے کتے، ایسے خبیث الفاظ پر حضور علیہ السلام خوش ہیں؟ العیاذ باللہ الف الف مرۃ

جو ذات پاک پتھر مارنے والے کافروں کو دعائیں دے اور دشمنوں کو چادریں بچھا کر دینے والے فاتحوں کو "لا تثریب علیکم الیوم" کا مژدہ سنانے والے ایسی کتابوں کے مصنف کی بدزبانی اور گالیوں پر خوش ہیں۔ (ہذا بہتان عظیم)

بھلا یہ تو بتائیں کہ حضور علیہ السلام کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ دنیا میں ایک ملک پاکستان ہے اس میں ہندوستان کے دیوبندی بھاگ کر جمع ہو گئے ہیں۔ اس ملک کے ہر شہر میں دیوبندی کتابیں لکھتے رہتے ہیں اور شائع کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی کتاب شائع ہوتی ہے تو حضور اشاعت کے دوسرے روز ہی تشریف لے آتے ہیں کیا یہ علم غیب نہیں؟ کیا حضور قیامت تک کے ہر انسان کے عمل سے واقف نہیں؟

ہمیں اس سے قطعاً کوئی انکار نہیں، ہمارا یہ ایمان ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہر انسان کو ہو سکتی ہے اور ہوتی ہے اور حدیث:

"من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظۃ۔

ترجمہ: جو مجھے خواب میں دیکھے وہ عنقریب بحالت بیداری بھی مجھے دیکھ لے گا"

کے مطابق بحالت بیداری بھی زیارت کا ہونا ثابت ہے۔

عرض صرف یہ ہے کہ آج کل تمام دیوبندی مصنفوں نے یہ طریقہ ہی بنا لیا ہے، جب بھی کوئی دیوبندی مولوی کتاب لکھتا ہے تو اس کے پہلے ہی صفحہ پر دو طرح کے الفاظ دکھائی دیتے ہیں۔ حضور نے ہمیں کہا کہ کتاب لکھو۔ حضور نے ہمیں مبارک دی، اس کے ثبوت میں کئی کتابوں کے مقدمات کو پیش کیا جا سکتا ہے بلکہ مولوی محمد طیب صاحب مہتمم مدرسہ دیوبند غلام جیلانی برق کی کتاب "دو قرآن" کا جواب لکھنے بیٹھے تو اس کا مقدمہ مولوی ادریس کاندھلوی نے لکھا جس میں یہ الفاظ درج کیئے "کہ آدم علیہ السلام سے لے کر

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیائے کرام اور تمام اولیائے امت کی روحیں مولوی طیب کے پاس تشریف لائیں اور اس کی متعدد معاون ہوئیں، مولوی محمد شفیع صاحب دیوبندی نے ان سائیکلوپیڈیا آف اسلام لکھی تو پہلے ہی صفحہ پر لکھا کہ مجھے ایک کتاب کی ضرورت تھی تو حضور نے خواب میں آکر کہا کہ جو کتاب تمہیں مطلوب ہے وہ لاہور کی فلاں لائبریری کی فلاں الماری میں موجود ہے اس کے علاوہ اور کئی کتابوں پر جو دیوبندی مولویوں نے تحریر کی ہیں آپ کو ایسے ہی الفاظ ملیں گے۔ سوال صرف یہ ہے کہ قوم دیوبند تو حضور کو مجبور محض، روضہ انور میں قید، بے اختیار عاجز سمجھتی ہے تو پھر یہ کیوں؟

نتیجہ ظاہر ہے۔ کہ کتابیں بیچنے کے لیے اور اپنی تحریروں کو مقبول عام بنانے کیلئے اور اگر فی الحقیقت دیوبندی حضور کو امت کے اعمال سے باخبر سمجھتے ہیں تو توبہ کریں اپنے عقائد باطلہ سے اور ختم کریں لعنت اس تفرقہ بازی کی اور کر دیں اعلان اپنے پیشواؤں کے غلط عقائد و عبارات کا، مگر ہمیں قطعاً امید نہیں کہ وہ ایسا اعلان کر کے اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کریں گے۔ کیونکہ اصل میں عقائد وہی ہیں جو ان کے اسلاف کے ہیں۔ یہ تو صرف عوام کے گمراہ کرنے کا ایک جال ہے۔ سچ ہے کہ

شرم و حیا قصۂ پارینہ ہے ہیں
افراد باطل نے عجب جال بنے ہیں

دیوبندی نظریات کو تاریخی ادوار میں دیکھنے کے بعد اب آپ اس فتنہ عصر جدید کی ان شعلہ سامانیوں سے پوری طرح واقف ہو جائیں گے۔ جو امت محمدیہ کی وحدت کو خاکستر کرنے کے درپے ہیں۔ ان کے نظریات اور عقائد کو ذہن نشین کر لینے میں آسانی محسوس کریں گے اب ہم ان نظریات کا موازنہ کرنا چاہتے ہیں جو دیوبندی علماء اور سنی علماء کی بنیاد ہیں۔

عقائدِ دیوبند کی فتنہ سامانیاں

عاشقانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نغمہ خوانیاں، قرآن پاک کی تلاوتیں، درود و سلام کے مقدس ترانے، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایمان افروز نعرے، ذکر ولادت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی دل نواز صدائیں، محبت و عشق محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے پاک ولولے اور یہ اعلانات!

فان من جودک الدنیا وضرتها — ومن علومک علم اللوح والقلم

منزہ عن شریک فی محاسنه — فجوهر الحسن فیه غیر منقسم

خلقت مبرأً من کل عیب

کانک قد خلقت کما تشاء

مقصود ما ز دیر و حرم جز حبیب نیست

ہر جا کنیم سجدہ بداں آستاں رسد

یہ مساجد میں اتفاق و اتحاد کا دل افروز منظر، یہ اخلاق عظیمہ کی دعوت، یہ خصائل کریمہ کی تبلیغ، یہ اسوۂ حسنہ کی ترغیب، اور یہ عذاب الٰہی سے ترہیب، افعال ذمیمہ پہ تعزیریں اور ان کی ترویج، بزرگان دین کے عاشقانہ اقوال مصطفیٰ جان رحمت پر لاکھوں سلام۔ ورفعنا لک ذکرک کی علمی تصویریں، ذوالخویصرہ اور شیخ نجدی کے اذناب کو ایک آنکھ نہ بھائی، اچانک ایک خوفناک دھواں اٹھا اور دردناک چیخیں سنائی دینے لگیں۔ رفتہ رفتہ یہ چیخیں بلند ہو گئیں مگر اب ان کے ساتھ کچھ الفاظ بھی سنائی دے رہے تھے۔ ہائے جل گئے —— ہائے جل گئے، نعت خوانی چھوڑ دو —— میلاد منانا ترک کردو —— سلام پڑھنے سے آگ تیز ہوتی ہے اور قیام تعظیمی سے تو شعلے ہی بھڑک اٹھتے ہیں۔ بچائیے، بچائیے۔

رفتہ رفتہ یہ چیخیں بلند ہوتی چلی گئیں، مگر اب ان کے ساتھ ساتھ کچھ الفاظ بھی سنائی دے رہے تھے، ہائے جل گئے ـــــ ہائے جل گئے ـــــ نعت خوانی چھوڑ دو ـــــ میلاد منانا ترک کر دو ـــــ سلام پڑھنے سے آگ تیز ہوتی ہے اور قیام تعظیمی سے تو شعلے ہی بھڑک اٹھتے ہیں۔ بچائیے، بچائیے ـــــ الاماں الاماں ـــــ یارسول اللہ کے نعرے اور ـــــ جلوس ـــــ ہائے جل گئے ـــــ جل گئے ـــــ مگر ـــــ دور ـــــ بہت دور ـــــ ایک دلنواز صدا آ رہی تھی۔ ؎

"خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضا
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے"

اس مسرت انگیز صدا سے کائنات کا ذرہ ذرہ جھوم اٹھا، دیکھا تو تمام قدوسی اور کائنات ارضی کی تمام پاک روحیں اور سعید ہستیاں بھی اس صدا میں شریک اور ہم نوا تھیں اور جھوم جھوم کر یہی ترانہ گا رہی تھیں ؎

دم میں جب تک دم ہے ذکر انکا سناتے جائیں گے

بلکہ خود خالق الارض والسما فالق الحب والنویٰ جل مجدہٗ العلیٰ فرما رہا تھا:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○

رات تاریک تھی اور وہ طریق مستقیم سے بھٹک چکے تھے، روشنی کہاں سے آتی۔ وہ تو سراجاً منیراً صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق و نسبت بلکہ ذکر کو ہی شرک تصور کرتے تھے، آپ کا ذکر ان کے لیے باعث جلن و قلق تھا۔ بڑی مشکل سے انہوں نے چند ایک چراغوں کو خوبصورت نام دے کر جلانے کی کوشش کی مگر ان کا اپنا حال یہ تھا کہ روشنی کم،

حسب ذکر میلاد ہوا، عاشقان رسول جھوم جھوم گئے۔ مگر دیوبندیوں کے جلائے ہوئے چراغ گل ہو گئے ؂

وہ آئے بزم میں اتنا تو ہم نے دیکھا میر
پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی

دسواں زیادہ اور تیل ناقابلِ اعتماد ملا منظور سنبھلی سے مانگ کر لایا ہوا۔

ناظرین سے! ان صفحات پر ہم نے نام نہاد "مصنفین" کی کارستانیاں اور ان کے اسلاف کے مکمل عقائد درج کر دیئے اور وہ توہین آمیز عبارات جو اختلافات کا اصل مبحث ہیں اور جن کو تمام علمائے عرب و عجم نے کفریہ قرار دیا ہے۔ مگر چونکہ کسی کلمہ گو کو کافر کہنا ایک سخت گناہ و ناجرم ہے جس کا مرتکب بسا اوقات خود بھی اسی لپیٹ میں آ جاتا ہے، اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم پہلے عبارات کفریہ کے متعلق کچھ اصول و قواعد عرض کر دیں تاکہ مسئلہ سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہو۔

کفر کیا ہے؟ لغت میں ایمان کی ضد کو کہتے ہیں۔ المختار من صحاح اللغۃ ص ۴۵۳ وغیرہ من کتب اللغات، الکفر ضد الایمان، وقد کفر باللّٰہ، الکفر جحود النعمۃ وھو ضد الشکر، لقولہ تعالیٰ،

ولئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید ؕ

کفر کے یہ دونوں معنی محاورات میں شائع ذائع ہیں اور اصطلاح شریعت میں کفر کہتے ہیں۔ (کما صرح فی کتب الاصول)

انکار منصوص قطعی مولوی مرتضیٰ حسن دربھنگی ناظم دیوبند، اشد العذاب ص ۱۶ پر لکھتے ہیں:

"جو کسی ضروری دینی بات کا انکار کرے وہ کافر و مرتد ہے اور جو اس کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر ہے۔"

انبیائے کرام کی توہین و تنقیص کرنے والا کافر ہے

اس وقت ہم نے صرف مسئلہ توہین انبیاء علیہم السلام پر گفتگو کرنا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا اہانتِ انبیاء علیہ السلام کفر ہے یا نہیں؟ اس بات پر تمام علمائے امت، ائمہ دین اور صحابہ کرام کا اجماع ہے کہ اہانت انبیاء کفر و ارتداد ہے اور موہن نبی کافر و مرتد بلکہ واجب القتل ہے۔

علامہ قاضی عیاض اندلسی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب شفاء شریف ص ۲۹۳ جلد ۲ پر فرماتے ہیں:

"قال ابوحنیفة واصحابه علی اصلهم من کذب باحد من الانبیاء او تنقص احدا منهم فهو مرتد۔"

ترجمہ: "حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے اصحاب نے فرمایا: جو کوئی کسی نبی کی تکذیب یا تنقیص کرے وہ مرتد ہے۔"

"قال محمد بن سحنون اجمع العلماء علی ان شاتم النبی صلی اللہ علیه وسلم المستنقص له کافر ومن شك فی کفره وعذابه کفر۔"

ترجمہ: "محمد بن سحنون فرماتے ہیں کہ تمام علماء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں توہین و تنقیص کرنے والا بھی کافر ہے۔" (شرح شفا شریف ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ ص ۲۹۳)

الفاظِ توہین میں نیت معتبر نہیں

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اگرچہ دیوبندیوں کی کتابوں میں توہین آمیز عبارات ہیں مگر ان کے لکھنے والوں کی نیت توہین و تنقیص کی نہ تھی، ان کو مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی کی ان دو عبارتوں پر غور کرنا چاہیے:

"المدار فی الحکم بالکفر علی الظواهر ولا نظر للمقصود والنیات ولا نظر بقرائن حالہ"

ترجمہ: کفر کے حکم کا دار و مدار ظاہر پر ہے، قصد و نیت و قرائن حال پر نہیں (اکفار الملحدین صہ۳۳)

"وقد ذکر العلماء ان التہور فی عرض الانبیاء وان لم یقصد السب کفر"

ترجمہ: علماء نے فرمایا: انبیاء علیہم السلام کی شان میں دلیری و جرأت بھی کفر ہے۔ اگرچہ توہین مقصود نہ ہو۔ (اکفار الملحدین صہ۸۶)

صحابہ کرام سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا کرتے تھے: یارسول اللہ راعنا

ہماری طرف توجہ فرمائیے، مگر منافقین اسی کلمہ میں کچھ تصرف کر کے کلمہ توہین بنا لیتے تھے۔ اسی لیے پروردگار عالم نے صحابہ سے فرمایا:

"یا ایہا الذین آمنوا لا تقولوا راعنا وقولوا انظرنا واسمعوا وللکفرین عذاب الیم" (بقرہ)

ترجمہ: اے ایمان والو راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو۔ انظرنا اور پہلے ہی سے بغور سنو اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔"

اس حکم کے بعد اس کلمہ کو حضور کے حق میں بولنا سخت جرم ہے اور موجب عذاب الہی، اگرچہ بولنے والے کی نیت توہین کی نہ ہو۔

ایک مسلمہ حقیقت بعض لوگ توہین آمیز عبارات کی تاویلات رکیکہ کر کے ان کو صحیح ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، انہی تاویلات فاسدہ کے متعلق مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی فرماتے ہیں:

"التاویل الفاسد کالکفر"

ترجمہ: "تاویل فاسد کفر کی طرح ہے۔" (اکفار الملحدین ص۶۲)

حالانکہ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ اگر تاویل سے معنی مستقیم بھی ہو جائیں پھر بھی دیکھا جائے گا کہ آیا عرفِ عام اور محاورات اہل زبان میں اس کلمہ سے معنی توہین مفہوم ہوتے ہیں یا نہیں۔ بر تقدیر اول یعنی اگر محاورہ و عرف عام میں وہ کلمہ توہین آمیز ہو تو سب تاویلیں بے کار ہو جائیں گی۔ مثلاً مولوی اسمٰعیل صاحب کی یہ عبارت:

"ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔"

اس عبارت کو علماء دیوبند نے صحیح ثابت کرنے کے لیے بڑی قلابازیاں لگائی ہیں اور کہا ہے کہ لفظ ذلیل انبیاء کرام کے حق میں کئی علماء عربی نے استعمال کیا ہے۔ اگر مولوی اسمٰعیل نے لکھ دیا تو کیا ہوا، اور اس کے لیے دو چار حوالے بھی پیش کیے ہیں:

مولوی صاحبان! جو معنی آپ نے لفظ ذلیل کے لیے ہیں وہ صحیح ہیں کہ عاجز، تابعدار وغیرہ۔ مگر یہ معنی عربی زبان میں ہیں، مولوی اسمٰعیل کی کتاب "تقویۃ الایمان" اردو کی کتاب ہے اور یہ عبارت جس میں لفظ ذلیل استعمال کیا گیا ہے اردو کی عبارت ہے اور زبان اردو میں ذلیل، کمینہ اور بد اخلاق انسان کو کہتے ہیں، جیسا کہ آپ نے بھی "حیات نبی" ص۹۶ پر اسکو تسلیم کیا ہے:

"ہمارے پنجابی محاورہ میں بد اخلاق اور کمینہ انسان کو ذلیل کہتے ہیں، یہ پنجابی محاورہ ہے، اہل علم کے نزدیک ذلت کے معنی عبادت اور طاعت کے ہیں۔"

مولوی صاحبان! خدا کا خوف کیجئے کیوں ایسی صریح توہین آمیز عبارت کو غلط تاویلات سے صحیح ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

چلیئے اگر میں تقریر کرتے ہوئے یہی الفاظ آپ کے حق میں استعمال کر دوں اور کہوں کہ دیوبندی

مولوی کی شان اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے اور معنی یہ مراد لیں کہ اللہ کے تابعدار فرماں بردار ہیں تو آپ کا کوئی معتقد بھی میری اس تاویل کو ماننے کے لیے قطعاً تیار نہیں ہو گا اور تمام دیوبندیوں کے نزدیک یہ توہین و بے ادبی ہی ہو گی اور کہا جائے گا کہ دیوبندی اگرچہ اللہ کے تابعدار اور فرماں بردار ہیں مگر چونکہ وہ ایک مسجد کے خطیب اور مدرسہ کے مہتمم ہیں اس لیے یہ الفاظ ان کے حق میں نہایت نازیبا ہیں، ان کے شان کے مطابق الفاظ استعمال ہونے چاہئیں یا اگر کوئی شخص اپنے والد یا استاد کو کہے کہ آپ بڑے ولد الحرام ہیں اور تاویل یہ کرے کہ اگرچہ پنجابی محاورہ میں ولد الحرام حرام زادہ کو کہتے ہیں۔ مگر اہل علم کے نزدیک اس کا ایک معنی ولد محترم یعنی عزت والا بھی ہے۔ جیسے المسجد الحرام اور بیت اللہ الحرام مگر حقیقت یہ ہے کہ اس تاویل کو کوئی بھی اہل انصاف قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہو گا اگرچہ یہ تاویل قرآن پاک کی روشنی ہی کی گئی ہے اور یہ تاویل یقیناً اس کے حق میں توہین ہی تصور ہو گی، یہ تاویل، تاویل فاسد ہی کہلائے گی۔

امید ہے کہ ہماری اس تشریح سے دیوبندی حضرات کی بھی تسلی ہو گئی ہو گی اور ان کو ضرور اس پر غور کر کے مان لینا چاہئیے کہ یہ عبارت چونکہ توہین میں صریح ہے اس لیے یہاں تاویل قبول نہیں کی جا سکتی اور یہی لکھا ہے مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی نے اکفار الملحدین کے صد۲ پر:

"قال حبیب ابن الربیع ان ادعاء التاویل فی لفظ صراح لا یقبل"

ترجمہ: حبیب بن ربیع نے فرمایا کہ لفظ صریح میں تاویل کا دعویٰ قبول نہیں کیا جاتا۔"

"التاویل الفاسد کفر" تو پہلے آپ نے ملاحظہ فرما ہی لیا ہے۔ ثابت ہوا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب کی یہ عبارت کہ "ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کے

آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔" یقیناً صریح توہین ہے۔ جس کو کبھی معاف نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس میں تاویل ہو سکتی ہے۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ چمار سے ذلیل اردو محاورہ ہے اور علماء دیوبند اس کا عربی ترجمہ کر رہے ہیں۔ اگر یہی بات ہے تو چمار کا بھی عربی ترجمہ کریں اور تلاش کریں کہ لفظ چمار کسی عربی کی کتاب میں مل جائے۔ مگر کہاں ملے گا! حالانکہ لفظ چمار کا استعمال بھی انبیاء کی ذات پر توہین ہے۔

دو مشہور سوالوں کا جواب

۱۔ بریلوی حضرات عبارات کفریہ کا ماسبق و مابعد نہیں دیکھتے۔ صرف قابل اعتراض فقرہ لے کر کفریہ معنی پہنا لیتے ہیں۔ سباق و سیاق دیکھنا چاہیے۔

۲۔ اگر کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے وجوہ کفر کے ہوں اور ایک وجہ اسلام کی ہو تو اس کو کافر نہ کہا جائے۔

جواب سوال نمبر ۱: دیوبندی حضرات بڑے زور سے بیان کرتے ہیں۔ اصل میں ان لوگوں نے یہ اعتراض اپنے بلنشیر ور مناظر و واعظ ملّا منظور سنبھلی کی کتاب "فیصلہ کن مناظرہ" سے لیا ہے۔ ہم نے جب "چراغ سنّت" کو دیکھا تو حیران ہوئے کہ اس کے مصنّف مولوی فردوس علی صاحب جن سے ایک طالب[1] علم محمد حسن حال متعلم دار العلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور نے صیغہ یَغْضِبن دریافت کیا تو فرمانے لگے گھر سے واپس آ کر بتاؤں گا۔ تقریباً چار گھنٹے کے بعد واپس آئے تو ارشاد ہوا کہ اپنے استاد مولوی عبدالرحمن صاحب سے دریافت کر لو، مجھے فرصت نہیں ہے، ہم حیران تھے کہ انہوں نے یہ کتاب کیسے تحریر کر لی، مگر ہمیں دور نہ جانا پڑا اور یہ عقیدہ جلد ہی حل ہو گیا۔ ایک کتاب "فیصلہ کن مناظرہ" مصنفہ ملّا منظور سنبھلی کی ملی۔ اس کو اور چراغ سنّت کو سامنے رکھا تو دیکھا کہ مولوی فردوس علی صاحب نے من وعن لفظ بلفظ وہ تمام اعتراضات جو اس کتاب میں درج

---

[1] سابق طالبعلم مدرسہ دیوبندیہ قصور۔

نقل کر کے اپنے نام سے شائع کرا دیے۔ وہی سوالات، وہی عبارات چھپوا کر خود مصنف
بن بیٹھے اور جو مکھیاں اس نے ماری ہیں اس نے مسل دی ہیں۔

بہر حال اس اعتراض کا جواب کہ بریلوی صرف اعتراضی کلمات کو دیکھتے ہیں اور
اس کے آگے پیچھے کی عبارتوں پر نظر نہیں کرتے۔ بعینہٖ یہی اعتراض مولوی احمد علی صاحب
لاہوری صدر جمعیۃ العلماء دیوبند یہ پر کسی نے کیا کہ آپ مودودی صاحب کی عبارات کا
سیاق و سباق نہیں دیکھتے اور بلا سوچے سمجھے ان پر اعتراض کر دیتے ہیں۔ جو جواب انہوں
نے دیا ہم اس کو بلفظہٖ نقل کر دیتے ہیں۔

آپ جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ :

"اگر دس سیر دودھ کسی کھلے منہ والے دیگچے میں ڈال دیا جائے اور اس
دیگچے کے منہ پر ایک لکڑی رکھ کر ایک تاگہ میں خنزیر کی ایک بوٹی ایک تولہ
کی اس لکڑی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دی جائے۔ پھر کسی مسلمان
کو اس دودھ سے پلایا جائے۔ وہ کہے گا کہ میں اس دودھ سے ہر گز نہیں
پیوں گا کیونکہ سب حرام ہو گیا ہے۔ پلانے والا کہے کہ بھائی دس سیر دودھ
کے آٹھ سو تولے ہوتے ہیں آپ فقط اس بوٹی کو کیوں دیکھتے ہیں، دیکھئے
اس بوٹی کے آگے پیچھے، دائیں بائیں اور اس کے نیچے چار انچ کی گہرائی میں
دودھ ہی دودھ ہے۔ وہ مسلمان یہی کہے گا کہ یہ سارا دودھ خنزیر کی ایک
بوٹی کے باعث حرام ہو گیا۔ یہی قصہ مودودی صاحب کی عبارتوں کا ہے۔
جب مسلمان مودودی صاحب کا یہ لفظ پڑھے گا کہ خانہ کعبہ کے ہر طرف جہالت اور
گندگی ہے۔ اس کے بعد مودودی صاحب اس فقرہ سے توبہ کر کے اعلان
نہیں کریں گے، مسلمان کبھی راضی نہیں ہوں گے۔ جب تک خنزیر کی بوٹی نہیں
نکالیں گے"[1]

---

[1] رسالہ حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضگی کے اسباب صفحہ ۸۱،۸۲

سوال اوّل کا یہی جواب ہماری طرف سے قبول فرمالیں اور خوب یاد رکھیں کہ جب تک دیوبندی مولوی توہین آمیز عبارات سے علی الاعلان توبہ نہ کریں گے۔ اہل سنت ان سے کبھی راضی نہیں ہوں گے۔

ایک یاد گذشتہ سال محرم الحرام شریف میں بسلسلۂ تبلیغ کراچی جا رہا تھا، دو صاحب سنی اور دیوبندی آپس میں اسی مسئلہ پر بحث کر رہے تھے۔ سنی نے اس سوال کے جواب میں دیوبندی کو ایک بات کہی جو ناظرین کی دلچسپی کے لیے درج کی جاتی ہے اس نے اچانک بحث چھوڑ کر دیوبندی کی تعریف شروع کر دی۔ آپ بڑے نیک ہیں، عابد ہیں زاہد ہیں۔ آپ کا خاندان علم و فضل کا شہسوار ہے، آپ کے باپ دادا ولی اللہ تھے، سارے کمرے کے لوگ عجیب تذبذب میں تھے ابھی ابھی آپس میں مخالف تھے اور اب یہ سنی اس کی تعریفیں کر رہا ہے۔ یوں ہی وہ دیر تک تعریفی الفاظ کہتا رہا مگر آخر میں کہنے لگا اور تو سب معاملہ ٹھیک ہے مگر میں نے سنا ہے کہ آپ بڑے ذلیل آدمی ہیں، چمار سے بھی ذلیل۔

دیوبندی نے شور مچا دیا کہ دیکھئے صاحب یہ زیادتی ہے، الفاظ واپس لیجئے، یہ میری توہین ہے مگر سنی صاحب یہ کہہ رہے تھے کہ حضرت آپ صرف اس ایک فقرہ ذلیل آدمی ہیں کو کیوں لیتے ہیں۔ سیاق و سباق دیکھئے، عبارت ساری سنئیے۔ میں نے آپ کی کتنی تعریف کی ہے اور پھر ذلیل کا معنی کمینہ نہیں، تابعدار فرمان بردار ہے۔ اس جواب نے دیوبندی صاحب کو ایسا ساکت کر دیا کہ وہ کراچی تک نہایت سکون اور اطمینان سے بیٹھا رہا۔

جواب سوال نمبر ۲ کہ کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے ۹۹ وجوہ کفر کی ہوں اور ایک وجہ اسلام کی تو وہ کافر نہ ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے وجوہ کفر کا صرف احتمال ہو، صریح کفر نہ ہو، اور اگر صریح کفر ہو گا تو اس میں تاویل کرنا بھی صریح کفر ہے۔

صرح بها المولوی انور شاه الکاشمیری فی اکفار الملحدین :

"التناویل فی لسفا صراح لا یقبل"

مولوی اشرف علی صاحب تھانوی "افاضات الیومیہ" صت ۲۳۴ جلد ۷ میں لکھتے ہیں
اس کا مطلب لوگ غلط سمجھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ایمان کے لیے صرف ایمان کی ایک بات کا ہو
بھی کافی ہے۔ بقیہ ننانوے باتیں کفر کی سہی تب بھی وہ منزل ایمان نہ ہوں گی، حالانکہ یہ غلط ہے
اگر کسی میں ایک بات بھی کفر کی ہو گی وہ بالاجماع کافر ہے۔

فتنہ دیوبندیہ کے عقائد فاسدہ

کس کس سے چھپاؤ گے تحریک ریاکاری
محفوظ ہیں تحریریں، مرقوم ہیں تقریریں

برادران ملت! یہاں ہم دیوبندیوں کے مکمل عقائد درج کر رہے ہیں، ہر حوالہ نہایت
احتیاط سے اصل کتابوں کو دیکھ کر نقل کیا گیا ہے اور ہر عقیدہ کے ساتھ جمہور اہل سنت کا
عقیدہ بھی درج ہوگا تاکہ آپ کے سامنے تصویر کے دونوں رخ پیش ہو سکیں اور حق و باطل
میں تمیز کرنے میں آسانی ہو۔

دیوبندی عقیدہ نمبر ۱: اللہ تعالیٰ کو بندوں کے کاموں کا علم پہلے سے نہیں ہوتا۔ سب چیز
موجود کا عالم ہے اور جس چیز کا ارادہ کرتا ہے اس کا بھی عالم ہے
اور جس کا ابھی ارادہ نہیں کیا اس کا عالم نہیں، اور انسان خود مختار ہے اچھے کام کریں یا نہ کریں
اور اللہ کو پہلے سے کوئی علم نہیں ہوتا کہ کیا کریں گے بلکہ اللہ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا"[1]

---

[1] بلغۃ الحیران مطبوعہ حمایت اسلام پریس لاہور صت ۱۵۷/۱۵۸ مصنفہ مولوی حسین علی واں بھچراں، تلمیذ
رشید احمد گنگوہی دیوبندی۔

اہلِ سنّت کا عقیدہ

اللہ تبارک وتعالیٰ جل مجدہٗ کا ارشاد ہے:

"ما اصاب من مصیبۃ فی الارض ولا فی انفسکم

الا فی کتٰب من قبل ان نبرأھا ط ان ذالک علی اللہ یسیر ہ

(القرآن سورہ حدید)

ترجمہ: نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اور تمہاری جانوں میں مگر وہ ایک کتاب میں ہے قبل اس کے کہ ہم اسے پیدا کریں۔ بے شک یہ اللہ کو آسان ہے۔"

اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اشیاء کے وقوع سے پہلے بھی جانتا ہے۔ اس کا علم واجب اور قدیم ہے وہ ہمیشہ سے ہر چیز کا عالم ہے اس کو ایک آن کے لیے بھی بے علم ماننے والا کافر ہے۔ یہی عقیدہ تمام کتب عقائد میں مصرح ہے، ملاحظہ ہو شرح فقہ اکبر صد ۲۱:

"من اعتقد ان اللہ لا یعلم الاشیاء قبل وقوعھا فھو کافر"

ترجمہ: "جس کا یہ عقیدہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کو اس کے وقوع سے پہلے نہیں جانتا وہ کافر ہے۔"

دیوبندی عقیدہ نمبر ۲: اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔

۱۔ "کذب داخل تحت قدرت ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ مولوی رشید احمد گنگوہی صد ۱۹ جلد ۱)

۲۔ "اگر حق تعالیٰ کلام کاذب پر قادر نہ ہوگا تو قدرتِ انسانی قدرت ربانی سے زائد ہو جائے گی۔" (الجہد المقل مولوی محمود الحسن دیوبندی صد ۴۳)

۳۔ "کذب متنازعہ فیہ صفات ذاتیہ میں داخل نہیں بلکہ صفات فعلیہ میں داخل ہے۔"

(الجہد المقل صد ۴۳)

۴۔ امکانِ کذب کا مسئلہ تو اب کوئی جدید کسی نے نہیں نکالا، بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے کہ خلفِ وعید آیا جائز ہے یا نہیں۔

(براہین قاطعہ، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی ص۲)

۵۔ "چوری، شراب خوری، جہل، ظلم سے معارضہ کم فہمی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ غلام دستگیر کے نزدیک خدا کی قدرت بندہ سے زائد ہونا ضروری نہیں، حالانکہ یہ کلیہ ہے کہ جو مقدور العبد ہے، مقدور اللہ ہے" (ضمیمہ اخبار نظام الملک مراد آباد مطبوعہ ۱۲؍ اگست ۱۸۸۹ء مولوی محمود الحسن دیوبندی)

ناظرین سے! مندرجہ بالا پانچ حوالجات سے صاف طور پر واضح ہو گیا کہ:

۱۔ دیوبندیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے اور اگر:

۲۔ یہ نہ مانا جائے تو انسان کی قدرت اللہ تعالیٰ سے زائد ہو جائے گی۔ یعنی انسان تو جھوٹ بول سکتا ہو اور اللہ تعالیٰ عاجز۔

۳۔ یہ مسئلہ نیا نہیں پرانا ہے۔

۴۔ جو مقدور العبد ہے مقدور اللہ ہے۔ یعنی جو کچھ عبد کر سکتا ہے اللہ بھی کر سکتا ہے، مثلاً چوری، شراب، زنا، بیوی کرنا، بچے جننا وغیرہ وغیرہ۔

(تعالیٰ اللہ عن ذالک علواً کبیراً)

مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتویٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوال: ما قولکم رحمکم اللہ۔ دو شخص کذب باری میں گفتگو کرتے تھے۔ ایک کی طرف داری کے واسطے تیسرے شخص نے کہا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

"ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذالک" (الآیۃ)

لفظ من عام ہے، شامل ہے معصیت قتل مومن کو پس آیت مذکورہ سے معلوم ہوا کہ پروردگار مغفرت مومن قاتل بالعمد بھی فرماوے گا اور دوسری آیت میں ہے:

من قتل مومنا متعمدا فجزاءه جهنم خالدا (الآیۃ)

لفظ من عام ہے شامل ہے مومن قاتل بالعمد کو اس سے معلوم ہوا کہ قاتل مومن بالعمد کی مغفرت نہ ہوگی۔ اس قائل کے خصم نے کہا کہ آپ کے استدلال سے وقوع کذب باری تعالیٰ ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ آیت میں ویغفر ہے نہ ویمکن ان یغفر یہ سن کر اس قائل نے جواب دیا، میں نے کب کہا ہے۔ کہ میں وقوع کا قائل نہیں ہوں؟ اور دوسرا قول اسی قائل کا یہ ہے کہ، کذب علی العموم قبیح بمعنی منافر للطبع نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے بعض مواقع پر جائز رکھا ہے اور توریہ وعین کذب بعض مواقع میں دونوں اولیٰ ہیں، نہ فقط توریہ، آیا قائل مسلمان ہے یا کافر؟ اور مسلمان ہے تو بدعتی ضال یا اہل سنت وجماعت باوجود کرنے کے کذب باری تعالیٰ کے۔ بینوا توجروا۔

جواب: اگرچہ شخص ثالث نے تاویل آیات میں خطا کی مگر تاہم اس کو کافر کہنا یا بدعتی ضال کہنا نہیں چاہیے۔ کیونکہ وقوع خلف وعید کو جماعت کثیرہ علماء سلف کی قبول کرتی ہے چنانچہ مولوی احمد حسن صاحب رسالہ "تنزیہ الرحمٰن" میں تصریح کرتے ہیں بقولہ علاوہ اس کے مجوزین خلف وعید وقوع خلف کے بھی قائل ہیں۔ چنانچہ ان کے دلائل سے ظاہر ہے:

"حیث قالوا انہ لیس بنقص بل هو کمال الخ"

اس سے ظاہر ہوا کہ بعض علماء وقوع خلف وعید کے قائل ہیں اور یہ بھی واضح ہے کہ خلف وعید خاص ہے اور کذب عام ہے، کیونکہ کذب بولتے تھے۔ قول خلاف واقع کو سو وہ گاہ وعید ہوتا ہے، گاہ وعدہ، گاہ خبر اور سب کذب کے انواع ہیں اور وجود نوع کا وجود جنس کو مستلزم ہے، انسان اگر ہوگا تو حیوان بالضرور موجود ہوگا۔ لہٰذا وقوع کذب کے معنی درست ہوگئے۔ اگرچہ بضمن کسی فرد کے ہو بناءً علیہ اس ثالث کو کوئی

سخت کلمہ نہ کہنا چاہیئے کہ اس میں تکفیر علماء سلف آتی ہے، ہر چند یہ قول ضعیف ہے مگر تاہم متقدمین کے مذاہب پر صاحب دلیل قوی کو تضلیل صاحب دلیل ضعیف کی درست نہیں۔ دیکھو حنفی، شافعی پر اور بالعکس بوجہ قوت دلیل اپنی کے طعن و تضلیل نہیں کر سکتا۔ انا مومن انشاء اللہ کا مسئلہ کتب عقائد میں خود لکھتے ہیں۔ لہٰذا ثالث کو تضلیل و تفسیق سے مامون کرنا چاہیئے۔ البتہ بزمی اگر فہمائش ہو بہتر ہے۔ البتہ قدرۃ علی الکذب مع امتناع الوقوع، مسئلہ اتفاقیہ ہے کہ اس میں کسی کا خلاف نہیں اگرچہ اس زمانے میں لوگوں کو الفاظ بے جا ہو گیا ہے،

قال اللہ ولو شئنا لاٰتینا کل نفس ھداھا ولکن حق القول منی لاملئن جھنم من الجنۃ والناس اجمعین (الاٰیۃ)

فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہٗ الاحقر رشید احمد گنگوہی عفی عنہٗ | مہر: رشید احمد |

ناظرین کرام! یہ فتویٰ دیوبندیوں کے قطب الاقطاب صاحب کا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حق میں وقوع کذب کے معنی درست ہو گئے۔ کذب جنس ہے اور وعدہ، وعید، خبر اس کے انواع ہیں اور نوع کا وجود وجود جنس کو مستلزم ہے۔ لہٰذا وقوع کذب درست ہو گیا یعنی اللہ تعالیٰ جھوٹ بول چکا، اس فتویٰ کا ماحصل یہ ہے کہ دو شخص بحث کر رہے تھے۔ آیا اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے یا نہیں، ایک تیسرے آدمی نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کے حق میں جھوٹ کے وقوع کا قائل ہوں۔ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے پوچھا گیا کہ یہ الفاظ کہنے والا مسلمان ہے یا کافر؟ اور اگر مسلمان ہے تو بدعتی ہے یا اہل سنت و جماعت، اس سوال کا جواب دیتے ہوئے گنگوہی صاحب نے فرمایا کہ یہ الفاظ کہنے والا کافر یا بدعتی نہیں ہو سکتا بلکہ وہ سنی مسلمان ہے۔ اگر اس کو کافر کہا جائے تو علمائے سلف کی تکفیر لازم آتی ہے کیونکہ خلاف وعید کو انہوں نے جائز رکھا ہے۔

اس فتویٰ میں گنگوہی صاحب نے کذب اور خلف وعید کو ایک ہی چیز سمجھا جو ان کی جہالت فی العلم کا بیّن ثبوت ہے۔ خلف وعید کو کذب کہنے میں مولوی محمود الحسن دیوبندی بھی گنگوہی صاحب کے ساتھ ہیں۔ (دیکھو براہین قاطعہ)

کذب اور خلف وعید کی بحث آئندہ اوراق میں آ رہی ہے۔ اس فتویٰ کے متعلق دیوبندی حضرات یہ کہتے ہیں کہ یہ فتویٰ مولوی رشید احمد صاحب کا نہیں، بریلویوں نے خود تیار کیا اور چھپوا کر تقسیم کر دیا۔ (دیکھو فیصلہ کن مناظرہ و دیگر کتب دیابنہ)

مصنف چراغ سنت نے بھی اس کو نقل کیا ہے مگر ذرا ان ترانیوں کے ساتھ۔

چراغ ہدایت میں اس کا مکمل جواب دیا گیا اور دعوت دی گئی کہ آیئے ہم اس کا عکسی فوٹو دکھاتے ہیں مگر مولوی فردوس علی صاحب نے چراغ سنت کے دوسرے ایڈیشن میں یکھ دیا کہ عکس بھی جعلی ہے ایں نہیں مانتا، میں نہیں مانتا۔ اب بتایئے میں نہ مانوں کا کیا علاج!

اچھا اگر آپ ضد کرتے ہیں اور نہیں مانتے تو یوں کیجئے کہ گنگوہی صاحب کی دستی تحریر کا فوٹو "مکاتیب رشیدیہ صفحہ ۱۰۲" موجود ہے جو دیوبندیوں نے خود اتارا ہے۔ یہ فوٹو جو ہمارے پاس ہے اور وہ جو آپ کے پاس ہے، یہ تحریر کے دونوں فوٹو کسی ماہر تحریر کے سامنے پیش کر کے فیصلہ کر لیتے ہیں۔ خرچہ ہمارے ذمہ، کیا یہ فیصلہ منظور ہے؟

رہا یہ سوال کہ گنگوہی صاحب نے اس کی تردید کر دی تھی تو یہ دیوبندیوں کی زاغ معروفہ کی طرح عادت معروفہ ہے کہ ایک بات کہی اور پھر انکار کر دیا۔ اس کی ہزار ہا مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں، ایک تازہ مثال ملاحظہ ہو:

اس وقت دیوبندی دو پارٹیوں میں بٹے ہوئے ہیں ایک پارٹی جماعت اسلامی کی حامی ہے اور دوسری مخالف، دیوبند میں مدرسہ دیوبندیہ کے مدرسین اور ان کے اکثر تلامذہ مودودی صاحب کے خلاف ہیں ـــــ اور عامر عثمانی دیوبندی ایڈیٹر "تجلی" دیوبند کی پارٹی مودودی جماعت کی پوری ایجنٹ، یہی حال پاکستان میں بھی ہے۔ مولوی احمد علی صاحب

... جمعیۃ العلماء اسلام مودودی صاحب کے سخت ترین مخالف ہیں۔

اور مولینا شبیر احمد صاحب عثمانی نے معتقدین مودودی کے موافق نیز قصور شہر میں بھی مولوی فردوس علی اور اس کے معتقدین مودودی صاحب کے مکمل حامی، مولوی فردوس علی صاحب جماعت اسلامی کی شان میں اکثر خطبے ارشاد فرمایا کرتے ہیں اور ان کے لٹریچر کے مطالعہ کی دعوت بھی دیتے رہتے ہیں۔ بلکہ درس قرآن پاک کا اور تبلیغ مودودیت کی، اس کی تردید میں بندہ نے ایک پمفلٹ شائع کیا تھا کہ "قرآن کو جال مت بناؤ" اور دوسری طرف مولوی طیب شاہ صاحب کوٹ مراد خاں وغیرہ مودودی صاحب کے سخت مخالف ہیں۔ وہ ملتان جا رہے تھے گاڑی میں ایک ہی ڈبہ میں اکٹھے بیٹھنے کا اتفاق ہوا، دوران گفتگو میں مودودی صاحب سے متعلق سوال کیا، میں اس وقت مودودیت کے خلاف پمفلٹ شائع کر رہا تھا۔ تقریباً ہر مہینے ایک دو پمفلٹ لکھ کر چھپوا دیتا تھا تو طیب شاہ صاحب نے کہا مجھے خود مودودی سے سخت اختلاف ہے۔ بہرحال دیوبندیوں کی یہ دونوں پارٹیاں ایک دوسرے کے خلاف فتوے بازیاں کرتی رہتی ہیں جس کی کچھ تفصیل آگے آئے گی۔

مولوی احمد علی صاحب لاہوری نے جب مودودی صاحب کے خلاف رسائل لکھے اور ثابت کیا کہ مودودی صاحب انبیاء کو گناہ سے معصوم نہیں سمجھتے تو ایک دیوبندی مولوی نے جو مودودی صاحب کا حامی تھا صرف احمد علی پارٹی کو نیچا دکھانے کے لیے مولوی قاسم صاحب نانوتوی کی ایک عبارت ان کی ایک کتاب تصفیۃ العقائد صفحہ ۲۳ سے نقل کر کے دیوبند بھیجی اور فتویٰ طلب کیا اور یہ نہ بتایا کہ یہ عبارت مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کی ہے۔ مفتی دیوبند نے بے دھڑک اس کے قائل پر فتویٰ کفر صادر فرما دیا۔ جب وہ فتویٰ پاکستان پہنچا تو انہوں نے بطور اشتہار شائع کر دیا جو بلفظہٖ ہدیۂ ناظرین ہے:

اشتہار

دار العلوم دیوبند کے مفتی کا مولانا محمد قاسم نانوتوی کو فتویٰ کفر

★ یہ فتویٰ دیوبندیوں کے گلے میں مچھلی کے کانٹے کی طرح پھنس کر رہ گیا ★

دارالافتاء دیوبند کی طرف سے جو فتویٰ موصول ہوا ہے وہ درج ذیل ہے۔ مولانا محمد قاسم صاحب دارالعلوم دیوبند کی عبارت:

"دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہے، ہر قسم کا حکم یکساں نہیں، ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں۔ بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں۔ خالی غلطی سے نہیں۔" (تصفیۃ العقائد صـ۳۱)

۷۸۶

الجواب: "انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں۔ ان کو مرتکب معاصی سمجھنا العیاذ باللہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ نہیں، اس کی وہ تحریر خطرناک بھی ہے اور عام مسلمانوں کو ایسی تحریرات پڑھنا جائز بھی نہیں۔ فقط

(واللہ اعلم سید احمد سعید نائب مفتی دارالعلوم دیوبند)

جواب صحیح ہے، ایسے عقیدے والا کافر ہے۔ جب تک وہ تجدید ایمان اور تجدید نکاح نہ کرے اس سے قطع تعلق کریں۔ (مسعود احمد عفی اللہ عنہ)

مہر دارالافتاء فی دیوبند الہند۔

المشتہر: محمد عیسیٰ نقشبندی ناظم مکتبہ اسلامی لودھراں ضلع ملتان۔

جب یہ اشتہار شائع ہوا تو تمام دیوبندیوں کے دل کے دھڑکنیں تیز ہو گئیں اور شور اٹھا کہ غلط ہے، غلط ہے۔ جب مفتی دیوبند کو پتہ چلا، اوہ یہ تو ؎

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

تو اعلان کر دیا کہ یہ جعل ہے۔ جماعت اسلامی نے خود بنایا ہے۔ اس اعلان پر تبصرہ کرتے ہوئے دیوبند کا ماہنامہ "التجلی" لکھتا ہے

"اگر بعد میں یہ ثابت ہو جاتا کہ یہ عبارت اور عقیدہ خود اپنے گھر کا ہے تو ہزار برس بھی اس فتویٰ کو غلط نہ کہا جاتا۔" ("التجلی" دیوبند ماہ مئی ۱۹۵۷ء)

مذکورہ بالا فتویٰ سے دو چیزیں ظاہر ہو گئیں:

۱۔ مفتیان دیوبند فتویٰ لکھ کر پھر اس کا انکار کر دیتے ہیں۔

۲۔ توہین آمیز کفریہ عبارات مفتیان دیوبند کے نزدیک بھی کفریہ اور توہین آمیز ہی ہیں مگر فرق صرف یہ ہے کہ اگر یہ عبارات کوئی اور لکھے تو بلاشک وشبہ کافر اور اس کا نکاح فاسد لیکن اگر دیوبندیوں کے استاذ لکھیں تو عین اسلام! اس سے بڑھ کر بھی کوئی بددیانتی متصور ہو سکتی ہے؟ سچ ہے ؎

تمہاری زلف میں پہنچی تو حسن کہلائی
وہ تیرگی جو میرے نامہ سیاہ میں ہے

ناظرین! ان اکاذیب اور انکارات کا پورا منظر ہم کو المہند (جو کہ تمام دیوبندیوں کی تصدیق شدہ کتاب ہے) میں ملتا ہے۔ جب دیوبندیوں کی توہین آمیز عبارات علمائے حرمین طیبین کے سامنے پیش ہوئیں اور انہوں نے ان عبارات کو کفریہ قرار دیا تو دیوبندیوں نے دیکھا کہ ہماری سازشوں کا بیڑا غرق ہوا چاہتا ہے تو تمام دیوبندی مولویوں نے علمائے حرمین کو لکھا، یہ عقائد ہمارے نہیں ہیں اور وہ عقائد جو ان کی کتابوں میں مکمل درج ہیں۔ سب کا انکار کر دیا۔ ہم دعوت دیتے ہیں کہ ایک طرف "تقویۃ الایمان"، "براہین قاطعہ"، "فتاویٰ

رشیدیہ"، "بلغۃ الحیران"، "صراطِ مستقیم" وغیرہ رکھئے اور دوسری طرف "المہند" تو آپ کو صاف صاف ان توہین آمیز تحریروں سے انکار نظر آئے گا۔ فتاویٰ رشیدیہ ص۱۱ جلد اول پر ہے کہ:

"محمد ابن عبدالوہاب کے عقائد عمدہ تھے۔ مذہب ان کا حنبلی تھا"

اور المہند میں ص۱۹ پر ہے:

"ہمارے نزدیک محمد بن عبدالوہاب کا وہی حکم ہے جو صاحبِ ردالمختار کا ہے۔ یعنی خارجی ہے"

یہی حال تمام کتاب کا ہے یعنی انکار ہی انکار، اور پھر بہ دھوکہ علماء کے حرمین الشریفین کو، اور علمائے حرمین کو دھوکا اور عوام کو گمراہ کرنے کے لیے اہلِ سنت کا لبادہ۔ سچ ہے سے

لباسِ خضر میں یہاں سینکڑوں رہزن بھی پھرتے ہیں
اگر دنیا میں رہنا ہے تو کچھ پہچان پیدا کر

برادرانِ ملت! یہ تھا علمائے دیوبند کا مسلک مسئلہ امکانِ کذب باری تعالیٰ میں، اب اس کے متعلق علمائے اہلِ سنت کا عقیدہ ملاحظہ ہو:

اہلِ سنت کا عقیدہ قرآن کریم کی روشنی میں جمہور علمائے حنفیہ اہلِ سنت وجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ کذب (جھوٹ) عیب اور نقص ہے اور اللہ تعالیٰ تمام عیوب ونقائص سے پاک ہے۔ اس کی تمام صفات واجبہ ہیں ممکنہ نہیں اور اللہ تعالیٰ کے حق میں امکانِ کذب کا عقیدہ کفر والحاد ہے۔

قرآن کریم کا ارشاد ہے:

۱۔ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ○

کلام میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچا کون ہے

۱۔ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝

بے شک جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ بخشے نہیں جائیں گے

۳۔ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

تھوڑا برتنا ہے اور ان کے لیے عذاب دردناک ہے۔

لَعْنَتُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۝

جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت۔

ان آیات سے کذب کی برائی ظاہر ہے اور بری چیز کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کرنا شانِ الوہیت میں سخت گستاخی اور بے ادبی ہے۔

۴۔ حضرت علامہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر کبیر صفحہ ۲۵۶ جلد ۵ زیرِ آیت وظنوا انھم قد کذبوا فرماتے ہیں:

ان المومن لا یجوز ان یظن باللہ الکذب، بخرج بذالک عن الایمان۔

کسی مومن کے لیے جائز نہیں کہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ کا گمان کرے۔ اس گمان سے ایمان سے خارج ہوگا۔

۵۔ اسی تفسیر کبیر میں آگے چل کر فرماتے ہیں:

ان العقلاء اجمعوا علیٰ انہ منزہ من الکذب۔

عقلاء نے اللہ تعالیٰ کے کذب سے پاک ہونے پر اجماع کیا ہے۔

۶۔ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

الکذب علیہ تعالیٰ محال۔

جھوٹ اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔

۷۔ اور شرح عقائد جلالی میں ہے:

"امكان المحال محال۔"

محال کا امکان بھی محال ہے۔

علامہ علی قاری اور علامہ جلال دوانی کی ان تصریحات سے ثابت ہو گیا کہ جھوٹ اللہ تعالیٰ پر محال ہے اور یہ مسئلہ متفق علیہ ہے کہ محال قدرت کے تحت داخل نہیں۔

۸۔ علامہ کمال الدین مسامرہ صفحہ ۱۶۸ جلد ۲ پر فرماتے ہیں:

"ولا یوصف اللہ تعالیٰ بالقدرۃ علی الظلم والسفہ والکذب لان المحال لا یدخل تحت القدرۃ۔"

"اللہ تعالیٰ کو ظلم، بے وقوفی، جھوٹ سے متصف نہیں کیا جا سکتا کیونکہ محال قدرت کے تحت داخل نہیں ہے۔"

۹۔ یہی الفاظ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح فقہ اکبر میں فرمائے ہیں۔

۱۰۔ عقائد کی مشہور کتاب عقائد عضدیہ کے صفحہ ۲۳ جلد ۲ میں ہے:

"والکذب نقص والنقص علیہ محال فلا یکون من الممکنات ولا تشتملہ القدرۃ۔"

"کذب نقص ہے اور نقص اللہ تعالیٰ پر محال ہے ممکن نہیں اور قدرت باری اس کو شامل نہیں۔"

۱۱۔ شرح مواقف صفحہ ۶۰۴ میں ہے:

"انہ نقص والنقص علیہ محال اجماعاً۔"

۱۲۔ اسی طرح علامہ قاضی، ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر مظہری میں فرمایا ہے:

"انہ نقص مستحیل علی اللہ تعالیٰ۔"

۱۳۔ شرح عقائد جلالی میں ہے:

"ولا یصح علیہ الحرکۃ والانتقال والجہل والکذب لانہا

نقص والنقص علی اللہ تعالیٰ محال :

"اللہ تعالیٰ پر حرکت، انتقال، جہل، کذب صحیح نہیں۔ اس لیے کہ یہ نقائص ہیں اور نقص اللہ تعالیٰ پر محال ہے"

نوٹ: ناظرین مندرجہ بالا حوالہ جات سے ثابت ہو گیا کہ :

۱۔ کذب نقص ہے۔

۲۔ نقص اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔

۳۔ محال قدرت کے تحت داخل نہیں۔

یہ ہے عقیدہ جمہور علماء ملت اسلامیہ کا، معتزلیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کذب پر لقیدرو لا بفعل جھوٹ بولنے پر قادر ہے مگر بولتا نہیں یعنی کذب قدرت کے تحت داخل ہے اور یہی عقیدہ ہے علماء دیوبند کا۔ ملاحظہ ہو فتاویٰ رشیدیہ ص۹ جلد ۱:

"کذب داخل تحت قدرت ہے"

بلکہ یہ لوگ معتزلیوں سے ایک قدم آگے ہیں۔ وہ تو صرف جھوٹ کو قدرت کے تحت داخل جانتے ہیں اور یہ جھوٹ کو اللہ کے لیے کمال تصور کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو رسالہ یک روزی ص۱۴۵ مصنفہ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی:

"عدم کذب را از کمالات حضرت حق سبحانہ می شمارند و او را جل شانہ بآں مدح می کنند بخلاف اخرس و جماد کہ ایشاں را کسے بعدم کذب مدح نمیکند وظاہر است کہ صفت کمال ہمیں است کہ شخصے قدرت بر تکلم کلام کاذب می دارد و بنا بر رعایت مصالح و مقتضائے حکمت بے تنزیہ از شوب کذب تکلم بکلام کاذب نمی نماید ہمہ شخص ممدوح می گردد و خلاف کسے کہ اوسان او ماؤف شدہ باہر گاہ ارادہ تکلم کلام کاذب می نماید آواز او بند می گردد یا کسے دیگر دہن او را بند نماید، ایں اشخاص نزد عقلاء قابلِ

مدح نمیکنند۔"

ترجمہ: "جھوٹ نہ بولنے کو اللہ تعالیٰ کے کمالات سے گنتے ہیں۔ اس سے اس کی مدح کرتے ہیں بخلاف گونگے اور پتھر کے اور صفت کمال یہی ہے کہ جھوٹ پر قدرت رکھتے ہوئے بلحاظ مصلحت اس کے آلائش سے بچنے کے لیے جھوٹ نہ بولے وہی شخص قابل تعریف ہوتا ہے۔ بخلاف اس کے کہ جس کی زبان ماؤف ہو گئی ہو یا جب کبھی جھوٹ بولنے کا ارادہ کرے۔ اس کی آواز بند ہو جائے یا کوئی اس کا منہ بند کر دے، یہ لوگ عقل مندوں کے نزدیک قابل تعریف نہیں ہیں۔"

مولوی اسمٰعیل صاحب کی اس عبارت کو مولوی محمود الحسن نے اپنی کتاب جہد المقل میں نقل کیا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے:

"جو لوگ جھوٹ نہ بولنے کو اللہ تعالیٰ کا کمال سمجھتے ہیں اور اس سے اللہ تعالیٰ کی مدح کرتے ہیں یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کو جھوٹ بولنے پر قادر نہیں سمجھتے اور اس کا جھوٹ بولنا محال جانتے ہیں یہ اللہ کی تعریف نہیں ہو سکتی اور نہ یہ کوئی کمال ہے۔ بلکہ کمال تو یہ ہے کہ قدرت رکھتے ہوئے کسی مصلحت کے سبب اس کی آلائش سے بچنے کے لیے جھوٹ نہ بولے۔"

معلوم ہوا کہ مولوی اسمٰعیل کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا محال نہیں اور یہی کہا ہے مولوی اسمٰعیل نے اسی رسالہ یک روزی کے صفحہ ۲۹ پر:

"لا نسلم کہ کذب مذکور محال بمعنی مسطور باشد"

ترجمہ: "ہم نہیں مانتے کہ جھوٹ بولنا محال بمعنی مسطور (تحت قدرت الٰہی نہیں)"

آگے لکھتے ہیں:

"والّا لازم آید کہ قدرت انسانی زاید از قدرت ربانی باشد۔"

ترجمہ: "اگر خدا جھوٹ نہ بول سکے تو یہ لازم آئے گا کہ انسان کی قدرت اللہ کی قدرت سے بڑھ جائے۔"

یعنی جو کام آدمی کر سکتا ہے اللہ تعالیٰ بھی کر سکتا ہے اور مولوی خلیل احمد نے بھی اپنی جہالت کے تحت اس کلیہ (جو مقدور العبد ہے وہ مقدور اللہ ہے) کا ترجمہ بھی یہی کیا ہے کہ جو کام آدمی کر سکتا ہے۔ اللہ بھی کر سکتا ہے۔ یعنی کھانا، پینا، سونا، اٹھنا، بیٹھنا، چوری فساد، ڈاکہ، شادی کرنا، بچے جننا وغیرہ وغیرہ۔

(نعوذ باللہ تعالیٰ عن ذالک علواً کبیراً)

ناظرینِ کرام! اس تقریر سے ثابت ہوگیا کہ دیوبندیوں کے نزدیک:

۱۔ جو کام انسان اپنے لیے کر سکتا ہے، خدا بھی اپنے لیے کر سکتا ہے۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا محال نہیں، یعنی بول سکتا ہے۔

اور جمہور علمائے اسلام کے نزدیک:

۱۔ جھوٹ عیب ہے۔

۲۔ عیب اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔

۳۔ محال قدرت کے تحت داخل نہیں۔

۴۔ امکان کذب وجوب ذاتی کے منافی ہے۔

۵۔ اور جو وجوب ذاتی کے منافی ہو اس سے اللہ تعالیٰ کا موصوف ہونا جائز نہیں۔

۶۔ اللہ تعالیٰ کی صفات واجبہ یقینیہ ہیں۔

۷۔ اور اگر امکان کذب الٰہی مانیں تو پھر اس کا عمل حادث ہونا لازم آئے گا۔ جو یقیناً باطل و مردود ہے۔

خلفِ وعید: دیوبندی حضرات کا امکان کذب الٰہی کو خلف وعید کی فرع ماننا اور پھر یہ کہنا کہ چونکہ بعض متاخرین نے خلف وعید کو جائز سمجھا ہے لہٰذا

امکان کذب باری تعالیٰ بھی جائز ہے۔ ان کی سراسر جہالت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے خلفِ وعید اور امکان کذب الٰہی کو ایک ہی چیز تصور کیا۔ حالانکہ خلف وعید اور امکان کذب دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جن علماء نے خلف وعید کو جائز کہا وہی اس کے ساتھ ساتھ امکان کذب الٰہی کو محال فرما رہے ہیں۔ اگر وہ امکان کذب الٰہی کو خلف وعید کی فرع مانتے تو ہرگز ہرگز امکان کذب کو محال نہ کہتے، معلوم ہوا کہ وہ ان کو دو علیحدہ علیحدہ چیزیں مانتے تھے۔ دیکھئے شرح مقاصد میں یہ لکھا ہے:

"ان المتاخرین منھم یجوزون الخلف فی الوعید"

وہیں کچھ آگے چل کر یہ الفاظ موجود ہیں کہ:

"الکذب محال باجماع العلماء لان الکذب نقص باتفاق العقلاء وھو علی اللّٰہ تعالیٰ محال"

مواقف میں ہے:

"لا یعد الخلف فی الوعید نقصا"

اسی مواقف میں یہ عبارت بھی پڑھیئے:

"انہ تعالیٰ یمتنع علیہ الکذب اتفاقاً"

بالاتفاق کذب باری تعالیٰ محال ہے اور پھر جو علماء نے ملت خلف کو جائز جانتے تھے وہ صرف وعید میں ہی جواز کے قائل تھے، وعدہ میں نہیں۔ کیونکہ وعید سے مراد اخبار نہیں، انشاء تخویف و تہدید ہے۔ فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت میں ہے:

"الخلف فی الوعید جائز فان الخلف فیہ نقص مستحیل علیہ سبحانہ ورد بان ایعاد اللّٰہ خبر فھو صادق قطعاً لاستحالۃ الکذب لنا لک واعتذر بان کونہ خبراً ممنوع بل ھو انشاء للتخویف فلا باس حینئذ فی الخلف"

یعنی عقلاء کے نزدیک وعید میں خلف جائز ہے اور وعدہ میں نہیں کیونکہ خلف فی الوعد نقص ہے اور نقص اللہ تعالیٰ پر محال لیکن وعید کی خبر خبر نہیں انشاء تخویف ہے۔ اور تفسیر بیضاوی انوار التنزیل، روح البیان اور شرح عقائد وغیرہ میں آیات وعید کے متعلق صاف صاف تصریح موجود ہے کہ یہ آیات عفو سے مقید و مخصوص ہیں۔ یعنی جنہیں معاف نہ فرمائے گا وہ سزا پائیں گے۔ امکان کذب تو تب ہوتا اگر حتماً وعید فرمائی جاتی۔ اب جب یہ مقید بعدم عفو ہو گیا، چاہے وعید واقع ہو نہ ہو، اس کا کلام یقیناً یقیناً سچ ہے۔ صاحب روح المعانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"کذب کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف بالکلیہ محال ہے۔"

ناظرین! مندرجہ بالا تفصیلی بحث سے ثابت ہو گیا کہ دیوبندیوں کا عقیدہ امکان کذب الٰہی بالکل باطل اور خیال فاسد ہے۔ جس پر جمہور علمائے ملت اسلامیہ متفق ہیں۔

۳۔ دیوبندی عقیدہ: اللہ تعالیٰ جہت اور مکان سے پاک نہیں۔

دیو بندی مذہب کے امام اکبر مولوی اسمٰعیل دہلوی اپنے رسالہ ایضاح الحق کے ص۳۵ پر لکھتے ہیں:

"تنزیہ او تعالیٰ از زمان و مکان و جہت و اثبات رویت بلا جہت و محاذات .... ہمہ از قبیل بدعات حقیقیہ است۔ اگر صاحب آں اعتقادات مذکورہ را از جنس عقائد دینیہ می شمارد۔"

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ کو زمان و مکان و جہت سے پاک جاننا اور اللہ تعالیٰ کے دیدار کو بلا جہت و محاذات ماننا یہ عقیدہ بدعات حقیقیہ سے ہے، جب کہ ان اعتقادات کو عقائد دینیہ سے شمار کرے۔"

معلوم ہوا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو جہت و مکان وغیرہ سے

پاک جاننا بدعت حقیقی یعنی گمراہی ہے۔

اب ہم صرف اس انتظار میں ہیں کہ دیوبندی مصنفین اپنی پٹاری سے ایک فتویٰ نکالیں اور اپنے الامہ شہید کو اس میں لپیٹ دیں۔ کیا وہ ایسا کریں گے؟

اہلِ سنّت کا عقیدہ اللہ تعالیٰ مکان و جہت سے پاک و منزہ ہے، قیامت کے دن اسکا دیدار بھی بلا جہت و محاذات ہوگا۔ یہی عقیدہ جمہور علمائے اسلام کا ہے۔ چنانچہ ملاحظہ ہو فتاویٰ عالمگیری صفحہ ۲۵۹ جلد ۲:

"یکفر باثبات المکان للہ تعالیٰ"

یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے مکان کا اثبات کرنا کفر ہے۔ نیز شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۵ میں فرماتے ہیں:

"عقیدہ سیزدہم آنکہ حق تعالیٰ را مکان نیست و او را جہتے از فوق و تحت متصور نیست و ہمیں است مذہب اہل سنّت و جماعت"

ترجمہ: اہل سنت و جماعت کا مذہب یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے فوق، تحت، جہت، مکان نہیں ہے"

ان کے علاوہ عقائد کی تمام کتابوں میں یہ مسئلہ اسی طرح موجود ہے۔

۴۔ دیوبندی عقیدہ تمام باتیں لوحِ محفوظ میں لکھی ہوئی نہیں۔

دیوبندیوں کے قطب الاقطاب مولوی رشید احمد گنگوہی کے شاگردِ اعظم مولوی حسین علی واں بھچراں اپنی تفسیر بلغۃ الحیران صفحہ نمبر ۱۵۷، ۱۵۸ پر یوں رقمطراز ہیں:

"کل فی کتٰب مبین"

یہ علیحدہ جملہ ہے ماقبل کے ساتھ متعلق نہیں تاکہ یہ لازم آئے کہ تمام باتیں اولاً کتاب میں لکھی ہوئی ہیں۔ جیسا کہ اہل سنت و جماعت کا مذہب ہے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ فرشتے

لکھ رہے ہیں۔

ناظرین! مولوی چھپری کی اس عبارت سے دو چیزیں بداہۃً سامنے آگئیں:

۱۔ یہ کہ دیوبندیوں کے نزدیک مسئلہ تقدیر کا کوئی وجود نہیں۔

۲۔ یہ کہ دیوبندی اہل سنّت وجماعت نہیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ مولوی حسین علی کی یہ عبارت کہ:

"جیسا کہ اہل سنت کا مذہب ہے۔"

اور پھر اس اہلِ سنّت کے عقیدہ سے انکار صاف صاف بتا رہا ہے کہ دیوبندی عقائد اہل سنّت کے خلاف ہیں۔ مسئلہ امکان کذب باری تعالیٰ ہیں بھی یہ لوگ معتزلہ کے ساتھ رہے اور یہاں بھی یہی حال ہے یعنی مسئلہ تقدیر میں جو مسلک معتزلہ کا ہے وہی دیوبندیوں کا ہے، وہ بھی منکر، یہ بھی منکر، ——————

اہل سنّت کا عقیدہ

اللہ تعالیٰ نے ازل سے سب چیزوں کو لوحِ محفوظ پر لکھ دیا ہے چنانچہ سورہ حدید میں ہے:

"مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرٌ"

ترجمہ: "زمین اور تمہاری جانوں میں کوئی مصیبت نہیں پہنچی مگر ہم نے اس کو پیدا ہونے سے پہلے ہی لکھ دیا ہے۔ بے شک یہ اللہ پر بڑا ہی آسان ہے۔"

اور رہا یہ کہ کل فی کتب مبین علیحدہ جملہ ہے تو اس کی کیا دلیل؟ بلکہ اگر بالفرض اسکو علیحدہ بھی مان لیں پھر بھی یہ حقیقت دیگر آیات واحادیث سے روزِ روشن کی طرح ثابت ہے۔ اور اس کا انکار متعصب منکر کے سوا اور کون کرسکتا ہے۔

۵۔ دیوبندی عقیدہ

اللہ تعالیٰ مولوی رشید کے تابع ہے۔

جب مولوی رشید احمد گنگوہی مر کر مٹی میں مل گئے تو تمام دیوبندیوں کے گھروں میں صف ماتم بچھ گئی اور مولوی محمود الحسن صاحب صدر دیوبند نے "مرثیہ" لکھا، اس میں مولوی رشید احمد کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

" جدھر کو آپ مائل تھے ادھر ہی حق بھی دائر تھا
میرے قبلہ میرے کعبہ تھے حقانی سے حقانی "

(مرثیہ محمود الحسن صہ۱۳)

یعنی جدھر مولوی رشید احمد مائل ہوتا ہے حق تعالیٰ بھی ادھر ہی مائل ہوتا ہے۔ گویا حق تعالیٰ رشید احمد کے تابع ہے (نعوذ باللہ)

ایک دفعہ میں نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا چاہتا ہے تو دیوبندیوں نے وہ شور برپا کیا کہ الامان الحفیظ دیکھئے۔ مولوی شریف نے اللہ کو حضور کے تابع بنا دیا، اس نے نبی کو خدا سے بڑھا دیا۔ حالانکہ میں نے اس کیلئے قرآن کریم کی دو آئتیں اور ایک حدیث قدسی بھی پیش کیں جو ملاحظہ ہوں :

۱- ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ ۔

۲- فلنولینک قبلۃ ترضاھا ۔

حدیث قدسی :

کلھم یطلبون رضائی وانا اطلب رضاک یا محمد

مگر اس کے باوجود بھی کفر و شرک کی مشینیں گولے برسانے لگیں۔

کیا کسی دیوبندی پٹھاری میں مولوی محمود الحسن کے لیے کوئی فتویٰ ہے ؟ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کو مولوی رشید احمد کے تابع سمجھتے ہیں۔

مولوی رشید احمد خدا ہے اور اس کی قبر طور ہے اور

۴- دیوبندی عقیدہ   مولوی محمود الحسن موسیٰ علیہ السّلام۔

اسی مرثیہ کے صک پر مولوی محمود الحسن نے لکھا ہے :-

" تمہاری تربت انور کو دے کر طور سے تشبیہ

کہوں ہوں بار بار ارنی میری دیکھی بھی نادانی "

یعنی رشید احمد گنگوہی کی قبر طور ہے اور پھر ارنی کہنے والے مولوی محمود الحسن موسیٰ علیہ السلام ہیں اور مولوی رشید اللہ تعالیٰ ، (لعنت ، لعنت)

اگر کوئی سنّی مسلمان کسی مزار پہ فاتحہ پڑھے تو مشرک ، گیارہویں کا ختم دلائے تو مشرک میلاد منائے تو مشرک اور دیوبند کے صدر صاحب مولوی رشید کو خدا بنا ڈالیں اور خود موسیٰ علیہ السلام بن بیٹھیں اور قبر کو طور ، تو یہ عین توحید ہے۔ کیوں ! اس لیے کہ دیوبندی مولوی نے لکھا ہے۔ :-

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

۷۔ دیوبندی عقیدہ ○ مولوی رشید احمد مخلوق کا پالنے والا ہے۔

اسی مرثیہ کے صلا پر ہے :-

خدا ان کا مربّی وہ مربّی تھے خلائق کے

میرے مولا میرے ہادی تھے بیشک شیخ ربانی

یعنی اللہ تعالیٰ صرف مولوی رشید احمد کو پالتا ہے اور آگے مولوی رشید تمام جہان کے مربّی یعنی پالنے والے ہیں۔

۸۔ دیوبندی عقیدہ ○ دیوبندیوں کا کعبہ گنگوہ ہے۔ :-

" پھریں تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا رستہ

جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے ذوق و شوق عرفانی "

یعنی دیوبندی کعبۃ اللہ پہنچ کر بھی رشید احمد گنگوہی کے شہر کا پتہ پوچھتے رہتے ہیں۔ (مرثیہ ص۱۳)

ناظرین! یہ ہے وہ دیوبندی توحید جس کی ہر روز رٹ لگائی جاتی ہے۔ اور بلند بانگ دعوے کیے جاتے ہیں کہ ہم ہی پکے موحد ہیں اور باقی سارا جہاں مشرک۔ اگر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان والا تبار میں الفاظ کہے جائیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام نعمتوں کے قاسم ہیں کسی کو جو کوئی نعمت ملتی ہے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے ملتی ہے تو شرک، کفر کے فتوے حرکت کرنے لگتے ہیں۔ اب ہم منتظر ہیں کہ کب کسی دیوبندی کی پٹاری سے کوئی فتویٰ نکلے اور مولوی محمود الحسن صدر دیوبند کی خدمت میں پیش ہو۔ مگر یہ کیسے ہو سکتا ہے فتوے تو سارے بریلویوں کے لیے وقف ہیں یعنی اگر سنی بریلوی حضور علیہ السلام کو صرف وسیلہ عظمیٰ ہی مانے تو کافر، مشرک۔ لیکن دیوبندیوں کے صدر ——— رشید احمد کو بنا ڈالیں تو ——— یہ عین توحید ہے۔

آپ ہی اپنی جفاؤں پر ذرا غور کریں
ہم اگر بات کریں گے تو شکایت ہو گی!

۹۔ دیوبندی عقیدہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ عالم الغیب ہے۔

"اسی طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کر لیجئے یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے۔" (تقویۃ الایمان ص۲۳ مولوی اسمٰعیل دہلوی)

معلوم ہوا کہ دیوبندیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا علم قدیم و واجب نہیں، اسمٰعیل کے یہ الفاظ کہ غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو، یعنی اس کو غیب معلوم کرنے کا اختیار ہے، جب چاہے کر لے، اور جب نہ چاہے تو .... اور پھر لفظ اختیار صاف صاف بتا رہا ہے کہ مولوی اسمٰعیل کے نزدیک خدا تعالیٰ کی یہ صفت اختیاری ہے واجبہ نہیں اور اختیار

حدوث کو مستلزم ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ دیوبندیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا علم قدیم نہیں، حادث ہے اور وہ ہر وقت عالم الغیب نہیں، جب چاہتا ہے دریافت کر لیتا ہے ورنہ جاہل۔
(نعوذ باللہ الف الف مرۃ)

اہل سنت کا عقیدہ: جو کوئی اللہ تعالیٰ کو ایک لمحہ کے لیے بھی بے علم مانے وہ کافر ہے مرتد ہے کیونکہ اس کا علم قدیم ہے، حادث نہیں، اس کی تمام صفات واجبہ ہیں ممکنہ نہیں۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیری صہ ۲۵۹ ج ۲ میں ہے:

"ویکفر اذا وصف اللّٰہ تعالیٰ بما لا یلیق بہ او نسبہ الی الجھل او العجز والنقص"

ترجمہ: "جو اللہ تعالیٰ کو جہالت عجز اور نقص سے منسوب کرے جو کہ اس کی شان کے لائق نہیں، تو کافر ہوگا۔"

اسی فتاویٰ کے صہ ۲۶۲ جلد ۲ میں ہے:

"لو قال علم خدائے قدیم نیست یکفر"

ترجمہ: "جو کہے کہ اللہ کا علم قدیم نہیں ہے، کافر ہے۔"

فتاویٰ تاتارخانیہ میں بھی یونہی موجود ہے۔

۱۰۔ دیوبندی عقیدہ: اللہ تعالیٰ برے کام بھی کر سکتا ہے۔

"افعال قبیحہ مقدور باری تعالیٰ ہیں"
(الجہد المقل صہ ۸۳ جلد اول مصنفہ مولوی محمود الحسن دیوبندی)

معلوم ہوا کہ دیوبندیوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ چوری، شراب خوری، زنا وغیرہ کر سکتا ہے۔
(تفصیل کے لیے دیکھیے صہ ۔۔)

ناظرین کرام! آپ نے مندرجہ بالا دس تصریحات سے دیوبندیوں کے توحید

باری تعالیٰ میں قدر نظریات ملاحظہ فرما لیے، اب ان لوگوں کے وہ نظریات جو انہوں نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیائے کرام و اولیائے عظام کے متعلق قائم کیے ہوئے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:

۱۱۔ دیوبندی عقیدہ

★ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر کروڑوں ہو سکتے ہیں۔

★ حضور علیہ السلام کا مثل ممکن ہے۔

★ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظیر ممکن ہے۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی مرشدِ اعظم مولوی فردوس علی اپنی کتاب "تقویۃ الایمان" کے صفحہ پر لکھتے ہیں:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی جن اور فرشتے جبرائیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔"

مولوی اسمٰعیل کی تائید میں مولوی فردوس علی صاحب "حیات النبی" کے صفحہ ۹۲ پر لکھتے ہیں:

"اگر ساری مخلوقات جیسی ہزاروں مخلوقات پیدا کرنا اللہ کی قدرت میں داخل ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظیر کا ممکن ہونا بھی ثابت ہو گیا۔"

مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی اپنی کتاب "براہین قاطعہ" کے صفحہ پر یوں رقمطراز ہیں:

"حضور علیہ السلام کی نظیر ممکن ہے۔"

ان تین حوالہ جات سے صاف ظاہر ہو گیا کہ مولوی اسمٰعیل، مولوی خلیل احمد، اور

مولوی قدوس علی وغیرہم کے نزدیک حضور علیہ السّلام کا مثل ہو سکتا ہے۔

اہل سنّت کا عقیدہ: سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم خاتم النّبیین ، رحمۃ اللعلمین ، شفیع المذنبین ہیں۔ لہٰذا حضور کی مثل محال بالذات ہے۔

تمام مفسرین نے اس آیت :

" ولکن الرسول اللّٰہ وخاتم النبیین "

کے تحت تصریح فرمائی ہے کہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلّم کی مثل محال بالذات ہے اور محال قدرت کے تحت داخل نہیں :

ولا یلزم منہ عجز القادر المطلق ۔

اور اس سے اللہ تعالیٰ کا عجز لازم نہیں آتا۔ بلکہ یہ امر بسبب محال ہونے کے اس کی قدرت سے متعلق نہیں ہو سکتا۔ اس مسئلہ میں تمام علماء سلف و خلف متفق ہیں۔ چنانچہ حضرت ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح فقہ اکبر میں علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "المعتمد فی المعتقد" سے نقل کیا ہے :

" قائل امکان مثلہ صلی اللہ علیہ وسلّم کافر "

" حضور علیہ السّلام کے امکان مثل کا قائل کافر ہے "

اور اسی شرح فقہ اکبر میں ایک قول حضرت علامہ نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کا درج ہے آپ فرماتے ہیں :

" اگر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے مثل کے امکان کا عقیدہ رکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کے ارشاد وخاتم النبیین کی تکذیب ہوگی اور قرآن کریم کی آیات کی تکذیب کفر ہے "

اللہ تعالیٰ نے فرمایا :

" ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللّٰہ الکذب "

ترجمہ " اور جو اللہ پر افترا باندھے جھوٹ کا اس سے زیادہ ظالم کوئی نہیں "۔

نیز شرح منہاج سے علامہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی یہی نقل کیا ہے کہ:

ترجمہ: "حضور علیہ السلام کے امکان مثل کا قول کفر ہے۔"

اس مسئلہ پہ علامہ مولانا فضل حق خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک کتاب " امتناع نظیر" صلی اللہ علیہ وسلم تحریر فرمائی جس کا مطالعہ ہر مومن کے لیے ضروری ہے۔

دو سوال دیوبندی مولویوں نے اپنے مرشد مولوی اسمٰعیل صاحب سے دو آیتیں یاد کر رکھی ہیں، جن کو بلا سوچے سمجھے محض جہالت کے طور پہ مسئلہ امکان مثل صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بطور دلیل پیش کرتے رہتے ہیں:

۱۔ اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ بَلٰی وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ○ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ○

ترجمہ: اور کیا وہ جس نے آسمان اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا؟ کیوں نہیں! اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا اور سب کچھ جاننے والا۔ اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے ہو جا، فوراً ہو جاتی ہے۔

۲۔ ان اللّٰہَ علٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

ان دو آیتوں سے سارے دیوبندیوں نے یہ نتیجہ نکالا کہ:

"اگر ساری مخلوقات جیسی ہزاروں مخلوقات پیدا کرنا اللہ کی قدرت میں داخل ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظیر کا ممکن ہونا بھی ثابت ہو گیا"

حالانکہ تمام تفاسیر معتبرہ میں صاف طور پر موجود ہے کہ آیت اولیٰ قیامت سے متعلق ہے اور اس کی تائید کرتی ہے۔ قرآن کریم کی یہ آیت جو سورہ حٰم الاحقاف میں ہے:

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِہِنَّ

بِقٰدِرٍ عَلٰی اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی ط بَلٰی اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

ترجمہ: "کیا انہوں نے نہ جانا کہ وہ اللہ جس نے آسمان اور زمین بنائے اور ان کے بنانے میں نہ تھکا۔ قادر ہے کہ مردے جلائے۔ کیوں نہیں بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے"۔

معلوم ہوا کہ یہ آیت احیاء موتی سے متعلق ہے اور اس کو سید عالم کے امکان نظیر کے ثبوت میں پیش کرنا بالکل غلط ہے کیونکہ اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قبر انور میں جسم منور کے ساتھ زندہ ہیں، جب زندہ ہیں تو زندہ کرنے کا کیا معنیٰ؟ ایک طرف تو دیوبندی مولوی دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم حضور کو مردہ نہیں زندہ سمجھتے ہیں اور دوسری طرف حضور علیہ السلام کو مردوں میں شامل کرتے ہیں۔ ع

بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

اور آیت ان اللّٰہ علی کل شئ قدیر میں مفسرین نے فرمایا ہے کہ "کُلِّ شَیْءٍ شَاءَ قَدِیْر" یہ الفاظ جلالین شریف کے ہیں اور اسی طرح باقی مفسرین نے بھی تصریح کی ہے کہ اللہ تعالیٰ جس چیز کو چاہے اس پر قادر ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ عاجز ہے بلکہ یہ کہ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل مانا جائے تو لامحالہ اس کو بھی خاتم النبیین ماننا ہوگا۔ اور خاتم النبیین حضور علیہ السلام کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خاصہ ہے۔ خاصہ کیا ہوتا ہے، اگر مولوی دیوبندی اس کو سمجھ لیتے تو شاید یہ مذموم عبارت لکھ کر قرآن کریم کی تکذیب نہ کرتے مگر سمجھیں کیا، ان کو تو فیروز اللغات کی لغات ہی یاد کرنے سے فرصت نہیں ملتی اور ان کا شب و روز کا مشغلہ بس یہی ہے، تفاسیر و احادیث سے انہیں کیا تعلق! بس ناقل ہیں جو مکھیاں مولوی اسمٰعیل اور رشید احمد اور ملا منظور نے ماری ہیں ان کو انہوں نے مسل دیا ہے۔ بھلا کہیں کوئی حدیث پاک کی عبارت نظر

پڑھی، کہیں سے الفاظ دیکھے، اگر وہ غلط لکھے ہیں تو غلط ہی درج کر دیے، اصل کتاب کو دیکھنا کہاں نصیب اور مولوی اسمٰعیل صاحب کے یہ الفاظ کہ:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی جن اور فرشتے، جبرائیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔"

کسی تشریح کے محتاج نہیں اور یہ الفاظ جس مرضِ قلبی کا پتہ دے رہے ہیں۔ وہ ظاہر ہے:

"کروڑں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔"

کیسی بے حیائی اور جرأت ہے سیدِ عالم کی شانِ اقدس میں۔

مولوی انور شاہ صاحب دیوبندی کہتے ہیں:

"ان التهور فی عرض الانبیاء کفر وان لم لقصد السب" (اکفار الملحدین)

ترجمہ: "اگرچہ بے ادبی کی نیت نہ کرے صرف جرأت کرنا ہی انبیاء کی شان میں کفر ہے۔"

"یاقومِ الیس منکم رجل رشید"

اور اس کے باوجود دیوبندیوں کے تابلی مولویوں کا دعویٰ ہے کہ یہ عبارت قرآن کریم کے عین مطابق ہے اور اس کے لیے ہزارہا آیات و احادیث پیش کی جا سکتی ہیں۔ (العیاذ باللہ)

مولوی صاحب! خدا کا خوف کیجئے، اللہ تعالیٰ کے حضور پیش ہونا ہے، کیوں اسمٰعیل کے کفریات کو اسلام ثابت کر کے اپنی عاقبت بھی خراب کر رہے ہو۔

سے ڈرو خدا سے ڈرو خوف کبریا سے ڈرو
نبی کی غصے میں ڈوبی ہوئی نگاہ سے ڈرو

۱۲۔ دیوبندی عقیدہ مولوی رشید احمد گنگوہی، حضور علیہ السلام کا ثانی ہے۔

ع زبان پر اہل اہوا کی ہے کیوں اعلِ ہبل شاید
اٹھا دنیا سے کوئی بانیٔ اسلام کا ثانی

(مرثیہ مولوی محمود الحسن صـ۷)

معلوم ہوا کہ دیوبندی مولوی، رشید احمد کو (سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم) کا ثانی سمجھتے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

۱۳۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام مولوی اشرف علی کی طرح تھے۔

"حضور علیہ السلام ہمارے مولانا تھانوی کی شکل ہیں" (اصدق الرؤیا صـ۲۵)
"آپ کا قد مبارک اور رنگت اور چہرہ شریف اور تن شریف حضرت والا اشرف علی جیسا تھا" (اصدق الرؤیا صـ۵)

اہلِ سنّت کا عقیدہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مثل اور نظیر محال ہے۔ جو مخلوق میں کسی کو حضور کا ثانی سمجھے اور حضور کے بے مثل ہونے کا قائل نہ ہو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

۱۴۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام کسی چیز کے مختار نہیں۔

"ان کاموں کا مختار ہے اس کا نام اللہ ہے، محمد یا علی نہیں اور جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں" (تقویۃ الایمان صـ۴۳)

اہلِ سنّت کا عقیدہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلّم کو تمام اختیارات عطا فرما دیئے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

باذن اللہ مختار کل ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو علی الاطلاق یہ کہہ دینا کہ وہ کسی چیز کے مالک و مختار نہیں سخت بے ایمانی ہے اور قرآن پاک کی متعدد آیات کا انکار ہے۔ سورہ توبہ میں پروردگار عالم ارشاد فرماتا ہے:

۱۔ وَمَا نَقَمُوْا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

ترجمہ: اور انہیں کیا برا لگا یہی نا! کہ اللہ و رسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے اور اگر منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کرے گا، دنیا اور آخرۃ میں اور زمین کوئی نہ انکا حمایتی ہوگا۔

۲۔ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝

ترجمہ: "لڑو ان سے جو ایمان نہیں رکھتے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے۔ یعنی وہ جو کتاب دیے گئے جب اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔"

۳۔ "اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ"

ترجمہ: "اے محبوب بے شک ہم نے آپ کو کثیر خوبیاں عطا فرمائیں۔"

۴۔ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ

وَیَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗۤ ۙ اُولٰٓىٕكَ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۠

ترجمہ: جو رسول کریم کی پیروی کریں گے اور اس کے ظہور کی خبر اپنے یہاں تورات اور انجیل میں لکھی پائیں گے، وہ انہیں نیکی کا حکم دے گا اور برائی سے نکلنے کا، پسندیدہ چیزیں حلال کرے گا اور گندی چیزیں حرام ٹھہرائے گا۔ اس بوجھ سے نجات دلائے گا جس کے تلے دب گئے ہوں۔ ان پھندوں سے نکالے گا۔ جن میں وہ گرفتار ہوں گے۔ تو جو لوگ اس پر ایمان لائے اس کے مخالفوں کے مقابلہ میں روک بنے اور راہ حق میں اس کی مدد کی اور اس روشنی کے پیچھے ہوئے جو اس کے ساتھ بھیجی گئی ہے، سو وہی کامیاب ہیں۔"

۵۔ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا

اَنْ یَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ ؕ

ترجمہ: کسی مومن مرد اور عورت کو کوئی اختیار نہیں جب اللہ اور اس کا رسول کسی امر میں کوئی فیصلہ فرما دیں۔

۶۔ فَلَا وَرَبِّكَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى یُحَكِّمُوْكَ فِیْمَا شَجَرَ

بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا

تَسْلِیْمًا ؕ

ترجمہ: "تیرے رب کی قسم مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے امور میں آپ کو حکم نہ بنائیں پھر آپ کے فیصلے سے اپنے قلوب میں کوئی بار نہ پائیں۔ اور صحیح طور پر تسلیم کر لیں۔"

۷۔ وَمَاۤ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۔

ترجمہ: "جو تمہیں رسول اکرم دیں لے لو اور جس سے روک دیں رک جاؤ۔"

۸۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

"اُوْتِیْتُ مَفَاتِیْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَتْ فِیْ یَدِیْ"

(بخاری شریف ص۵۰۹)

ترجمہ: "زمین کے تمام خزانوں کی کنجیاں میرے ہاتھ میں دے دی گئی ہیں۔"

۹۔ اور مسند امام احمد طبرانی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک اور روایت ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں:

"اُوْتِیْتُ مَفَاتِیْحَ کُلِّ شَیْءٍ"

ترجمہ: "مجھے ہر چیز کی کنجیاں دے دی گئی ہیں۔"

۱۰۔ "اِذَا یَئِسُوْا اَلْکَرَامَۃُ وَالْمَفَاتِیْحُ یَوْمَئِذٍ بِیَدِیْ وَلِوَاءُ الْحَمْدِ یَوْمَئِذٍ بِیَدِیْ۔"

ترجمہ: "قیامت کے دن جب لوگ ناامید ہوں گے، عزت اور کنجیاں میرے پاس ہوں گی اور حمد کا جھنڈا بھی اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا۔" تلک عشرۃ کاملۃ!

ان آیات و احادیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم دنیا اور آخرت کے خزانوں کی کنجیاں عطا فرما کر مالک و مختارِ کل بنا دیا۔ ؎

کنجیاں تمہیں دیں اپنے خزانوں کی خدا نے
محبوب کیا، مالک و مختار بنایا

اب جو کوئی کہے کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں، تو یہ صاف صاف قرآن کریم و احادیث طیبہ کا انکار ہے۔

اس عبارت میں ایک چیز نہایت غور طلب ہے، مولوی آبؔ

ایک الزام کا جواب

نے یہاں دو دفعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم پاک اور دو دفعہ حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام پاک لکھا ہے اور صرف لفظ محمد اور علی درج کیا ہے صلی اللہ علیہ وسلم ، رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہیں لکھا ۔ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب میں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں کتابت سہو سے لفظ رحمۃ اللہ رہ گیا تو مصنّف "چراغ سنت" نے وہ شور بدتمیزی برپا کیا کہ الامان والحفیظ اور اعلیٰ حضرت کو طرح طرح کی گالیاں دیں اور کہا کہ یہ مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بے ادبی ہے۔

اعلیٰ حضرت کے الفاظ ہیں:

جناب شیخ مجدد صاحب ، اگر ان الفاظ سے اعلیٰ حضرت پہ بے ادبی کا فتویٰ لگایا جا سکتا ہے، تو مفکر ملت ڈاکٹر اقبال نے بھی یہی الفاظ لکھے ہیں۔ ان پہ بھی فتویٰ لگا دیجئے۔ وہ لکھتے ہیں:

حاضر ہوا میں شیخ مجدد کی لحد پہ

دراصل کثرت استعمال سے نام مختصر لکھ دیا جاتا ہے، بے ادبی مقصود نہیں ہوتی، جب اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو مجدد مان لیا تو پھر بے ادبی متصور آ سکتی ہے اور پھر اعلیٰ حضرت کی ذات سے جنہوں نے اپنی تمام عمر اولیاء اللہ کی شان بیان کرتے گذار دی، دشمنان اولیاء کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"تم مجھے پچاس ہزار گالیاں ہر روز دو اور یوں ہی میرے باپ دادا کو تو مجھے اس شرط پر منظور ہیں کہ تم اولیاء و انبیاء کی شان میں بے ادبی کا کوئی کلمہ نہ کہو"

سبحان اللہ، آپ اندازہ فرمائیں جو مقدس ہستی اولیاء سے اتنی محبت و عقیدت رکھے اس سے بے ادبی کیسے متصور ہو سکتی ہے۔ اور آج ان کے ماننے والے ہی اولیاء اللہ کے اعراس و ختم شریف وغیرہ کراتے ہیں اور ان کی یاد کو تازہ کرتے رہتے ہیں۔ ان کے نام کی

نیازیں پکوا کر غربا و مساکین کو کھلاتے ہیں اور ان کی روحانیت سے فیض حاصل کرتے رہتے ہیں۔ بہرحال مولوی اسمٰعیل کے یہ الفاظ بڑے عام سے ہیں جس کا نام محمد یا علی ہے۔
حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

"بڑا بدنصیب ہے، وہ انسان جو میرا نام سن کر درود پاک نہ پڑھے۔"

مولوی اسمٰعیل صاحب کی یہ عبارت یقیناً شان رسالت و صحابیت میں صریح گستاخی ہے۔ پروردگار عالم جل مجدہٗ العظیم نے فرمایا:

"لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ کَدُعَاءِ بَعْضِکُمْ بَعْضاً"

ترجمہ: "اے مسلمانو! حضرت کو اس طرح نہ بلاؤ جس طرح آپس میں ایک دوسرے کو نام لے کر بلایا کرتے ہو۔"

ثابت ہوا کہ عام الفاظ سے حضور علیہ السلام کا نام لینا امر الٰہی کے خلاف ہے اور توہین و بے ادبی ہے۔

۱۵۔ دیوبندی عقیدہ صفت رحمۃ للعالمین حضور علیہ السلام کا خاصہ نہیں۔

مولوی رشید احمد گنگوہی سے ایک سوال پوچھا گیا ہم وہ سوال اور جواب دونوں درج کر دیتے ہیں۔

سوال: "کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں۔"

الجواب: "لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں۔"
(فتاوی رشیدیہ ص۹ جلد ۲)

اہل سنت کا عقیدہ: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ"

تمام مفسرین کرام نے اور محدثین عظام نے صاف تحریر فرمایا ہے کہ رحمۃ اللعالمین ہونا حضور کا خاصہ ہے ، آپ کے سوا کوئی رحمۃ للعالمین نہیں ہو سکتا ۔ اللہ تعالیٰ رب العلمین ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام رحمۃ للعالمین ہیں اور قرآن کریم نذیراً للعلمین ہے ۔

۱۲۔ دیوبندی عقیدہ دیوبندی مولوی نے حضور علیہ السلام کو گرنے سے بچایا۔

مولوی رشید احمد گنگوہی کا شاگرد رشید ، مولوی غلام خاں کا استاد ، مولوی حسین علی واں بھچراں اپنی کتاب "بلغۃ الحیران" کے صفحہ ۸ پر لکھتا ہے :

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ مجھے بصورت معانقہ دوزخ کی پلصراط پر لے گئے اور میں نے دیکھا کہ آپ نے مجھے مہر لگا کر ایک تحریر دی اور آپ کے ساتھ بہت سے بڑے لوگ بھی تھے ۔ تو میں نے بیت اللہ کے پاس دعا مانگی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور صلوٰۃ وسلام پڑھا تو آپ نے مجھ سے معانقہ کیا اور اذکار سکھائے :

ورأیت انہ یسقط فامسکتہ وعصمتہ من السقوط

اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور گر رہے ہیں تو میں نے حضور کو روکا اور گرنے سے بچا لیا" (استغفر اللہ ، استغفر اللہ)

یہ الفاظ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین آمیز ہیں ۔

اہل سنت کا عقیدہ کیا شان رسالت میں اس سے بڑھ کر بھی کوئی دریدہ دہنی متصور ہو سکتی ہے ؟ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ تمام گرتے ہوؤں کو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھاما اور کل قیامت کو آقا پلصراط پر کھڑے ہوں گے ، اس لیے کہ کوئی امتی گر نہ جائے

اور زبانِ اقدس سے فرما رہے ہوں گے: رَبِّ سَلِّمْ رَبِّ سَلِّمْ۔

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

رضاؔ پل سے اب وجد کرتے گزریئے
کہ ہے رَبِّ سَلِّمْ صدائے محمدؐ

۱۷۔ دیوبندی عقیدہ

حضور علیہ السلام نے حضرت زینب سے عدت گذرنے سے پہلے ہی نکاح کر لیا۔

یہی مولوی حسین علی واں بچھراں والا اپنی اسی کتاب "بلغۃ الحیران" کے صفحہ ۲۶ پر لکھتا ہے:

"اور قبل الدخول طلاق دو تو اس عورت پر عدت لازم نہ ہو گی۔ جیسا کہ زینب کو طلاق قبل الدخول دی گئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بلا عدت نکاح کر لیا۔"

اہل سنت کا عقیدہ

یہ افتراء ہے، جھوٹ ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر اور جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جھوٹ بولے اس کے متعلق آقا نے فرمایا:

"من کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار"

ترجمہ: جو مجھ پر جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔"

حالانکہ صحیح مسلم شریف جلد اول صفحہ ۴۶۱ پر حدیث وارد ہے:

"لما انقضت عدۃ زینب قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لزید فاذکرھا علی"

ترجمہ: جب حضرت زینب کی عدۃ پوری ہو گئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت سے فرمایا کہ تم زینب کو میری طرف سے نکاح کا پیغام دو۔"

معلوم ہوا کہ عدت سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیغام نکاح بھی نہیں بھیجا چہ جائیکہ نکاح؛ دیوبندی مولوی ہمیشہ حضور علیہ السلام پر اسی طرح جھوٹ و بہتان باندھ کر اپنی عاقبت خراب کرتے رہتے ہیں، اللہ تعالیٰ ایسی خرافات سے تمام مسلمانوں کو بچائے۔ آمین ثم آمین۔

۱۸۔ **دیوبندی عقیدہ** حضور علیہ السلام دیوبندی مولویوں کے شاگرد ہیں۔
مولوی خلیل احمد انبیٹھوی براہین قاطعہ کے صـ۲۶ پر لکھتے ہیں:

"اس فقیر کے گمان میں یہ آتا ہے کہ مدرسہ دیوبند کی عظمت حق تعالیٰ کی درگاہ پاک میں بہت ہے کہ صدہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے، یہی سبب ہے کہ ایک صالح فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آ گئی تو آپ نے عربی میں فرمایا، کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آ گئی۔ سبحان اللہ اس سے رتبہ مدرسہ کا معلوم ہوا"

اہلِ سنت کا عقیدہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ ان کو اردو، مدرسہ دیوبند کے مدرسین کے معاملہ کی وجہ سے آگیا، پہلے نہیں تھا، قرآن وحدیث کے سراسر خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ"

ترجمہ: اور نہیں بھیجا ہم نے کسی رسول کو مگر اس قوم کی زبان کے ساتھ۔

معلوم ہوا کہ جو رسول جس قوم کی طرف بھیجا جاتا ہے تو اس قوم کی زبان بھی اللہ تعالیٰ سکھا دیتا ہے اور قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا"

ترجمہ: اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو (یا رسول اللہ) مگر تمام لوگوں کے واسطے بشیر اور نذیر۔ اور

"وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر رحمت تمام جہانوں کے لیے ۔

اور صحیح حدیث شریف میں آتا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے :

ارسلت الی الخلق کافة" ۔

ترجمہ: میں تمام مخلوق کی طرف بھیجا گیا ہوں ۔

ثابت ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق کے رسول ہیں اور ارشاد ربانی کے مطابق حضور تمام مخلوق کی زبانیں اور لغتیں جانتے ہیں ۔

نسیم الریاض شرح شفا شریف جلد اول صفحہ ۳۱۱ پہ علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"انہ صلی اللہ علیہ وسلم لما ارسلہ اللہ لجمیع الناس علمہ جمیع اللغات"

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو چونکہ تمام لوگوں کی طرف بھیجا ہے تو اللہ تعالیٰ نے تمام زبانیں بھی سکھا دیں ۔

تفسیر جمل جلد ۲ صفحہ ۵۱۲ میں ہے:

"وھو صلی اللہ علیہ وسلم کان یخاطب کل قوم بلغتھم وان لم یثبت انہ تکلم باللغة الترکیة ۔

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر قوم سے ان کی زبان میں خطاب فرمایا کرتے تھے ۔

دیوبندیو ! حضور علیہ السلام کے متعلق یہ الفاظ کہ حضور کو اردو زبان مدرسہ دیوبند کے معاملہ کی وجہ سے آگئی ، حضور علیہ السلام کی سخت توہین ہے جس کو اہل سنت کبھی معاف نہیں کر سکتے ۔ دیوبندیوں نے حضور کے استاد بننے کے شوق میں آپ پر

کتنا بہتان عظیم باندھا۔ (العیاذ باللہ)

مولوی صاحب! اگر آپ کے گروہ دیوبند کے مدرسہ کی فضیلت ثابت کرنے کے لیے خواب کو دلیل بنالیں اور پھر لفظ سُبحان اللہ سے مکمل مطمئن اور خوش ہوں تو سب جائز اور اگر اہل سنّت حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی شان و فضیلت کے اظہار کے لیے کسی ولی اللہ کے خواب کو پیش کریں تو آپ دہائی مچانا شروع کر دیتے ہیں۔ ؎

بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

۱۹۔ دیوبندی عقیدہ ہ حضور علیہ السلام مرکر مٹی ہو گئے۔

"میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" (تقویۃ الایمان صہ ۱۳۷)

اہل سنت کا عقیدہ ہ "مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں" یہ الفاظ سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی توہین میں صریح ہیں۔ مولوی انور شاہ صاحب دیوبندی نے "اکفار الملحدین" میں لکھا ہے کہ:

"تاویل لفظ صریح میں قبول نہیں کی جاسکتی"

مولوی انور شاہ صاحب دیوبندی نے تمام دیوبندیوں کی تاویلاتِ فاسدہ پر یک لخت پانی پھیر دیا اور ان کی "نور اللغات" جامع اللغات کی امداد سے گھڑی کی ہوئی عبارت کو ایک ٹھوکر سے گرا کر مٹی میں ملا دیا۔ اس عبارت کو مولوی دیوبندی نے صحیح ثابت کرنے کیلئے نصف عبارت کا ترجمہ عربی میں کرتے ہیں اور نصف کا اردو میں یعنی لفظ مر کر کے لیے تو عربی عبارات لکھیں اور مٹی میں ملنا کی تشریح میں نور اللغات وغیرہ کو پیش کرتے ہیں اسطرح بڑے اینچ پیچ سے اس خبیث عبارت کو صحیح ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں، حالانکہ ہم اس باب کے ابتداء میں اصول بیان کر آئے ہیں کہ علمائے اسلام کے نزدیک

اگر توہین آمیز عبارت کے کوئی معنی مستقیم بھی ہو جائیں، پھر بھی محاورات اہل زبان میں دیکھا جائے گا۔ آیا اس کو بے ادبی شمار کیا جاتا ہے یا نہیں تو ظاہر ہے کہ یہ الفاظ محاورات اردو میں کسی معزز انسان کے لیے استعمال نہیں ہو سکتے چہ جائیکہ انبیاء کی ذات اور پھر سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شان والا میں یہ الفاظ کہے جائیں، مثلاً اگر یہی الفاظ کوئی مصنف دیوبندیوں کے حق میں استعمال کرے، اور کہے:

"رشید احمد ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والے ہیں"

تو یہ الفاظ مولوی صاحب کے حق میں یقیناً نامناسب ہیں، بہتر ہے کہ یوں کہا جائے، ایک دن سفر دنیا ختم فرمانے والے ہیں یا انتقال فرمانے والے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ تو اگر یہ الفاظ آپ کے حق میں جائز نہیں، تو ذات مقدسہ سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں یقیناً توہین آمیز ہوں گے۔ اور ان کی تاویل فاسد قرار پائے گی اور التاویل الفاسد کالکفر، تو مسلّم ہے، ہمارا دیوبندیوں سے صرف یہی مطالبہ ہے کہ وہ عبارت جس میں انبیاء کی توہین کا شائبہ تک بھی ہو، جلا دینے کے قابل ہے۔ مگر دیوبندیوں کو انبیاء کی توہین منظور ہے لیکن اپنے مولویوں کی عبارات کو قطعاً غلط نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ ان کے نزدیک ان کے مولویوں کا شان حضور سے زیادہ ہے (نعوذ باللہ)

ناظرین! اس عبارت میں جہاں تک توہین کا تعلق ہے وہ ظاہر ہے، مگر ان الفاظ کو حضور کی طرف منسوب کرنا کہ "میں بھی ایک ...." صریح بہتان ہے افتراء اور بمطابق من کذب علیّ متعمداً فلیتبوأ مقعدہ من النار کے مطابق اس کا قائل سنی جہنمی ہے اور ان مولویوں کی ہیں اور سے کی بحث ان کو بچا نہیں سکتی اور دوسرے جس حدیث کی تشریح میں یہ الفاظ لکھے گئے ہیں، اس کے سیاق اور مولوی اسمٰعیل کا طریق استدلال بتا رہا ہے کہ وہ کہنا یہ چاہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام زندہ نہیں مردہ ہیں اور ان کے الفاظ سے بداہتہً یہی سمجھ آتا ہے

اور یہ حدیث:

"ان اللہ حرّم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء فنبی اللہ حیّ یرزق" (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۱۲۱)

ترجمہ: اللہ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔ اللہ کے نبی زندہ ہوتے ہیں اور رزق دیے جاتے ہیں۔"

مولوی اسمٰعیل صاحب کے الفاظ کے پرخچے اڑا کر فضائے آسمانی میں بکھیر رہی ہے۔ مر کر مٹی میں ملنا ایک محاورہ ہے جس کو معززین کی شان میں استعمال کرنا سراسر بے ادبی ہے۔ یہ ایک جملہ ہے اور نہایت آسان سا معمولی پڑھا لکھا بھی سمجھ سکتا ہے۔ مگر دیوبندی مناظرین اس کو نصف نصف کر کے تاویل کرتے ہیں۔ مر کر کو علیحدہ اور مٹی میں ملنا کو علیحدہ۔ مر کر کا ترجمہ عربی اور مٹی میں ملنے کا ترجمہ اردو، سبحان اللہ کیا تاویل ہے اگر ایسی تاویلیں جائز ہونے لگیں کہ کسی لفظ کا ترجمہ کسی زبان اور کسی لفظ کا دوسری زبان میں، تو پھر جناب والا کوئی کفر کفر نہیں رہے گا اور مرزا قادیانی کی اس عبارت کو کہ: "میں نبی ہوں" قطعاً غلط نہیں کہا جائے گا۔ کیونکہ اس کی صاف صاف تاویل ہے کہ نبی نبیاء سے مشتق ہے اور نبأ کا معنی ہے خبر اور نبی کا معنی خبر دینے والا یعنی مرزا قادیانی صرف خبر دینے والا تھا۔ نبی نہیں تھا۔ بہرحال ثابت ہو گیا کہ مولوی اسمٰعیل کے یہ الفاظ حضور علیہ السلام کے حق میں یقیناً توہین آمیز ہیں جو جلا کر راکھ کر دینے کے قابل ہیں۔

۲۰۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔

مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے براہین قاطعہ صفحہ ۵۱ پر لکھا ہے:

"شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔"

مولوی خلیل احمد نے یہ الفاظ درج کر کے ساری دیوبندیت

اہلِ سنّت کا عقیدہ

کو ننگا کر دیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم شریف کے متعلق دیوبندی عقیدہ پورے طور پر ظاہر ہوگیا، کہ یہ لوگ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دیوار کے پیچھے تک کا علم بھی ماننے کو تیار نہیں، چہ جائیکہ علم ما کان وما یکون، پھر مستزاد یہ کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو بدنام کرنے کے لیے ان کی کتاب "مدارج النبوۃ" سے یہ الفاظ درج کرتے ہیں سخت بے ایمانی کا مظاہرہ کیا۔ بالکل اسی طرح جیسے کوئی قرآن کریم سے لا تقربوا الصلوٰۃ کو ترک نماز کے ثبوت میں لکھ دے، اور انتم سکارٰی چھوڑ دے، اس سے بڑھ کر بھی کوئی دغابازی ہو سکتی ہے، یہی حال کیا ملّا خلیل نے شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے۔

اصل عبارت مدارج النبوۃ صٓ جلد اوّل میں یہ ہے:

"من بندہ ام نمی دانم آنچہ در پس دیوار است جوابش آنست کہ ایں سخن اصلی ندارد و روایت بداں صحیح نہ شدہ"

ترجمہ: شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ جو مشہور ہے کہ حضور دیوار کے پیچھے کا علم نہیں رکھتے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس بات کی کوئی اصل نہیں اور یہ روایت صحیح نہیں ہے۔"

اور ادھر ملّا صاحب نے "من بندہ ام نمی دانم آنچہ در پس دیوار است" تک درج کر کے اپنا خبیث مقصد نکال لیا" "جوابش آں ست" سے اگلی ساری عبارت ہضم کر گئے یعنی سوال درج کر دیا اور اس کا جواب جو شیخ نے دیا، وہ چھوڑ دیا نیز اسکے متعلق حضرت ملّا علی قاری علامہ ابن حجر وغیرہما کے علاوہ شوکانی نے بھی تصریحاً لکھا ہے کہ لا اصل لہ۔

یہ سب پاپڑ بیلنے کے بعد دعویٰ یہ کہ بریلوی سلف کی عبارتوں میں اپنا پیچ کیلئے

ہیں، ہم بڑے شریف النفیس انسان ہیں۔ نیز مولوی خلیل احمد کا یہ کہنا کہ شیخ روایت کرتے ہیں اس کی جہالت فی العلم کا پورا پورا نقشہ ہے۔ یعنی یہ دیوبندیوں کے محدث حکایت اور روایت کا فرق بھی جانتے، حدیث کیا پڑھاتے ہوں گے بس یہی جہالت کا درس اور سند۔

حضرت استاذ العلماء مولانا سید ابوالبرکات سید احمد صاحب دامت برکاتہم نے ایک حدیث نقل کی:

"اللھم انت فانا وما سوالک ترکت ولک جلالک"

اس کا صاف معنی یہ ہے کہ:

اللھم انت ربی وانا عبدک

یعنی تو میرا رب ہے اور میں تیرا عبد، وما سوالک ترکت لک جلالک

مگر دیوبندی مولویوں نے اس کو معنی یہ پہنائے کہ نبی کریم اللہ تعالیٰ کے حضور اکڑ کر بولے میں بھی ہوں اور تو بھی ہے، اپنی طرف سے ایک غلط مفہوم لے کر سید صاحب قبلہ پہ گالیاں اور بدزبانی شروع کر دی جو کہ اس ملّا کا معروف طریقہ ہے۔

ملّا صاحب! کیا آپ نے اپنے بڑے ملّا خلیل کی اس کارستانی پر بھی کبھی غور و فکر کرنے کی تکلیف گوارا فرمائی ہے۔ اگر اس خباثت پہ آپ مطلع ہیں تو کیا آپ کے پاس کوئی دو چار گالیاں ان کے لیے بھی ہیں یا ان کے حق دار صرف بریلوی ہی ہیں؟

اب دیکھنا یہ ہے کہ معلم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کے متعلق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا کیا عقیدہ ہے، آپ "اشعۃ اللمعات" شرح مشکوٰۃ شریف ص ۳۳۳ جلد اوّل پہ صاف صاف اعلان فرما رہے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

"پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمین بود، عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی و کلی و احاطہ آں۔"

اور مدارج النبوۃ جلد ۱ صفحہ ۲ پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں یہ الفاظ مبارکہ تحریر فرمائے:

هو الاول هو الآخر هو الظاهر هو الباطن وهو بكل شيءٍ عليم۔

ناظرین! شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ کی ان دو عبارتوں سے آپ کا عقیدہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم شریف کے متعلق پورا پورا سامنے آجاتا ہے یعنی آپ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو محیط تمام علوم جزوی و کلی اور "بکل شیءٍ علیم" مانتے ہیں۔ دیوبندیوں کو چاہیے کہ جلدی سے ایک فتویٰ شیخ پر بھی لگا دیں کہ وہ بھی پکے مشرک ہیں۔ کیونکہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے تمام علوم جزوی و کلی کی تصریح فرما رہے ہیں، اور آپ نے لفظ احاطہ آں تحریر فرما کر تو مولوی فردوس علی کی "چراغ سنت" صفحہ ۲۱ کی تحریر پر برق خاطف گرا دی۔ اس نے اسی صفحہ ۲۱ میں لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام کا علم ایک ذرّے کو بھی محیط نہیں (ملخصاً)

اب بتائیے مولوی فردوس علی صاحب تو کہتا ہے کہ حضور کو ایک ذرہ کے علم کا بھی احاطہ نہیں اور شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ فرما رہے ہیں کہ "عبارت است از حصول تمام علوم جزوی و کلی واحاطہ آں۔"

۲۱۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو اپنی عاقبت کا علم نہیں۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی تقویۃ الایمان صفحہ ۳۱ پر لکھتے ہیں:

"کسی کو معلوم نہیں نہ نبی کو نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا"

مولوی خلیل احمد کی کتاب براہین قاطعہ کے صفحہ ۵۱ پر ہے:

خود فخر عالم علیہ السلام فرماتے ہیں:

"واللہ لا ادری ما یفعل بی ولا بکم۔

میں نہیں جانتا کہ میرے اور آپ کے ساتھ کیا کیا جائے گا۔"

اہل سنت کا عقیدہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنی ہی کیا تمام مومنین کی عاقبت کا بھی علم رکھتے ہیں بلکہ کسی کافر کی عاقبت بھی آپ سے پوشیدہ نہیں اور اس کے لیے قرآن کریم و احادیث طیبہ سے بے پناہ دلائل پیش کیے جا سکتے ہیں۔

مصنف تفسیر عرائس البیان زیر آیت وعلمک مالم تکن تعلم تحریر فرماتے ہیں:

۱۔ "اے علوم عواقب الخلق وعلم ما کان وما یکون اور سکھایا ہم نے آپ کو جو آپ نہیں جانتے تھے۔ یعنی تمام مخلوق کے عواقب کے علوم اور علم ما کان وما یکون" ص ۱۵۹۔

اور اسی آیت کے تحت تفسیر خازن ص ۴۹۶ جلد ۱ میں ہے:

۲۔ "وعلمک من خفیات الامور واطلعک علی ضمائر القلوب وعلمک من احوال المنافقین وکیدھم۔

اور سکھائے آپ کو پوشیدہ امور اور اطلاع دی آپ کو دل کی باتوں پر اور سکھا دیے منافقوں کے حال اور ان کے مکر۔"

تفسیر نیشا پوری ص ۱۴۰ جلد ۳ زیر آیت وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء لکھتے ہیں:

۳۔ "قال السدی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرضت علی امتی فی صورھا کما عرضت علی آدم وعلمت من یومن بی ومن یکفر۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت مجھ پر بصورت پیش کی گئی جس طرح آدم علیہ السلام اور میں نے جان لیا میرے ساتھ کون ایمان لائے گا اور کون کفر کرے گا۔"

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر روح البیان میں زیر آیت وجئنا بک علی ھؤلاء شھیداً

"واعلم انہ یعرض علی النبی علیہ السلام اعمال امتہ غدوۃ وعشیۃ فیعرفھم بسیماھم واعمالھم فلذالک یشھد علیھم"

یقین سے جان لے کہ ہر روز صبح و شام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر تمام امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔"

اور تفسیر مدارک میں ہے:

"ای شاھداً علی امن اٰمن بالایمان وعلی من کفر بالکفر وعلی من نافق بالنفاق"

حضور علیہ السلام گواہ ہیں مومنوں پر ان کے ایمان کے، کافروں پر ان کے کفر کے اور منافقوں پر ان کے نفاق کے۔"

بخاری شریف باب بدء الخلق کی جلد اوّل میں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں:

۵۔ "قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقاماً فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اھل الجنۃ منازلھم واھل النار منازلھم حفظ ذالک من حفظہ ونسیہ من نسیہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں ایک جگہ قیام فرمایا، پس ہم کو ابتداء

پیدائش خلق کی خبر دی، یہاں تک کہ جنتی لوگ اپنی منزلوں میں اور دوزخی اپنی منزلوں میں پہنچ گئے جس کو یاد رہا یاد رہا، جس کو بھول گیا وہ بھول گیا۔"

ترمذی شریف ص۳۶ جلد ۲ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، آپ فرماتے ہیں:

۶۔ خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی یدہ کتابان فقال اتدرون ما ھذان الکتابان فقلنا لا یا رسول اللہ الا ان تخبرنا فقال للذی فی یدہ الیمنی ھذا کتاب من رب العلمین فیہ اسماء اھل الجنۃ واسماء اباءھم وقبائلھم ثم اجمل علی اخرھم فلا یزاد فیھم ولا ینقص منھم ابدا ثم قال للذی فی شمالہ ھذا کتاب من رب العلمین فیہ اسماء اھل النار واسماء اباءھم وقبائلھم ثم اجمل علی اخرھم فلا یزاد فیھم ولا ینقص منھم ابدا۔"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ کے دست اقدس میں دو کتابیں تھیں، پس فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ یہ کتابیں کیا ہیں؟ ہم نے عرض کی نہیں یا رسول اللہ، مگر یہ کہ آپ خود ہمیں خبر دیں۔ آپ نے فرمایا، میرے دائیں ہاتھ والی میں تمام جنتیوں اور ان کے باپ اور دادا کا بھی نام موجود ہے اور جو کتاب بائیں ہاتھ میں ہے اس میں تمام جہنمیوں کے نام اور ان کے باپ کا نام اور ان کے قبائل کا ہے، آخر میں میزان فرمائی اب نہ اس میں زیادہ کیا جائے گا نہ کم۔"

بخاری شریف باب اثبات عذاب القبر حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

۷۔ مر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بقبرین یعذبان فقال انھما یعذبان

وما يعذبان فی کبیر احدھما فکان لا یستتر من البول واما الاخر فکان یمشی بالنمیمة ثم اخذ جریدة رطبة فشقها بنصفین ثم غرز فی کل قبر واحدة وقال لعلہ ان یخفف عنھما مالم ییبسا ؛

ترجمہ؛ حضور علیہ السلام دو قبروں پر گزرے جن میں عذاب ہو رہا تھا، تو فرمایا ان دو شخصوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور کسی بڑی بات میں نہیں ہو رہا۔ ان میں سے ایک تو پیشاب سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا چغل خور تھا۔ پھر ایک تر شاخ لے کر اس کو چیر کر آدھا آدھا کیا اور ہر قبر پر ایک ایک گاڑ دیا۔ اور فرمایا جب تک یہ خشک نہ ہوں گی ان کے عذاب میں کمی رہے گی ؛

○ بخاری شریف کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ میں ہے ؛

۸۔ قام علی المنبر فذکر الساعة وذکر ان بین یدیھا امورا عظاما ثم قال من رجل احب ان یسال عن شیءٍ فلیسال عنه فواللہ لا تسئلونی عن شیءٍ الا اخبرتکم ما دمت فی مقامی ھذا فقام رجل فقال این مدخلی قال النار فقام عبد اللہ بن حذافة فقال من ابی قال ابوک حذافة ثم اکثر ان یقول سلونی سلونی ؛

ترجمہ؛ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام منبر شریف پر کھڑے ہوئے پس قیامت کا ذکر فرمایا کہ اس سے پہلے بڑے بڑے واقعات ہیں پھر فرمایا کہ جو شخص جو بات پوچھنا چاہے پوچھ لے، قسم خدا کی جب تک میں اس جگہ منبر پر ہوں، تم کوئی بات مجھ سے پوچھو گے تو جواب دوں گا، ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا میرا ٹھکانا کہاں ہے حضور نے فرمایا دوزخ، عبداللہ بن حذافہ اٹھے۔ عرض کیا کہ میرا باپ کون ہے فرمایا؛ حذافہ پھر بار بار

فرماتے رہے پوچھو، پوچھو، پوچھو۔"

مسند امام احمد حنبل میں حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے کہ:

۹۔ "لقد ترکنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وما یحرک طائر جناحیہ الا ذکر لنا منہ علماً۔"

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہم کو اس حال میں چھوڑا کہ کوئی پرندہ اپنے پر بھی نہیں ہلاتا مگر اس کا علم ہم کو بتادیا۔"

میدان بدر ہے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم میدان جنگ کا معائنہ فرما رہے ہیں ایک مقام پر کھڑے ہوگئے اور فرمایا:

۱۰۔ ھذا مصرع فلان غداً ووضع یدہ علی الارض للارض وھذا مصرع فلان غداً ووضع یدہ علی الارض وھذا مصرع فلان غداً ووضع یدہ علی الارض

راوی کہتے ہیں:

والذی نفسی بیدہ ما جاوز احد منھم عن موضع ید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔"

ترجمہ: فرمایا یہ جگہ فلاں کافر کے گرنے کی ہے، یہ جگہ فلاں کافر کے گرنے کی ہے یہ جگہ فلاں کافر کے گرنے کی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ:

خدا کی قسم حضور کے بتائے ہوئے مقام سے کوئی ایک انچ بھی پس و پیش نہیں ہوا۔"

ناظرین! ان آیات واحادیث میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم کی ایک جھلک نظر آرہی ہے، ان کے علاوہ ہزارہا آیات واحادیث واقوال علمائے

ملت اسلامیہ کو اگر جمع کیا جائے تو ایک دفتر درکار ہے۔ مگر "نہ مانوں" کا کیا علاج۔ رہ گئی یہ دلیل کہ حضور نے فرمایا ہو لا ادری ما یفعل بی ولا بکم۔ میں نہیں جانتا میرے اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا۔ اس کو مولوی خلیل احمد کا حضور کی کمئ علم کے لیے دلیل لانا انتہائی مضحکہ خیز ہے، ملّا کو عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محموداً، وللآخرۃ خیر لک من الاولیٰ، لیدخل المومنین والمؤمنات جنّٰت تجری من تحتہا الانہار خلدین فیہا، پر غور کرنا چاہیئے۔ نیز اس کے متعلق تمام مفسرین اعلان فرما رہے ہیں کہ یہ آیت: انا فتحنا لک فتحاً مبیناً سے منسوخ ہو چکی ہے اور منسوخ سے دلیل نہیں پکڑی جا سکتی۔

۲۲۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام کا گنبد گرانا واجب ہے۔

"مدرسہ دیوبند میں ایک شخص نے سوال روانہ کیا" ہم سوال اور جواب دونوں درج کر دیتے ہیں اور فیصلہ ناظرین کے ذمّہ۔

سوال "بعض تخیلاً کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اور حضرت امام حسین علیہ السلام اور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے روضے پختہ بنے ہوئے ہیں یہ کیسے درست اور جائز ہے۔ بالتشریح والتفصیل جواب تحریر فرمائیے"۔ فقط۔

الجواب "قبور پر گنبد اور فرش پختہ بنانا ناجائز و حرام ہے اور جو اس فعل سے راضی ہوں گنہگار ہیں۔

بندہ عزیز الرحمٰن مفتی دار العلوم دیوبند

(فتاویٰ دیوبند ص۱۱۲ جلد اوّل)

نیز مولوی اشرف علی تھانوی کے یہ الفاظ آپ کو "افاضات الیومیہ" کے ص۱۱۲ جلد ا

...ا بھی ملیں گے۔ ملاحظہ ہو:

"ہمارے معزز دوست نواب جمشید علی خاں نے بھی یہ سوال لکھ کر بھیجا کہ:

"حدیث میں قبر پر عمارت بنانے کی ممانعت تو معلوم ہے تو کیا اس حدیث کی رو سے حضور کے گنبد شریف کا شہید کر دینا بھی واجب ہے؟"

مولوی اشرف علی کہتے ہیں:

"چونکہ واقعی بناء علی القبر کی حدیث میں مخالفت ہے اس لیے اوّل تو میں متحیر ہوا۔ بہت سی باتیں ایسی ہوتی ہیں جو ہوتی تو ہیں واقعی لیکن ان کا تذکرہ بدنما اور بے ادبی و بدتہذیبی ہوتا ہے۔"

ان دو عبارتوں سے معلوم ہوا کہ قوم دیوبندیہ کے نزدیک حضور علیہ السلام کا روضہ مبارکہ حرام بنا ہوا ہے اور اس کا شہید کر دینا واجب ہے۔ (العیاذ باللہ الف الف مرۃ)

اہل سنّت کا عقیدہ جو ایسا خبیث عقیدہ رکھے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے گنبد خضرا کو گرانا واجب سمجھے اس کے لیے ہمارے پاس کچھ الفاظ ہیں جو ہم حاضر کر دیتے ہیں اور وہ یہ ہیں:

لعنت، لعنت، لعنت۔

مگر اس مقام پر ہم علمائے دیوبند اور ان کے مرشد مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو کبھی معاف نہیں کر سکتے، ان دونوں نے مزارات اولیاء اللہ پر جانے سے روکنے کے لیے جو ناپاک طریقہ اختیار کیا ہے وہ ملاحظہ فرمائیے اور ساتھ ساتھ ان کا اولیاء اللہ سے بغض و حسد اور تمسخر بھی ظاہر ہے۔

مولوی رشید احمد گنگوہی فتاویٰ رشیدیہ کے صفحہ پر رقمطراز ہے:

"مزارات پر جا کر قبور کی طرف پشت کر کے کھڑا ہونا چاہیئے۔"

اور مولوی فردوس علی چراغ سنّت صفحہ ۱۲۶ طبع دوم پر لکھتا ہے:

"اولیاء اللہ کی قبروں پر جاکر ان کے واسطے گناہوں کی بخشش مانگنی چاہیئے اور کہنا چاہیئے یا اللہ میرے اور اس بزرگ کے گناہ بخش دے۔"

یعنی حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ، حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ، حضرت غوث بہاؤ الحق ملتانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ گولڑوی، حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ کے مزارات پر جاکر یہ دعا مانگی جائے کہ "یا اللہ ان تمام بزرگوں کے گناہ معاف کر دے۔"

اور پھر اس مسئلہ کی جو دلیل مولوی فردوس علی نے دی ہے اس نے تو اس کے دعوئ علم کا بھانڈا ہی پھوڑ دیا ہے اور اپنے سوا ساری دنیا کو علم میں یتیم سمجھنے والے کی جہالت طشت از بام ہوگئی۔ دلیل ملاحظہ ہو:

"حضور علیہ السلام جنگ احد کے شہیدوں کے لیے اور تمام صحابہ کی قبروں پر جاکر ان کے واسطے گناہوں کی بخشش مانگتے تھے۔ یہیں سے سنت قائم ہوگئی مگر بریلوی حضرات اس سنت کو بزرگوں کی سخت بے ادبی سمجھتے ہیں۔"

یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کرام کی قبروں پر جاکر یہ فرمایا کرتے تھے کہ یا اللہ میرے اور ان کے گناہ معاف کر دے۔ لہٰذا ہم کو بھی یہی کہنا چاہیئے کہ یا اللہ کہ ان اولیاء اللہ کے اور ہمارے گناہ معاف کر دے۔ واہ سبحان اللہ سبحان اللہ کیا دلیل ہے اگر اس دلیل کی داد نہ دی جائے تو ضرور ظلم ہوگا۔ اس لیے ہم داد دینے پر مجبور ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ صحابہ کے لیے استغفار کرتے ہیں لہٰذا ہمیں بھی اولیاء اللہ کیلئے استغفار کرنا چاہیئے۔

مولوی صاحب! سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو تو حق ہے کہ اپنی امت کے لیے

استغفار کریں مگر ہم سراپا گنہگاروں کو کیا حق کہ مقبولان بارگاہ رب العزت جو کہ گناہوں سے محفوظ ہیں ان کے گناہوں کے لیے استغفار کریں۔ مگر چونکہ آپ انبیاء کے چھوٹے بھائی ہیں لہذا آپ کے لیے یہ دلیل واقعی بہت بڑی ہے۔ نیز سوال میں مفتی دیوبند سے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ انور کے متعلق یہی پوچھا گیا ہے جس کا جواب مفتی دیوبند نے یہ دیا کہ یہ حرام ہے۔ اب آپ فرمائیں کہ مفتی دیوبند کا یہ فتویٰ صحیح ہے یا غلط؟ اگر صحیح ہے تو پھر آپ کا یہ دعویٰ کدھر جائیگا کہ دیوبندی ہی مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے صحیح جانشین ہیں! یہ عجیب جانشین ہیں ویسے جانشین ہیں مگر آپ کے روضۂ انور کو حرام سمجھتے ہیں، جانشین ہیں، مگر آپ کا ختم شریف بدعت سمجھتے ہیں۔ ویسے جانشین ہیں۔ مگر آپ کے مزار انور پر حاضری شرک سمجھتے ہیں۔ جانشین ہیں مگر آپ کا عرس مبارک کرنا کفر سمجھتے ہیں، جانشین ہیں مگر نقشبندی کہلانے والے کو یہودی کہتے ہیں، واہ واہ کیا جانشینی ہے۔ دوسری طرف اہل سنت و جماعت کو دیکھئے جن کو مصنف چراغ سنت بریلوی بدعتی کہتا ہے تمام پاکستان میں آپ کی یاد کو تازہ کرنے کے لیے آپ کی سیرت علیہ عوام تک پہنچانے کیلئے آئے دن محافل منعقد کرتے رہتے ہیں۔ آپ اسی سال کو لیجئے اہل سنت کے تمام اخبارات و رسائل آپ کی محافل و اعراس کے اعلانات سے بھرے نظر آئیں گے۔ صرف فقیر راقم الحروف نے ہی آٹھ ایسی محافل میں آپ کی مقدس زندگی بیان کی جو صرف آپ کی یاد میں منعقد کی گئی تھیں۔ کیا آج تک کسی دیوبندی نے بھی آپ کی یاد میں کوئی جلسہ کیا، آپ کی ولادت و وصال کا دن منایا، کبھی ختم قرآن کر کے آپ کی روح پر فتوح کو نذر کیا، مگر کیسے کریں یہ تو ان کے نزدیک حرام قطعی ہوا، ہاں کبھی آپ کے ماننے والوں کے خلاف کوئی کتاب لکھنی ہو تو فوراً آپ کے ملفوظات سے چند عبارات کو غلط معنی پہنا کر پیش کر دیتے ہیں۔ اس کی پوری تفصیل آ گے آ رہی

مصنف چراغ سنت نے حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی عبارات کو جس بیدردی سے مسخ کیا ہے اور جو ظلم آپ کے ملفوظات پر کیئے ہیں پورے طور پر ظاہر کر دیئے جائیں گے۔ پھر اپنے جھوٹ کی نجاست کو چاٹنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا۔

۲۴۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام کے روضہ انور کی طرف قصد کر کے جانا شرک ہے

مولوی اسمٰعیل دہلوی اپنی کتاب "تقویۃ الایمان" میں لکھتا ہے :-

"اس کے گھر کی طرف دور دور سے قصد کر کے سفر کرنا"

اور صلا پر ہے کہ

"کسی کی قبر پر یا چلہ پر یا کسی کے تھان پر جانا، دور دور سے قصد کرنا شرک ہے"

اہل سنت کا عقیدہ : قرآن کریم سورۂ نساء میں ارشاد ہوتا ہے :

"ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما ہ"

کنز العمال شریف صلا۹۹ جلد ۸ میں حدیث ہے:

"من حج فزار قبری بعد وفاتی کان کمن زارنی فی حیاتی"

ترجمہ : جس نے حج کیا اور پھر میری قبر کی زیارت کی میرے وصال کے بعد وہ اس طرح ہے جس نے میری زیارت کی وصال سے پہلے ۔

مسلم شریف صلا۳۱۴ جلد اول ملاحظہ ہو :

"قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور الا فزوروھا"

ترجمہ: میں تمہیں زیارت قبور سے منع کیا کرتا تھا مگر اب زیارت کرلیا کرو۔" اور

"من زار قبری وجبت له شفاعتی"

ترجمہ: "جو میری قبر کی زیارت کرے میرے ذمہ اس کی شفاعت لازم ہے۔"

اور علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"واما الاولیاء فانھم متفاوتون فی القرب الی اللہ ونفع الزائرین

بحسب معارفھم واسرارھم"

ترجمہ: "اور اولیائے کرام تقریب الی اللہ اور زائرین کو نفع پہنچاتے ہیں مختلف

ہیں یعنی بعض زیادہ نفع دیتے ہیں اور بعض کم، حسب معارف و اسرار۔"

اور جلد ثالث صفحہ ۲۵۳ میں ہے:

"مقابر کی زیارت مستحب ہے اور اس پر مسلمانوں کا اجماع ثابت ہے

یعنی یہ مسلمانان عالم کا اجماعی عقیدہ ہے"

اور ردالمحتار وغیرہ میں زیارت قبور کو واجب لکھا ہے۔

نیز امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فلسطین سے حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کی قبر انور کی زیارت کے لیے بغداد حاضر ہوا کرتے تھے۔ (دیکھو مقدمہ شامی)

نمونتہً چند دلائل تحریر کر دیتے ہیں ورنہ ایک سمندر ہے دلائل کا جو ٹھاٹھیں

مار رہا ہے۔ البتہ جو اندھا ہو کر انکار کرے اس کا کیا علاج! اور

"لا تشد الرحال الا الی ثلث مساجد مسجد الحرام والمسجد

الاقصیٰ ومسجدی ھذا"

اس کا جو مطلب وہابیہ دیوبندیہ نے لیا ہے اس کے متعلق حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ

علیہ نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا ہے کہ:

"وھو غلط"

اور اگر اس سے یہ مراد لیں کہ ان تین مساجد کے سوا ہر مقام کو سفر کرنا حرام ہے تو پھر کوئی سفر حلال نہیں رہے گا اور حجاج کا شد رحال منیٰ و عرفات صفا و مروۃ کی طرف بھی حرام ہوگا۔ اور اگر آپ کہیں کہ وہ دوسری نصوص سے ثابت ہے تو زیارت قبور کے لیے بھی "الا فزوروھا" امر موجود ہے۔

۲۴۔ دیوبندی عقیدہ نماز میں حضور علیہ السلام کا خیال لانا گدھے اور بیل کے تصور میں ڈوب جانے سے کئی درجہ برا ہے۔

مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی اپنی کتاب "صراط مستقیم" صفحہ ۸۶ پر لکھتے ہیں:

"بمقتضائے ظلمات بعضہا فوق بعض از وسوسہ زنا خیال مجامعت زوجہ خود بہتر است و صرف ہمت بسوئے شیخ و امثال آں از معظمین گو جناب رسالت مآب باشند بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ و خر خود است۔"

ترجمہ: "اس قاعدہ کے مطابق کہ بعض اندھیریاں بعض سے بڑھ کر ہوتی ہیں زنا کے وسوسہ سے اپنی بیوی سے جماع کا خیال بہتر ہے اور بزرگان دین بلکہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال گدھے اور بیل کے تصور سے کئی درجہ بہت برا ہے۔"

اہل سنت کا عقیدہ جو ایسا گندہ اور خبیث عقیدہ رکھے وہ منکر شان رسالت و ولایت ہے اس کا سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی تعلق نہیں، کل قیامت کے دن درک الاسفلین میں دوزخ کے شعلوں میں جل رہا ہوگا اور اس کا کوئی حامی و مددگار نہ ہوگا۔ کیونکہ اس عبارت میں حضور علیہ السلام اور اولیاء اللہ کی ایسی شدید توہین ہے جس کو تحریر کرتے ہوئے بھی قلم کانپتا ہے اور رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر قوم دیوبند کی دغابازیاں اور خبیث عقائد کو ظاہر کرنا مقصود

نہ ہوتا تو خدا کی قسم ہم ایسے منحوس الفاظ کو اپنی کتاب میں لکھنا بھی گوارا نہ کرتے مگر افسوس صد افسوس کہ مولوی فردوس علی اس کفر کو بھی اسلام ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے اور اس عبارت کی غلط و فاسد تاویلات سے مولوی اسمٰعیل کے دامن سے یہ غلیظ دھبہ دھونا چاہتا ہے۔ مگر اس کو پتہ نہیں کہ اسمٰعیل کے دامن پر ایک دھبہ نہیں ہزار ہا ہیں ؏

تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

سب سے پہلے اس فارسی عبارت کا جو اردو ترجمہ فردوس علی نے کیا ہے وہ سنیئے:

"اور نماز میں اپنی پوری توجہ کو خداوند تعالیٰ سے ارادۃً ہٹا کر اپنے پیر یا دوسرے قابل تعظیم لوگوں کی طرف۔ خواہ جناب رسالت مآب ہوں۔ پھیر دینا اپنی گائے یا گدھے پر متوجہ ہونے سے بہت برا ہے"

صرف ہمت کا ترجمہ یہ کیا:

"اپنی پوری توجہ کو خداوند تعالیٰ سے ارادۃً ہٹا کر"

اور استغراق کا ترجمہ "متوجہ ہونا" کیا۔ حالانکہ صرف کا معنی پھیرنا اور ہمت کا معنی ارادہ قصد، خیال، توجہ ہے۔ ملاحظہ ہو: غیاث اللغات، منتخب اللغات، منتہی الارب وغیرہم اور المنجد باب الہاء میں ہے:

الھمۃ اول العزم اذ ۃ۔

یعنی ارادہ کی ابتدائی حالت کو ہمت کہتے ہیں اور یہ یقیناً خیال ہے تو صرف ہمت کا معنی ہوا خیال لانا، ارادہ کرنا، توجہ پھیرنا —— مگر فردوس علی اسمٰعیل کی اس عبارت کو صحیح کرنے کے لیے اس کا ترجمہ کرتا ہے:

"اپنی پوری توجہ کو اللہ تعالیٰ سے ارادۃً ہٹا کر"

سوال یہ ہے کہ اتنا لمبا معنیٰ کس لفظ کا ہے، ہمت کا معنیٰ تو صرف خیال، قصد، توجہ ہے اور لفظ استغراق کا معنیٰ ہے محو ہونا، غرق ہونا، ڈوب جانا۔ کریم اللغات ص۱ وغیرہ من کتب اللغات اور مولوی فردوس علی اس کا ترجمہ کرتا ہے۔ متوجہ ہونا۔ جو صریحاً غلط ہے۔ ترجمہ خود غلط کرتا ہے اور اعتراض اعلیٰ حضرت پر کہ انہوں نے ہمت کا معنیٰ غلط کیا ہے اور وسوسہ زنا کو وسوسہ فاحشہ سے تعبیر کیا۔ اس پر ملّا کو یہ اعتراض ہے کہ زنا کو فاحشہ کیوں کہا، یہ اعلیٰ حضرت نے لطف لینے کے لیے کہا ہے۔ لعنت لعنت، لعنت۔

ملّا صاحب! اگر فاحشہ کا لفظ لطف لینے کے لیے ہی لکھا جاتا ہے تو خدا تعالیٰ پر کیوں فتویٰ نہیں لگاتا۔ وہ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

"وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَا اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَاءَ سَبِيْلًا ؕ"

یہ ہے مصنّف "چراغ سنّت" کی تہذیب۔ کیا کوئی دیوبندی اس پر غور کریگا۔ مگر کون سوچے۔

"ایں خانہ ہمہ چراغ است" ؎

بے حیا باش ہرچہ خواہی کن

اور پھر سوال الفاظ کی بحث کا نہیں، ادائے مضمون کا ہے۔ اسمٰعیل نے اس مضمون کو جس طریقہ خبیثہ کے ساتھ ادا کیا ہے اس کو کبھی کوئی مسلمان صحیح قرار نہیں دے سکتا، البتہ فردوس علی کی اور بات ہے!

مسئلہ تو صرف یہ ہے کہ نماز میں غیر اللہ کا خیال نہیں آنا چاہیے۔ اس کو اسمٰعیل یوں ادا کرتا ہے:

"بزرگان دین بلکہ خود سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال نماز میں لانا گدھے اور اور بیل کے خیال میں ڈوب جانے سے بدتر ہے۔"

بغیر عشاق تو جو تصور کرتے ہیں کرتے ہی ہیں۔ مگر معلوم ہوتا ہے، کہ دیوبندی حضرات نماز پڑھتے ہوئے گدھے اور بیل کا تصور جمائے رکھتے ہیں۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے غالباً انہی کے لیے فرمایا ہے:

"بر زبان تسبیح و در دل گاؤ خر"

ناظرین! مصنف چراغ سنت چونکہ، مودودی صاحب کا ایجنٹ اعظم ہے اس لیے جو طرز تحریر اس کی ہے وہ ہی اس کی۔ مودودی صاحب ایک مقام پر لکھتے ہیں "تقلید ناجائز و حرام ہے اور صرف ایک ورق الٹیے تو آپ پڑھیں گے کہ تقلید کے سوا چارہ نہیں۔ یوں ہی فردوس علی صراط مستقیم کی اس ناپاک عبارت کو صحیح ثابت کرتا ہے اور اس کے ایک ایک لفظ پر لغات سے بحث کرتا ہے کہ نماز میں حضور علیہ السلام کی طرف توجہ گدھے اور بیل سے زیادہ بدتر ہے اور صرف ایک ورق آگے الٹیے تو آپ کو یہ لفظ نظر آئیں گے۔ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال آنا اور لانا دونوں مبارک چیزیں ہیں۔ اس کے بعد ہم یہ کہنے پر مجبور ہیں کہ یا تو یہ عوام کو گمراہ کرنا ہے اور یا دروغ گو را حافظہ نباشد۔ ——— اور اہل سنت وجماعت کا مسلک اس مسئلہ میں یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کی صورت کریمہ کو دل میں حاضر جاننا مقصد عبادت کے حصول کا ذریعہ عظمیٰ ہے۔ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ارشاد: واحضر فی قلبک النبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قلب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر سمجھ کر یہ کہے:

السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اس کی تردید میں علماء دیوبند نے مکمل ایک بیان داغ دیا اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا لفظ حاضر ان کے قلب میں ایک مستقل کانٹا بن کر رہ گیا۔ اسمٰعیل کی غلط عبارات کو صحیح کرنے کے لیے تاویلیں کیں اور اس صحیح مسئلہ کو غلط کرنے کے لیے ایچ پیچ کھیلے۔ ملاحظہ ہو:

۱۔ صحابہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حاضر و غائب میں فرق کرنے کے لیے السلام علیک ایہا النبی بدل دیا اور السلام علی النبی پڑھنا شروع کیا۔

۲۔ السلام علیک کے "ایہا النبی" سے حاضر مراد نہیں بلکہ یہ تو لفظ جس طرح معراج میں عطا ہوا اسی حالت پر باقی ہے۔ (ملاحظہ ہو رسالہ الصلوٰۃ والسلام مصنفہ فردوس علی صفحہ ۳۶/۳۷/۳۸)

۳۔ حضور کو حاضر ناظر سمجھنے والے کافر ہیں۔ (چراغ سنت)

ناظرین! یہ تین وہ توجیہات ہیں جن پر دیوبندیوں کو بڑا ناز ہے۔ ہم ان تینوں کا تفصیل سے جواب عرض کرتے ہیں۔

سوال نمبر۱: یہ صحابہ کرام پہ الزام ہے اور جھوٹ باندھا ہے۔ صحابہ عظام ہمیشہ السلام علیک ایہا النبی ہی پڑھا کرتے تھے۔ انہوں نے کبھی نماز میں السلام علی النبی نہیں پڑھا۔ دیوبندی اس مقام پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت لکھتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا:

"جب آپ کا انتقال ہوا تو ہم صحابہ نے یوں پڑھنا شروع کیا: السلام علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم" (بخاری کتاب الاستیذان باب المصافحہ)

اس روایت کو جس بے ایمانی سے درج کیا وہ ملاحظہ ہو، بخاری شریف کے الفاظ یہ ہیں:

"فلما قبض علیہ السلام قلنا سلام یعنی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم"

اس کا صاف صاف ترجمہ یہ ہے:

"جب حضور علیہ السلام کا وصال ہوا ہم نے نبی کریم کی ذات پر سلام کہا"

بخاری شریف میں نہیں ہے۔ بخاری شریف کے الفاظ ہیں:

"سلام یعنی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم"

اب آئیے اس روایت کے متعلق حضرت ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح "مرقاۃ المفاتیح" صفحہ جلد اول میں دیکھئے۔

آپ ارشاد فرماتے ہیں:

واما قول ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کنا نقول فی حیاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم السلام علیک ایہا النبی فلما قبض علیہ السلام قلنا السلام علی النبی فھو روایۃ ابی عوانۃ وروایۃ البخاری الاصح منھا بینت ان ذالک لیس من قول ابن مسعود بل من فھم الراوی عنہ ولفظھا فلما قبض قلنا سلام یعنی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقولہ قلنا سلام یحتمل انہ اراد بہ استمرینا بہ علی ما کنا علیہ فی حیاتہ و یحتمل انہ اراد عرضنا عن الخطاب واذا احتمل بلفظ لم یبق فیہ دلالۃ کذا ذکرہ ابن حجر۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود کا یہ قول کہ ہم حضور علیہ السلام کی حیات میں السلام علیک ایہا النبی کہتے تھے جب حضور کا وصال ہوا اور ہم نے السلام علی النبی کہا۔ یہ روایت ابوعوانہ کی ہے۔ بخاری کی روایت اس سے اصح ہے اس کے لفظ یہ ہیں۔ ہم نے سلام کہا یعنی حضور علیہ السلام پر اس نے بیان کر دیا کہ یہ قول ابن مسعود کا نہیں۔ راوی کا قول ہے اس نے اپنی فہم کے مطابق بیان کر دیا اور اس قول میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ جس طرح حضور علیہ السلام کو حیات ظاہری میں ہم السلام علیک ایہا النبی

روایت کے الفاظ یہ ہیں:

قلنا سلام یعنی علی النبی اور دیوبندی لکھتے ہیں ہم نے السلام علی النبی پڑھنا شروع کر دیا۔ لفظ یعنی ہضم کر جاتے ہیں اگر یہ لفظ ہضم نہ کرتے تو دیوبندی مقصد کیسے پورا ہوتا۔ اس لیے حدیث سے یہ لفظ چھوڑ دیتے ہیں۔ بتائیے! اس سے بڑھ کر بھی کوئی دھوکہ بازی ہو سکتی ہے اور پھر قلنا کا ترجمہ یہ کیا کہ "ہم نے پڑھنا شروع کر دیا" یعنی ہم پڑھتے تھے، جو ماضی مطلق کا ترجمہ استمراری میں کرتا ہے وہ قوم دیوبندیہ کے مصنف اعظم ہیں۔ مولوی صاحبان قلنا صیغہ جمع متکلم کا ہے اور اس کا معنی ہے: ہم نے کہا یہ ماضی مطلق معلوم ہے۔ معلوم ہوتا ہے آپ لوگوں نے صرف بہائی کا بھی مطالعہ نہیں فرمایا ورنہ مطلق کو استمراری نہ بناتے یا پھر یہ عوام کو گمراہ کرنے کا سامان ہے۔ دیوبند میں آپ قلنا کا ترجمہ یہی پڑھاتے ہوں گے۔

قلت میں نے پڑھنا شروع کر دیا قلنا ہم نے پڑھنا شروع کر دیا اور اس پر چھوٹے کی ایک اور تھم جائی کہ صحابہ نے حاضر غائب میں فرق کرنے کے لیے یہ الفاظ بدل دیے مولوی صاحبان! اگر ہم اس کو صحیح مان لیں کہ صحابہ کرام حضور کی ظاہری حیات میں السلام علیک کہا کرتے تھے اور وصال شریف کے بعد السلام علی النبی کہنا شروع کر دیا اور صرف حاضر و غائب کا فرق کرنے کے لیے علیک بدل دیا اس لیے کہ اب حضور حاضر نہیں، تو میں پوچھتا ہوں کہ حضور کے زمانہ میں جو صحابہ مکہ معظمہ یا مدینہ پاک سے دور دراز ملکوں میں رہتے تھے وہ کیا لفظ پڑھتے تھے؟ اور اگر وہ بھی السلام علیک ہی پڑھتے تھے تو پھر حاضر و غائب کے فرق کا کیا معنی؟ کیا آپ اس وقت مکہ والے صحابہ کے لیے حاضر تھے یا نہیں؟ اگر تھے تو مسئلہ صاف اور اگر نہیں تو آپ کا یہ کہنا کہ حاضر و غائب کے فرق کے لیے قطعاً فضول اور غلط ہے۔

زالت دیوبند! یہ الفاظ السلام علی النبی ابی عوانہ کی روایت میں ہیں اور یہ روایت

کہا کرتے تھے۔ اسی طرح حضور کی وفات کے بعد کہتے رہے، دوسرا احتمال یہ ہے کہ ہم نے خطاب چھوڑ دیا جب الفاظ میں احتمال پیدا ہوگیا تو دلالت (قطعیہ) باقی نہ رہی۔

ناظرین! ملا علی قاری کی اس تصریح سے ثابت ہوگیا کہ:

۱۔ السلام علی النبی ابن مسعود کے الفاظ نہیں، راوی کا قول ہے۔

۲۔ یہ الفاظ بخاری میں نہیں۔

۳۔ اس سے دلیل نہیں پکڑی جاسکتی اور دیوبندی مولوی اس کو ابن مسعود کی روایت قرار دیتے ہیں اور اس کو بخاری کی طرف منسوب کرتے ہیں اور پھر اس سے دلیل پکڑتے ہیں اور ان تینوں کا رد ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے کر دیا جو کافی اور وافی ہے۔

اب صحیح مسلم شریف ص۱۷۳ پر حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد بھی ملاحظہ فرمائیں:

"علمنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التشھد وکفی بین کفیہ کما یعلمنی السورۃ من القرآن"

ترجمہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تشہد سکھایا اس وقت میری ہتھیلی حضور کے دونوں مبارک ہتھیلیوں کے درمیان تھی۔ جس طرح مجھے قرآن کی سورت سکھاتے تھے۔"

اس پر نووی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا:

"فاما الصلوۃ فھذہ صفتھا واما السلام فکما علمتم فی التشھد وھو قولھم السلام علیک ایھا النبی (الی آخرہ)

ناظرین! اتنے اہتمام سے تعلیم دیئے ہوئے تشہد کو صحابہ کرام اپنے خیال سے کیسے بدل سکتے ہیں۔ یہ صحابہ کی ذات پر بہت بڑی جسارت اور الزام ہے کہ

صحابہ عظام ایسے مہتم بالشان مسائل کو محض اپنے خیال سے بدلا دیا کرتے تھے، یہ ایسی فاش بغاوت ہے جس کو اہل سنت کبھی معاف نہیں کر سکتے۔ دیوبندیوں کی طبیعت کی کجی کا کہاں کہاں ذکر کیا جائے۔ ع

زلف میں اچھی طبیعت میں کجی اچھی نہیں

سوال نمبر ۲: یہ ہے کہ السلام علیک ایّھا النبی سے خطاب، مراد نہیں بلکہ یہ اِلقاء علی اصلہ ہے یعنی اللہ نے شب معراج میں حضور علیہ السلام کو مخاطب فرما کر السلام علیک ایھا النبی فرمایا تھا۔ اس سلام و خطاب کی حکایت کرنا مقصود ہے۔ یہ غلط ہے اس کے لیے کوئی مستند روایت قوم دیوبندیہ کے پاس نہیں، اور جو روایت وہ پیش کرتے ہیں اس کے متعلق خود دیوبندیوں کے پیشوا مولوی انور شاہ صاحب نے عرف شذی صہ ۱۲۹ پر فرمایا ہے کہ جو روایت اس کے لیے پیش کی جاتی ہے:

"لم اجد سند ھذہ الروایۃ"

میں نے اس روایت کی کوئی سند نہیں پائی۔ جمہور محدثین و ائمہ سلف نے تصریح کی ہے کہ "السلام علیک ایھا النبی سے مراد خطاب ہی ہے نہ نقل و حکایت چنانچہ حضرت ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ شریف صہ ۵ جلد ۲ پر اس امر کی تشریح کرتے ہوئے (کہ نماز میں خطاب بشر مفسد صلوٰۃ ہے) فرماتے ہیں:

"وجواز الخطاب من خصوصیاتہ علیہ السلام"

یعنی نماز میں جو السلام علیک سے خطاب ہے یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات سے ہے۔

ناظرین! غور فرمائیے ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس کو خطاب کہہ رہے ہیں۔ اور دیوبندی حضرات حکایت۔

مولوی صاحبان! اگر محض حکایت ہی مراد ہوتی جیسا کہ آپ کا خیال ہے تو یہ سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ محض حکایت کے طور پر تو قرآن کریم میں یا آدم، یا نوح، یا موسیٰ وغیرہا بھی وارد ہیں اور نمازوں میں بھی پڑھے جاتے ہیں اور نماز فاسد نہیں ہوتی۔ معلوم ہوا کہ نمازی نماز میں سلام سے حضور کو حاضر سمجھ کر خطاب کرتا ہے اور جمہور محدثین کرام و علمائے ملت رحمۃ اللہ علیہم بالتفصیل تشریح فرماتے ہیں کہ جب نمازی نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو جب بارگاہِ خداوندی میں نظر اٹھاتا ہے تو دیکھتا ہے کہ "اذا الحبیب فی حرم الحبیب حاضر" اللہ کا محبوب اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہے تو نمازی فوراً خطاب و ندا کے ساتھ عرض کرتا ہے:

السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

یہ محبوب و مقبول تقریر حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح صحیح بخاری کی جلد ثانی صفحہ ۲۵۰ پر اور علامہ امام قسطلانی نے مواہب اللدنیہ جلد ثانی صفحہ ۲۲۳ پر علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ جلد ۷ صفحہ ۲۲۹ پر، قطب ربانی سیدی امام عبدالوہاب شعرانی کتاب المیزان صفحہ ۱۴۵ پر، مولانا عبدالحئی لکھنوی سعایہ جلد ثانی صفحہ ۲۲۳ پر فرماتے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام علمائے متبحرین رحمۃ اللہ علیہم کی عظیم الشان تصریحات کے باوجود اگر کوئی ہٹ دھرمی سے کام لے اور نہ ماننے والی رٹ لگائے رکھے تو بتائیے اس کا کیا علاج! علاوہ ازیں عالمگیری صفحہ ۳۲ جلد اول میں ہے:

"ولا بد من ان یقصد بالفاظ التشہد معانیہا التی وضعت لہا من عندہ کانہ یحیی اللہ تعالیٰ ویسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعلی نفسہ واولیاء اللہ تعالیٰ کذا فی الزاہدی"

اور علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"لا یقصد الاخبار والحکایۃ عما وقع فی المعراج منہ علیہ

السلام من ربه ومن الملائکة "

یعنی نماز میں السلام علیک ایہا النبی پڑھتے وقت اخبار اور حکایت کا قصد نہ کرے جو معراج میں اللہ کی طرف سے واقع ہوا۔

اور در مختار باب کیفیت الصلوٰۃ جلد اوّل میں ہے:

"ویقصد بالفاظ التشھد الانشاء کانہ یحی اللہ ویسلم علی نبیہ نفسہ"

یعنی الفاظ سے حکایت نہیں انشاء کا قصد کرے گویا کہ وہ رب کو تحیۃ اور نبی کریم کو سلام عرض کر رہا ہے۔

ان جلیل القدر علماء کی تصریحات سے واضح ہو گیا کہ دیوبندی مناظرین کا اس کو حکایت کہنا بالکل باطل محض ہے۔ اس مسئلہ کی نفیس تحقیق کے لیے دیکھو تسکین الخواطر فی مسئلۃ الحاضر والناظر مصنفہ غزالی زماں علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی مدظلہ۔

سوال نمبر ۳: جہاں تک مسئلہ حاضر و ناظر کا تعلق ہے یہ تو مسئلہ قرآن کریم کی متعدد آیات اور احادیث، اقوال علمائے امت سے مبرہن ہو چکا ہے۔ اس کی تحقیق کے لیے علمائے اہل سنّت کی تصنیفات کو دیکھیے۔ فی الحال ہم صرف ایک عبارت نقل کرتے ہیں:

"اقرب السبل بالتوجہ الی سید الرسل" میں جناب شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"با چندیں اختلافات و کثرت مذاہب کہ در علمائے امت است، یک کس را دریں مسئلہ خلافی نیست کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بحقیقت حیات بے شائبہ مجاز و توہم تاویل دائم و باقی است و بر اعمال امت

حاضر و ناظر "

ترجمہ: اس اختلاف مذاہب کے باوجود جو علمائے امت میں ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ حضور علیہ السلام حقیقی زندگی سے بغیر تاویل و مجاز کے احتمال کے دائم باقی ہیں اور امت کے اعمال میں حاضر و ناظر ہیں"

اس کے بعد ہم منتظر ہیں کہ علماء دیوبند کب شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ پر فتویٰ کفر لگاتے ہیں کیونکہ وہ تو حضور کے حاضر و ناظر ہونے کی تصریح فرمارہے ہیں۔ چنانچہ

کیا وہ کافر ہیں؟ بحمد اللہ دیوبندی علماء نے تو بات کی دھجیاں فضائے آسمانی میں بکھیر دی گئیں۔

۲۵۔ دیوبندی عقیدہ شیطان کا علم حضور علیہ السلام سے زیادہ ہے۔

"براہین قاطعہ" مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی مصدقہ مولوی رشید احمد گنگوہی کے صف۵ پر ہے:

"الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے، شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کون سی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے

ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ ہو صف۵۲"

ناظرین! مندرجہ بالا دو عبارتوں سے جو چیزیں بداہتہً سامنے ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ شیطان اور ملک الموت کا علم زمین کو محیط ہے۔

۲۔ اور یہ نص قطعی سے ثابت ہے۔

۳- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے محیط زمین کا علم ماننا شرک ہے۔
۴ کیونکہ یہ نص سے ثابت نہیں۔
۵- شیطان کا علم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے وسیع ہے۔
۶ حضور کا علم ملک الموت کے برابر بھی نہیں چہ جائیکہ زیادہ۔

اہل سنت کا عقیدہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم علی الاطلاق تمام مخلوق سے زیادہ علم والے ہیں۔ کسی فرد کا علم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے زیادہ نہیں جو شخص کسی کو حضور سے زیادہ عالم سمجھے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ کیونکہ یہ توہین علم نبوی ہے اور موہن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بالاتفاق کافر ہے۔ علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نسیم الریاض شرح شفاء شریف مطبوعہ مصر ص۳۳۵ جلد ۲ پر فرماتے ہیں:

"فان من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ علیہ وسلم فقد عابہ ونقصہ .... والحکم فیہ حکم السباب من غیر فرق بینھما"

ترجمہ: جو کوئی یہ کہے کہ فلاں نبی کریم سے زیادہ عالم ہے۔ اس نے سید عالم پہ عیب لگایا اور توہین کی، اس کے اور حضور کو گالیاں دینے والے کا ایک ہی حکم ہے۔

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"مخلوق کا کوئی فرد دنیا و آخرت کا کوئی علم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی باطنیت کے سوا حاصل نہیں کرسکتا برابر ہے کہ انبیاء متقدمین ہوں یا علماء ہوں جو حضور کی بعثت سے متاخر ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ مجھے اولین و آخرین کے تمام علوم عطا کیے

گئے ہیں اور اس میں شک نہیں کہ ہم آخرین سے ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان علوم میں تعمیم فرمائی۔ لہٰذا یہ حکم ہر قسم کے علوم کو شامل ہے، خواہ علم منقول معقول ہو یا مفہوم و موہوب لہٰذا ہر مسلمان کو یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ وہ بواسطہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق میں علی الاطلاق سب سے زیادہ علم والے ہیں"۔

مولانا عبدالسمیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے " انوار ساطعہ " لکھی اور اس میں قاعدۂ اصالت کے تحت کہ نبی کریم ہر چیز کی اصل ہیں فرمایا:

"کہ جب چاند سورج کی چمک دمک تمام روئے زمین پر پائی جاتی ہے اور شیطان اور ملک الموت تمام محیط زمین پر موجود رہتے ہیں۔ بنی آدم کو دیکھتے اور ان کے احوال جانتے ہیں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی روحانیت و نورانیت کے ساتھ بیک وقت بہت سے مقامات پر تمام روئے زمین میں رونق افروز ہونا اور اس کا علم رکھنا کس طرح ناممکن اور کفر و شرک ہو سکتا ہے"۔

یعنی چونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سب کی اصل ہیں تو فرع میں کوئی کمال نہیں ہو سکتا جب تک اس کا وجود اصل میں نہ پایا جائے بخلاف عیب کے اور یہ قاعدہ و اصول علماء کے نزدیک مسلّم ہے، ثابت ہوا کہ ملک الموت و شیطان کو جو علم ہے وہ حضور سے مستفاد ہے۔

اب مولوی خلیل احمد اس کا جواب " براہین قاطعہ " میں لکھنے بیٹھے تو لکھ دیا کہ:

ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔

اب اس جاہل ملا خلیل کو کون سمجھائے کہ.... افضلیت کی تو انھوں نے بات ہی نہیں کی تم نے ویسے ہی افضل ہونے کے سبب لکھ دیا۔ ملا خلیل نے اس بات کو بلا سوچے سمجھے لکھ دیا۔ پس بے چارے کو سخت غلط فہمی ہوئی مگر اس کے حامیوں نے آواز دی کہ رو جی ٹھہریئے! ہم نیچے پڑتے ہوئے بھی ہار ماننے کو تیار نہیں اور پھر ٹک کر بولے:

"مولوی عبدالسمیع رامپوری کی یہ گستاخی ہماری نظر میں ہرگز قابل معافی نہیں توبہ توبہ حضور پاک کا علم شیطان کے علم سے ثابت کر رہے ہیں۔ اس صورت میں ہر مومن کو بھی روئے زمین کا علم ہونا چاہیے کیونکہ ہر مومن کو بھی روئے زمین کا علم ہونا چاہیے کیونکہ ہر مومن بھی شیطان سے افضل ہے۔"

(چراغ سنت ص۲۱۷ ط۔۲)

اکابر دیوبند تو مر کر مٹی میں مل گئے۔ اب اصاغر دیوبند کی باری ہے۔ یہ علم میں اگرچہ کورا ہے مگر ہے بڑا چالاک۔ اس نے اُس کفر و توہین کو صحیح بنانے کے لیے نو اصول بنائے جو یہ ہیں:

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کو ذرہ ذرہ کا علم نہیں۔

۲۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کا علم ایک ذرہ کو بھی محیط نہیں۔

۳۔ عقیدہ کے لیے دلیل قطعی کی ضرورت ہے نبی حضور کے علم کے لیے کوئی دلیل نہیں۔

۴۔ معلومات دنیاوی کا حضور کو کوئی علم نہیں۔

۵۔ علم صرف علم شریعت کو کہتے ہیں لہذا حضور کو صرف شریعت کا علم ہے۔

۶۔ غیر نبی دنیاوی معاملات میں نبی سے بڑھ سکتا ہے۔

۷۔ دنیاوی باتیں نہ جاننے سے نبی کی فضیلت میں کچھ فرق نہیں آتا۔

۸۔ جزئی چیز کا علم ادنیٰ کو ہو اور اعلیٰ کو نہ ہو تو یہ ہو سکتا ہے۔

۹۔ وہ تمام واقعات جو دفتاً فوقتاً حضور علیہ السلام کسی سے پوچھتے تھے یعنی نیا نام کیا ہے

فلاں کا گھر کدھر ہے وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام واقعات کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بے علم ہونے کی دلیل ٹھہرایا۔

یہ ہیں وہ تو اصول جو دیوبندی علماء نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمئ علم میں پیش کئے۔ حقیقتاً یہ نو (۹) نہیں صرف ایک ہے جس کو پھیلا کر ۹ بنا دیئے تاکہ عوام سمجھیں کہ دیوبندی بہت بڑے عالم ہیں۔ اب جو تاویل اس خبیث عبارت کو صحیح کرنے کے لیے انہوں نے کی ہے اس کا سارا دارومدار ذاتی و عطائی ہے یعنی حضور سے نفی علم ذاتی کی ہے اور شیطان کے لیے اثبات علم عطائی کا ہے۔

یہ تاویل سخت اور غلط اور فاسد ہے کیونکہ حضور کے لیے ذاتی علم کا تو قائل ہے ہی نہیں پھر ذاتی عطائی کا فرق چہ معنی دارد؟ بلکہ فردوس علی کو معلوم ہونا چاہیئے کہ آپ کے گرو اسمٰعیل دہلوی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے عطائی کے بھی قائل نہیں۔ ملاحظہ ہو تقویۃ الایمان ص :

" پھر خواہ یہ عقیدہ رکھے کہ ان کو خود بخود ہے یا اللہ تعالیٰ سے عطا کیا ہوا ہے ہر طرح ہر طرح شرک ہے۔"

آپ فرمائیے اسمٰعیل تو علم عطائی کو بھی شرک کہہ رہے ہیں۔ جو علم نبی کے لیے شرک ہے شیطان کے لیے اسلام کیسے ہوا مگر معلوم ہوتا ہے کہ اس سے آپ کا کچھ زیادہ ہی تعلق ہے اللہ تعالیٰ بچائے! دوبارہ عرض کروں گا کہ اس عبارت میں غور کیجئے شاید اللہ تعالیٰ آپ کو ہدایت نصیب فرمائے۔

حرف آخر مولوی صاحب! آپ نے اپنے اصول نمبر ۲ میں فرمایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا علم ایک ذرہ کو بھی محیط نہیں مگر خلیل کی عبارت تشریح آپ نے علم محیط زمین کا شیطان کے لیے مان لیا ہے۔ کیا تاڑنے والے بھی قیامت کی نظر نہیں رکھتے؟

۲۶۔ دیوبندی عقیدہ اعمال میں امتی نبی سے بڑھ جاتے ہیں۔

مولوی قاسم نانوتوی اپنی کتاب تحذیر الناس کے صفحہ ۵ پر لکھتے ہیں:

"انبیاء اپنی امت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہوتے ہیں بلکہ بڑھ بھی جاتے ہیں۔"

اہل سنّت کا عقیدہ: انبیاء علم و عمل دونوں میں غیر انبیاء سے ممتاز ہوتے ہیں اس کے خلاف عقیدہ باطل ہے۔ مولوی فردوس علی نے اس مقام پر ملا منظور سنبھلی کی کتاب فیصلہ کن مناظرہ سے ایک عبارت نقل کی ہے کہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"یجوز ان یکون غیر النبی فوق النبی فی علوم لا تتوقف نبوتہ علیھا"

(کبیر صفحہ ۴۹۶ جلد ۵)

اور اس عبارت پر اس کو بڑا ناز ہے۔ حالانکہ یہ بھی بالکل اسی طرح ہے جس طرح دیوبندیوں کے ملا خلیل نے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے کیا۔ مولوی صاحب! یہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب نہیں وہ اپنا مذہب تفسیر کبیر کے اسی صفحہ پر یوں بیان فرماتے ہیں:

"والامۃ لا تکون اعلیٰ حالاً من النبی"

"امت کسی حال میں کسی نبی سے اعلیٰ نہیں ہو سکتی۔"

یہاں بھی یہی دھوکہ باز ذہن کارفرما ہے اور پورا منظر لا تقربوا الصلوٰۃ اور انتم سکاریٰ کا سا منے ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ساری "چراغ سنّت" اسی طریقہ پر مبنی ہے۔ فقہاء و اولیاء کی عبارات نصف نصف درج کر دیں اور باقی چھوڑ دیں تاکہ دنیا کو گمراہ کرنے کا

پورا پورا سامان تیار ہو سکے۔

مولوی صاحب! اللہ کے پیش ہونا ہے آپ کو کیوں وہ وقت بھولتا جا رہا ہے جہاں آپ اور ہم سب کو ذرہ ذرہ کا حساب دینا ہو گا۔ خدارا باز آئیے ایسی کارستانیوں سے۔

۲۷۔ **دیوبندی عقیدہ** قرآن کریم میں خاتم النبیین کا معنی آخری نبی عوام کا خیال ہے۔

مولوی قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند اپنی کتاب تحذیر النّاس صٓ پر لکھتے ہیں:

"بعد حمد و صلوٰۃ کے قبل عرض جواب یہ گذارش ہے کہ اوّل معنی خاتم النبیین کرنے چاہئیں تاکہ فہم جواب میں کچھ دقّت نہ ہو۔ سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلعم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد ہے اور آپ سب میں آخری نبی ہیں مگر اہل فہم پر روشن ہو گا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں پھر مقام مدح میں ولکن رسول اللّٰہ و خاتم النبیین فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہو سکتا ہے۔"

اہل سنّت کا عقیدہ آیت کریمہ میں خاتم النبیین کا معنی آخری نبی ہی ہیں اور یہ معنی منقول متواتر ہیں۔ الفاظ و معانی دونوں کا نام قرآن کریم ہے۔ دونوں میں سے کسی ایک کا منکر، منکر قرآن ہے اور منکر قرآن دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اس معنی متواتر پر جمہور علمائے امّت کا اجماع ثابت ہے۔ اس کو عوام کا خیال کہنے والا منکر قرآن ہونے کے علاوہ مرتکب تحقیر جمہور علمائے امت ہے اور علمائے ملت اسلامیہ کی تحقیر سخت گمراہی ہے۔ نیز یہ آیت کریمہ یقیناً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدح ہے۔

سب سے پہلے مولوی قاسم کی اس عبارت کی تشریح سنیئے:

عوام کے معنی عام لوگ، اہل فہم کے معنی سمجھدار لوگ۔ جس وقت اہل فہم کے مقابلے میں عوام

کا لفظ بولا جائے گا۔ اس وقت عوام کے معنی ناسمجھ لوگ ہوں گے۔ تقدم کے معنی پہلے اور آگے ہونا، تاخر کے معنی بعد کو اور پیچھے ہونا، زمانی کے معنی زمانے کے اعتبار سے، بالذات کے معنی اپنی ذات سے اور اپنی ذات کے اندر، فضیلت کے معنی خوبی اور بزرگی، مدح کے معنی تعریف۔

واقعہ یہ ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے،

"مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝"

"یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ لیکن وہ اللہ کے رسول اور سب نبیوں سے پچھلے نبی ہیں اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔"

ساڑھے تیرہ سو برس سے بھی پیشتر سے اب تک کے تمام اگلے پچھلے اولیاء وعلماء وعوام اہل اسلام کا اس بات پر اجماع واتفاق ہے کہ اس آیت کریمہ میں خاتم النبیین کے صرف یہی معنی ہیں کہ حضور سب سے پچھلے نبی ہیں اور جو شخص اس ضروری دینی معنی کے خلاف کوئی اور معنی اس لفظ کے بنائے وہ ہرگز مسلمان نہیں۔ بلکہ شریعت اسلامیہ کے حکم سے کافر، مرتد، بے دین ہے۔ لیکن مولوی نانوتوی صاحب کی اس عبارت کا صریح اور صاف اور واضح مطلب یہی ہوا کہ آیہ کریمہ میں خاتم النبیین کے یہ معنی سمجھنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں یہ تو ناسمجھ لوگوں کا خیال ہے، سمجھ دار لوگوں کے نزدیک یہ معنی غلط ہیں۔ کیونکہ زمانے کے لحاظ سے سب سے پہلے یا سب سے پچھلے ہونا اپنی ذات کے اندر کوئی خوبی اور بزرگی نہیں رکھتا۔ بلکہ آیت کریمہ میں اگر وصف خاتم النبیین کے معنی سب سے پچھلا نبی مراد ہوں تو چونکہ یہ آیت مبارکہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں ہے۔ لہٰذا اس تعریف کے مقام میں خاتم النبیین فرمانا کیونکر صحیح

ہو گا؟

یہی مولوی نانوتوی صاحب اپنی کتاب تحذیر الناس کے ص ۴ پر ایک مثال دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"دیکھو زمین، پہاڑ، در و دیوار، چاند، آئینہ، آفتاب سب میں نور کی صفت موجود ہے۔ جب ہم تلاش کرتے ہیں کہ زمین کو، پہاڑ کو، دروازے کو، دیوار کو نور کی صفت کہاں سے حاصل ہوئی تو پتہ چلتا ہے کہ ایک آئینہ ان چیزوں کے مقابل رکھا ہوا ہے۔ اسی آئینے کے واسطے سے ان چیزوں کو نور کی صفت حاصل ہوئی تو معلوم ہوتا ہے کہ آئینے کے مقابلے میں چاند ہے۔ چاند کا نور آئینے کو بھی نور کی صفت دے رہا ہے۔ پھر ہم تجسس کرتے ہیں کہ چاند کو نور صفت کس سے ملی، تو بہ ہیئت فلکی و نظام شمسی سے ثابت ہوتا ہے کہ چاند کو بھی نور کی صفت خود اپنی ذات سے نہیں ملی، بلکہ چاند کے مقابلے میں آفتاب ہے۔ آفتاب ہی کا نور چاند کو نور کی صفت سے موصوف کر رہا ہے۔ آفتاب تک پہنچ کر یہ تجسس و جستجو کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے اور معلوم ہو جاتا ہے کہ آفتاب صفت نور کے ساتھ بغیر کسی کے واسطے کے خود بخود اپنی ذات سے موصوف ہے اور آفتاب کے سوا چاند آئینہ، دیوار، دروازہ، پہاڑ، زمین سب کے سب اپنی ذات سے نہیں بلکہ اسی آفتاب ہی کے واسطے سے صفت نور کے ساتھ موصوف ہیں۔"

پھر اسی کتاب کے ص ۳ پر لکھتے ہیں:

"سو اسی طور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت کو تصور فرمایئے یعنی آپ موصوف بوصف بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبی موصوف بوصف بالعرض۔ اوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے۔ پر آپ کی نبوت کسی

اور کا فیض نہیں، آپ پر سلسلۂ نبوت مختتم ہو جاتا ہے۔"

وصف کے معنی صفت، نبوت کے معنی پیغمبری، خاتمیت کے معنی خاتم ہونا، موصوف بالذات وہ ہستی ہے۔ جس کو کوئی صفت خود اپنی ذات سے بغیر کسی کے واسطہ کے حاصل ہوئی ہو۔ موصوف بالعرض وہ ہستی ہے جس کو کوئی صفت خود اپنی ذات سے نہیں بلکہ کسی دوسرے کے واسطے سے حاصل ہوئی ہو۔ مختتم کے معنی ختم ہونے والا ہے۔

تو مولوی نانوتوی صاحب کی اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا کہ آیت کریمہ میں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین فرمایا گیا ہے۔ اس کے یہ معنی تصور کرنا چاہیے کہ حضور کو بغیر کسی دوسرے کے واسطے کے خود بخود اپنی ذات سے نبوت حاصل ہوئی ہے۔ یعنی نبیوں کو رسولوں سے نبوت حاصل ہوئی۔ رسولوں کو مرسلین اولوالعزم سے نبوت حاصل ہوئی۔ مرسلین اولوالعزم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نبوت حاصل ہوئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر کسی اور کے واسطے کے خود اپنی ہی ذات سے نبوت حاصل کی تو جیسے آفتاب پر تفحص و جستجو کا سلسلہ ختم ہو گیا تھا۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تجسس و تلاش کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔

مولوی نانوتوی صاحب نے خاتم النبیین کے اس معنی کا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں جو تمام اگلے پچھلے مسلمانوں کی ضروریات ایمانیہ میں داخل ہے ختم زمانی اور خاتمیت زمانی نام رکھا ہے اور مولوی نانوتوی صاحب نے خود اپنی طبیعت سے خاتم النبیین کے جو معنی گڑھے کہ حضور بغیر کسی اور کے واسطے کے خود اپنی ذات سے نبی ہیں۔ تفسیر و حدیث و کلام و اصول و فقہ و لغت کی کسی کتاب سے ہرگز ہرگز یہ ثابت نہیں کہ خاتم کے معنی موصوف بالذات ہیں۔

مولوی نانوتوی صاحب نے اپنے اس تراشیدہ خراشیدہ معنی کا نام ختم ذاتی

اور خاتمیت مرتبی رکھا ہے اور اپنی اسی کتاب تحذیر الناس کے صد پر لکھتے ہیں:

"شایانِ شانِ محمدی خاتمیت مرتبی ہے نہ زمانی"

اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ مبارک کے لائق خاتم النبیین کے صرف یہی معنی ہیں کہ حضور بغیر کسی دوسرے کے واسطے کے خود اپنی ذات سے نبی ہیں لیکن خاتم النبیین کے یہ معنی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں۔ حضور کی شان کے لائق نہیں۔

مولوی نانوتوی صاحب نے اپنی اسی کتاب تحذیر الناس کے صد۱ پر لکھا ہے:

"اختتام اگر بایں معنی تجویز کیا جاوے جو میں عرض کیا، تو آپ کا خاتم ہونا انبیائے گذشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا بلکہ اگر بالفرض آپ کے زمانہ میں بھی کہیں اور کوئی نبی ہو۔ جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے"

اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا کہ خاتم النبیین کے اگر یہی معنی لیے جائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں تو یہ خرابی ہوگی کہ حضور اس صورت میں صرف انہی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے خاتم ہوں گے جو حضور سے پہلے دنیا میں تشریف لا چکے ہیں لیکن اگر خاتم النبیین کے وہ معنی لیے جائیں جو میں نے بیان کیے کہ حضور بغیر کسی دوسرے کے واسطے کے اپنی ذات سے خود بخود نبی ہیں تو اس میں یہ خوبی ہے کہ اگر حضور کے زمانے میں بھی کبھی کہیں اور کوئی نبی ہو تو جب بھی حضور ویسے ہی خاتم النبیین رہیں گے۔ یعنی حضور کے زمانے میں جو اور نبی ہوں گے وہ سب اپنی ذات سے نہیں بلکہ حضور ہی کے واسطے سے نبی ہوں گے۔ لیکن حضور بغیر کسی اور نبی کے واسطے کے خود اپنی ہی ذات سے نبی رہیں گے۔

مولوی نانوتوی صاحب اپنی اسی کتاب تحذیر الناس کے صد ۲۸ لکھتے ہیں:

"اگر خاتمیت بمعنی اتصاف ذاتی بوصف نبوت لیجئے۔ جیسا کہ اس ہیچمدان

نے عرض کیا ہے تو پھر سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی کو افراد مقصود بالخلق میں سے مماثل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر آپ کی فضیلت ثابت نہ ہوگی۔ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائیگی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔"

ص — اتصاف ذاتی بوصف نبوت کے معنی اپنی ذات سے خود بخود نبی ہونا۔ مماثل نبوی کے معنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل افراد مقصودہ بالخلق کے معنی وہ لوگ ہیں جن کا پیدا فرمانا اللہ تعالیٰ کو منظور ہے۔ انبیاء کے افراد خارجی سے مراد وہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام جو دنیا میں تشریف لا چکے۔ انبیاء کے افراد مقدرہ سے مراد وہ نبی جو دنیا میں پیدا تو نہیں ہوئے لیکن فرض کر لیا جائے کہ وہ بھی پیدا ہو جائیں۔"

ف — اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہ ہوا کہ اگر خاتم النبیین کے یہ معنی مراد ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں تو اس میں یہ خرابی ہے کہ حضور کا صرف انہی انبیاء علیہم السلام سے افضل ہونا اور حضور کا صرف انہی انبیاء علیہم السلام میں بے مثل ہونا ثابت ہوگا۔ جو دنیا میں پیدا ہو چکے لیکن اگر خاتم النبیین کے معنی وہ مراد ہوں جو میں نے بیان کیے کہ حضور بغیر کسی دوسرے نبی کے واسطے کے اپنی ذات سے خود بخود نبی ہیں تو اس میں یہ خوبی ہے کہ جو نبی دنیا میں پیدا نہیں ہوئے ان سے بھی حضور کا افضل ہونا ثابت ہو جائے گا۔ اور جو نبی دنیا میں پیدا ہو چکے اور جو نبی پیدا نہیں ہوئے ان سب میں سے کسی کا بھی حضور کے مثل نہ ہونا ثابت ہوگا۔ بلکہ اگر یہ مان لیا جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کے بعد بھی اور نبی پیدا ہو گئے تو بھی حضور کے خاتم الانبیاء ہونے میں کچھ فرق نہیں پڑے گا۔ بلکہ حضور ہی کے واسطے سے نبی ہوں گے

اور حضور اسی طرح بغیر کسی دوسرے نبی کے واسطے کے خود ہی اپنی ذات سے نبی رہیں گے۔"

مولوی نانوتوی صاحب نے اپنی ان عبارتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے پچھلے نبی ہونے کے جو عقائد ضروریہ دینیہ میں ہے۔ سخت شدید تکذیب کی اور خود اپنے جی سے ختم نبوت کے ایسے معنے گھڑے جن سے قیامت تک ہزاروں، لاکھوں جدید نبیوں، نئے پیغمبروں کے۔ لیے نبوت کا دروازہ کھول دیا۔

مولوی نانوتوی صاحب سے سیکھ کر ہر شخص معاذ اللہ کہہ سکتا ہے کہ میں نبی و پیغمبر ہوں۔ لیکن میں خود اپنی ذات سے نہیں بلکہ حضور ہی کے واسطے سے نبی و پیغمبر بنا ہوں۔

چنانچہ مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنے رسالے "ایک غلطی کا ازالہ" میں بالکل بعینہٖ اسی طرح اپنے نبی و رسول و پیغمبر ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ مرزا قادیانی نے بھی خاتم النبیین کے یہی معنی لکھے ہیں کہ کسی شخص کے لیے مرتبۂ نبوت حاصل کرنے تک پہنچنے کا بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے کے کوئی راستہ نہیں۔

ایک یہ بات ہمیں ضرور گذارش کرنی ہے کہ آیت مبارکہ میں خاتم النبیین کے صرف یہی معنی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں۔ ساڑھے تیرہ سو برس سے بھی پیشتر سے اب تک تمام خواص و عوام اہل اسلام مانتے چلے آئے ہیں۔ یہی معنی تمام علمائے کرام و صوفیائے عظام و متکلمین فخام و مفسرین عالی مقام نے بتائے۔ یہی معنی صحابہ کرام نے تابعین کو، تابعین نے تبع تابعین کو، تبع تابعین نے اپنے بعد والوں کو سمجھائے بلکہ یہی معنی خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سینکڑوں حدیثوں میں ارشاد فرمائے، بلکہ خود باری تعالیٰ نے بیسیوں آیات مبارکہ میں متعدد طریقوں سے خاتم النبیین کے صرف یہی معنی سکھائے ہیں۔

(اس امر کا اقرار قادیانی مرزائیوں کے مقابلہ میں خود دیوبندی مولویوں کو بھی بار بار کرنا ہی پڑا)

مولوی قاسم نانوتوی اپنی کتاب تحذیر الناس کے صفحہ ۲۹ پر لکھتے ہیں:

"باقی رہی یہ بات کہ بڑوں کی تاویل کو نہ مانئیے تو ان کی تحقیر نعوذ باللہ لازم آئے گی یہ انہی لوگوں کے خیال میں آسکتی ہے جو بڑوں کی بات فقط ازراہ ِ ادبی نہیں مانا کرتے، ایسے لوگ اگر ایسا سمجھیں تو بجا ہے۔ اَلمَرءُ یَقِیسُ عَلیٰ نَفسِہٖ اپنا یہ وطیرہ نہیں۔ نقصان شان اور چیز ہے اور خطا و نسیان اور چیز اگر بوجہ کم التفاتی بڑوں کا فہم کسی مضمون تک نہ پہنچا تو ان کی شان میں کیا نقصان آگیا اور کسی طفل نادان نے کوئی ٹھکانے کی بات کہہ دی تو کیا اتنی بات سے وہ عظیم الشان ہوگیا؟ ؎

گاہ باشد کہ کودکے ناداں

بغلط بر ہدف زند تیرے

اس عبارت کا صاف واضح صریح مطلب یہ ہوا کہ ساڑھے تیرہ سو برس سے بھی پیشتر سے آج تک کسی مولوی کسی امام کسی عالم کسی متکلم کسی مفسر، کسی صوفی، کسی ولی، کسی تابع تابعین، کسی تابعی، کسی صحابی نے حتیٰ کہ خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیہ کریمہ میں خاتم النبیین کے وہ معنی ہرگز ہرگز نہیں بتائے جو مولوی نانوتوی صاحب نے تصنیف کیے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بغیر کسی اور کے واسطے کے خود اپنی ذات سے نبی ہیں۔ خاتم النبیین کے یہ معنی گھڑنے کی مشقتیں تو صرف مولوی نانوتوی صاحب نے فرمائیں اور نانوتوی صاحب ہی نے ان سب حضرات کے بتائے ہوئے، سمجھائے ہوئے، ارشاد فرمائے ہوئے معنی میں خرابیاں خامیاں غلطیاں بتائیں تو مولوی نانوتوی صاحب فرماتے ہیں کہ ساڑھے تیرہ سو برس سے بھی پیشتر سے اب تک کے تمام اکابر پیشوایان اسلام کے بتائے ہوئے معنی کو غلط جانئے اور ان کے مقابلہ میں میرے تصنیف کئے ہوئے معنی کو صحیح ماننے سے ان اکابر اسلام کی کوئی توہین نہیں ہوتی۔

خاتم النبیین کے معنی سمجھنے میں ان سب حضرات کا اکابر اسلام سے بھول چوک تو ضرور ہو گئی لیکن اس بھول چوک سے ان کی شان میں کچھ کمی نہیں آگئی۔ ان تمام حضرات اکابر اسلام اولین و آخرین میں کسی نے اس مسئلہ ضروریہ دینیہ کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی اس لیے ان میں سے کوئی بھی خاتم النبیین کے صحیح معنی نہیں سمجھ سکا۔ اس سے ان کا مرتبہ گھٹ نہیں گیا اور میں نے باوجود ایک نادان بچہ ہونے کے ٹھکانے کی بات کہہ دی۔ خاتم النبیین کے معنی صحیح طور پر بتا دیے۔ اس سے میرا مرتبہ کچھ بڑھ نہیں گیا۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک ناسمجھ لڑکا غلطی سے صحیح نشانے پر تیر مار لیتا ہے۔

مولوی نانوتوی صاحب نے ان عبارتوں میں تمام اکابر اسلام اولین و آخرین کو بلکہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی عوام یعنی ناسمجھ لوگوں میں شامل کر کے سخت اہانت کی ہے

اس موقع پر دیوبندی مصنفین کو ایک اعتراض ہے جس کا جواب حاضر ہے حقیقت یہ ہے کہ خاتم النبیین کے معنی آخری نبی ہی ہیں۔ ساڑھے تیرہ سو برس سے بھی پیشتر سے اب تک کے تمام اگلے پچھلے علماء و اولیاء عوام اہل اسلام کا اس بات پر اجماع و اتفاق ہے کہ اس آیہ کریمہ میں خاتم النبیین کے صرف یہی معنی ہیں کہ حضور سب سے پچھلے نبی ہیں۔ سب سے پہلا اعتراض دیوبندیوں کا یہ ہے کہ صرف یہی معنی کی کوئی دلیل پیش کریں اور ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ ایک دلیل بھی نہیں رکھتے۔ اگر تم کو کوئی دلیل ہے ہے تو پیش کریں۔

جواب ہم نے اگر کسی اہل سنت عالم کی کوئی کتاب پیش کی تو آپ ہرگز نہیں مانیں گے کیونکہ آپ کو نہ ماننوں کا مرض ہے اس لیے ہم دو دیوبندی مولویوں کی کتابیں پیش کرتے ہیں اور یہ دونوں عالم ہزار ہا دیوبندی علماء کے استاد ہیں۔

۱۔ مولوی مفتی محمد شفیع صاحب کراچی۔ دیوبندیوں کے مفتی اعظم۔

۲۔ مولوی محمد ادریس صاحب کاندھلوی، شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور۔

مفتی محمد شفیع نے اپنے رسالہ "ہدایۃ المہدیین کے ص۲ اور ص۳۵ پر لکھا ہے:

"لغت عربی اس پر حاکم ہے کہ آیت میں جو خاتم النبیین ہے اس کے معنی آخری آخری نبی ہیں نہ کچھ اور ...... امت نے خاتم کا یہی معنی مراد ہونے پر اجماع کیا ہے۔ اس کے خلاف دعویٰ کرنے والا کافر ہے اور اصرار کرے تو قتل کیا جائے۔"

اور یہی معنی انہوں نے ختم النبوۃ فی القرآن، ختم النبوۃ فی الآثار میں بیان کئے ہیں۔

مولوی صاحب! اپنے مفتی اعظم کی اس عبارت کو دوبارہ پڑھیئے اور غور کیجئے، اس عبارت سے یہ نتائج سامنے ہیں:

۱۔ خاتم النبیین کے معنی آخری نبی ہی ہیں نہ کچھ اور۔

۲۔ اس معنی پر امت کا اجماع ہے۔

۳۔ اس کو منکر کو قتل کیا جائے۔

اب ہم یہ عرض کریں گے کہ ایک دس پیسہ کا کارڈ کراچی لکھیئے اور پوچھیئے مفتی صاحب اس حصر کی کیا دلیل ہے اور یہ بھی لکھنا کہ آپ کے اس فتویٰ سے مولوی قاسم صاحب کافر و مرتد ہو گئے ہیں۔ کیونکہ وہ آخری نبی کا معنیٰ عوام کا خیال بتارہے ہیں۔

دوسرے دیوبندی عالم ادریس کاندھلوی صاحب ہیں جو جامعہ اشرفیہ لاہور کے محدث ہیں انہوں نے ایک کتاب مسک الختام فی ختم النبوۃ علیٰ سید الانام لکھی ہے اس کے ص۱۵ پر لکھتے ہیں:

"لفظ خاتم جب کسی قوم یا جماعت کی طرف مضاف ہو تو اس کے معنی صرف آخر اور ختم کرنے والے کے ہیں لہٰذا آیت مذکورہ میں چونکہ خاتم کی اضافت

نبیین کی طرف ہو رہی ہے اس لیے اس کے معنی آخر النبیین اور تمام نبیوں
کے ختم کرنے والے ہوں گے۔"

اور صفحہ ۲۰ پر ہے:

"خاتم النبیین کے جو معنی ہم نے بیان کئے یعنی آخر النبیین کے تمام ائمہ
لغت اور علمائے عربیت اور تمام علمائے شریعت عہد نبوت سے لے کر
اب تک سب کے سب یہی معنی بیان کرتے آئے ہیں، انشاء اللہ ثم
انشاء اللہ تعالیٰ ایک حرف بھی کتب تفسیر اور کتب حدیث میں اس کے
خلاف نہ ملے گا۔"

اور صفحہ ۲۵ پر ہے:

"خلاصہ کلام یہ کہ خاتم النبیین کے معنی آخر النبیین کے ہی ہیں۔ جس نبی
پر یہ آیت اتری اس نے اس آیت کے یہی معنی سمجھے اور سمجھائے
اور جن صحابہ نے اس نبی سے قرآن اور اس کی تفسیر پڑھی انھوں نے
بھی یہی معنی سمجھے، فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ۔"

ناظرین! مولوی ادریس صاحب کی ان تینوں عبارتوں سے یہ نتیجہ سامنے ہے:

۱۔ لفظ خاتم جب قوم یا جماعت کی طرف مضاف ہو تو اس کے معنی صرف آخر ہی ہوتے ہیں۔
۲۔ تمام ائمہ لغت اور علماء عربیت اور علماء شریعت نے عہد نبوت سے لے کر آج تک یہی معنی بیان کیے ہیں۔
۳۔ اس کے خلاف تفسیر و حدیث میں ایک لفظ بھی نہیں ملے گا۔
۴۔ نبی کریم نے بھی یہی معنی سمجھے سمجھائے۔
۵۔ صحابہ کرام نے بھی یہی معنی سمجھے۔

فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ۔

اب دیوبندی حضرات کے اس دعویٰ پر غور کیجئے کہ خاتم النبیین سے آخر النبیین کا معنی مراد لینے پر ایک دلیل بھی نہیں۔

الفضل ما شهدت به الاعداء۔

تحذیر الناس ص۳ والی عبارت جس میں مولوی قاسم نے لکھا ہے کہ آپ موصوف بوصف بالذات ہیں اور سوا آپ کے اورنبی موصوف بوصف بالعرض کا مطلب یوں کیا ہے کہ آپ بالذات نبوت سے موصوف ہیں اور دوسرے انبیاء بالعرض (یعنی) آپ کی نبوت دوامی اور قدیمی ہے اور دوسروں کی حادث عرضی۔

چراغ ہدایت صفحہ ۸۰ پر اس کی تشریح علامہ رضوی صاحب نے یوں کی ہے:

"موصوف بالذات وہ ہستی ہے جس کو کوئی صفت بغیر کسی کے واسطے حاصل ہوئی ہو،
اور موصوف بالعرض وہ ہستی ہے جس کو کوئی صفت اپنی ذات سے نہیں بلکہ
کسی دوسرے کے واسطے سے حاصل ہوتی ہو۔"

اور وہ یہ معنی ہیں جو دیوبندی مصنف چراغ سنت نے شرح مطالع کے حوالے سے ص۱۹۹ پر درج کئے ہیں:

السادس ان یحصل لموضوعه بلا واسطة و فی مقابله العرضی۔

یعنی ذاتی وہ ہے جو بلا واسطہ حاصل ہو اور عرضی وہ ہے جس کا حصول بالواسطہ ہو، یہی معنی رضوی صاحب نے کیے ایک مقام پر انہوں نے مولوی قاسم صاحب کی ساری تشریح کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھا کہ مولوی قاسم صاحب کے نزدیک ذاتی اور عرضی کے معنی یہ ہیں کہ حضور کی نبوت قدیم ہے اور باقی انبیاء کی حادث یعنی فنا ہونے والی، پھر اس کی رضوی صاحب نے تردید کی کہ یہ معنی غلط ہیں، حد ہوگئی۔ اگر رضوی صاحب نے حادث کا معنی فنا ہونے والا کیا ہے تو آپ نے ص۱۹۵ پر کیوں باقی انبیاء کی نبوت کو حادث عرضی لکھا۔ حادث کا معنی آپ کے نزدیک کیا ہے؟ رہا یہ کہ انہوں نے بالعرض کا معنی عارضی وفنا ہونے والا کیا ہے تو یہ غلط ہے، انہوں نے تو

چراغ ہدایت میں صاف صاف فرمایا کہ موصوف بالعرض وہ ہستی ہے جس کو کوئی صفت کسی دوسرے کے واسطے سے حاصل ہو، پتہ نہیں معترض اندھا ہو کر بلا سوچے سمجھے کیوں اعتراض کرتا ہے۔ ہاں اگر اعتراض نہ کرے تو اقرار کرنا ہوگا اور اقرار کرنا بڑا مشکل ہے پارٹی کیا کہے گی۔

۲۱۔ دیوبندی عقیدہ: اگر حضور علیہ السلام کے بعد کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔

مولوی قاسم صاحب تحذیر الناس صفحہ ۲۸ پر لکھتے ہیں،

"اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا، چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا فرض کیجئے اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے"

اہل سنت کا عقیدہ: یہ ہے کہ اگر بفرض محال حضور علیہ السلام کے زمانہ کے بعد کوئی نبی پیدا ہو تو سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت میں ضرور فرق آئے گا۔ اس مقام پر "چراغ ہدایت" میں علامہ محمود احمد صاحب رضوی کی ایک نفیس تقریر ہے جو درج ذیل ہے:

مولوی قاسم نانوتوی نے اسی کتاب پر اکتفا نہیں کیا کہ حضور کے ارشاد فرمائے ہوئے معنی کو جاہلوں کا خیال اور اس کے خلاف اپنی طرف سے ایک نئے معنی گھڑے۔ بلکہ انھوں نے اس پر تفریعاً یہ بھی لکھ دیا کہ جو معنی میں کرتا ہوں اس کی بناء پر تو "آپ کا خاتم ہونا انبیاء گذشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا، بلکہ بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور کوئی نبی ہو، جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔"

تحذیر الناس صفحہ ۱۴ پھر صفحہ ۲۸ پر لکھا کہ:

"اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ

فرق نہ آنے گا۔"

یعنی وہ یہ کہتے ہیں جب خاتم النبیین کے معنی یہ ہوں کہ حضور اصلی نبی ہیں اور دیگر انبیاء عرضی نبی ہیں تو پھر بالفرض حضور کے زمانہ میں یا حضور کے بعد بھی کوئی نبی ہو۔ جب بھی حضور کی خاتمیت میں فرق نہ آئے گا۔ کیونکہ اس صورت میں حضور اصلی نبی رہیں گے اور دوسرا نبی عرضی نبی ہوگا۔ لیکن اس عبارت کے بعد حضور اکرم کا آخرالانبیاء ہونا کہاں باقی رہا۔ اگر حضور کے بعد کسی نبی کا پیدا ہونا تجویز کیا جائے تو خاتمیت بمعنی آخریت کہاں رہی اور خاتمیت ذاتی کے لیے مولوی قاسم نے مانا ہے کہ خاتمیت زمانی لازم ہے۔ چنانچہ ص پر لکھا ہے:

"ختم نبوت بمعنی معروض کو تاخر زمانی لازم ہے۔"

مولوی حسین احمد مدنی نے اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے:

"تیسرا طریقہ یہ ہے کہ فقط ایک ہی معنی خاتم سے مراد ہوں اور وہ خاتمیت مرتبی ہے اور اس کی خاتمیت زمانی لازم ہے۔"

تو جب یہ بات ہے تو اس عبارت کے بعد خاتم زمانی تو بالکل باطل ہو گئی جو خاتمیت مرتبی کا لازم تھا اور جب لازم باطل ہوا تو ملزوم بھی باطل ہو جاتا ہے تو اس عبارت سے نہ خاتمیت ذاتی باقی رہتی ہے اور نہ خاتمیت زمانی، دونوں کا صفایا ہو جاتا ہے، اس لیے ہم کہتے ہیں:

کہ جب یہ کہا جائے کہ بالفرض حضور کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں فرق نہ آئے گا، یہ عبارت اس لیے قابل اعتراض ہے کہ اس سے خاتمیت زمانی تو یقیناً حضور کی خاتمیت میں فرق آتا ہے اور مولوی قاسم کہتے ہیں۔ فرق نہیں آتا۔ تو اس سے خاتمیت زمانی تو باطل ہو گئی اور خاتمیت مرتبی کو خاتم زمانی لازم تھی، جب لازم باطل ہوا تو ملزوم بھی باطل ہو گیا اور اس طرح اس عبارت سے ختم زمانی و ختم ذاتی دونوں کا خاتمہ ہو گیا۔

قارئین کرام! اگر ہماری ان مدلّل تصریحات سے عبارت

ان ترانیوں کے جوابات تحذیرالناس کے تمام پہلو آپ کے سامنے آگئے ہیں۔
اور اعتراضات کے جوابات بھی ہوگئے جو دیوبندی تاویل نگار کرتے رہتے ہیں۔

غور سے پڑھیے:

۱۔ مصنف چراغِ سنّت نے اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمۃ کو انگریز کا ایجنٹ کہا۔
ہم نے ثابت کیا کہ بفضلہٖ تعالیٰ اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمۃ انگریز کے ایجنٹ نہیں تھے
بلکہ علماءِ دیوبند انگریز کے ایجنٹ تھے۔ جنہوں نے انگریز سے جہاد حرام قرار دیا اور
سکھوں سے جہاد کی آڑ میں سب سے پہلے مسلمانانِ افغانستان سے جنگ کی، اور
اس طرح ہندوستان پر انگریزوں کے قدم مضبوط کیے۔

۲۔ مصنف چراغِ سنّت نے دعویٰ کیا کہ عبارت تحذیرالنّاس بالکل حق وثواب ہے اور
خاتم النبیین کے جو معنی مولوی قاسم نے کئے اس سے حضور کی فضیلت دوبالا
ہو جاتی ہے۔ ہم نے ثابت کیا کہ عبارت تحذیرالناس کفر وضلال پر مشتمل ہے اور
اس سے حضور کی فضیلت نہیں بلکہ توہین ہوتی ہے۔

۳۔ مصنف چراغِ سنّت نے فریب دیا کہ اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمۃ نے عبارت
تحذیرالناس میں تیرہ فریب کئے اور مختلف ٹکڑوں کو جوڑ کر علمائے عرب کے
سامنے پیش کیا۔ ہم نے ثابت کر دیا عبارت تحذیرالناس کا ہر ٹکڑا مستقل طور پر
قابلِ اعتراض ہے اس کو علیحدہ علیحدہ لکھئے یا ایک جگہ جمع کر دیجیے مفہوم میں کچھ
خلل نہیں آتا۔

اسی دیوبندی مصنف نے چراغِ سنّت کے
بہت بڑے فریب کا جواب صفحہ نمبر ۱۵۵ پر لکھا ہے:

"ہاں اگر خاتمیت معنی اتصاف ذاتی بوصف نبوت لیجئے جیسا کہ اِس

ہیچمداں نے عرض کیا ہے تو پھر سوائے رسول اللہ کے اور کسی کو افراد مقصودہ بالخلق میں مماثل نبوی نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر ہی آپ کی فضیلت ثابت نہ ہوگی۔ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی فضیلت ثابت ہوجائے گی بلکہ بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے۔ (تحذیر الناس)

اس عبارت میں مولوی احمد رضا خاں نے یہ کاریگری کی کہ جتنا حصّہ خط کشیدہ ہے وہ لکھ دیا اور پہلا حصّہ جس میں اتصاف ذاتی کے لفظ ہیں وہ چھوڑ دیا۔ اب علمائے عرب کیا جانیں تیچھے سے کتنی عبارت خانصاحب سمندر میں پھینک آئے ہیں۔" (چراغ سنّت صفحہ ۱۵۴)

جواب اس موقع پر مصنف چراغ سنّت کا اعتراض صرف اس قدر ہے کہ اعلیٰحضرت بریلوی نے خط کشیدہ حروف والی عبارت تو لکھ دی اور اوپر والی عبارت نہیں لکھی۔

میں کہتا ہوں کہ یہ اعتراض اس وقت صحیح ہو سکتا ہے جب کہ دونوں عبارتوں کے علیحدہ علیحدہ کرنے سے مفہوم بگڑ جائے۔ لیکن حقیقت یہ ہے یہ دونوں عبارتیں مستقل طور پر قابل اعتراض ہیں۔ کیونکہ اوپر والی عبارت کا مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ذاتی نبی ہیں اور دیگر انبیاء عرضی نبی ہیں۔ یہ ہی وہ معنیٰ ہیں جو مولوی صاحب نے اپنی طرف سے آیہ خاتم النبیین کے کیے ہیں جو بجائے خود قابل ذکر ہیں اور جلی حروف والی (خط کشیدہ) عبارت کا یہ مطلب ہے کہ جب آیہ خاتم النبیین کے معنیٰ ذاتی نبی کے ہوئے تو اب بالفرض کوئی نبی پیدا ہو تو بھی خاتمیت محمدیہ میں فرق نہ آئے گا۔

یہ عبارت بھی مستقل طور پر کفر ہے کیونکہ اس سے ختم زمانی ختم مرتبی دونوں کا صفایا ہو جاتا ہے کیونکہ مولوی قاسم صاحب نے یہ مانا ہے کہ خاتم مرتبی کو ختم زمانی لازم ہے تو اس عبارت سے

ختم زمانی جو لازم تھی وہ تو قطعاً باطل ہو گئی۔ ۔ ۔ ۔ کیونکہ اگر خاتم النبیین کے معنی آخری نبی کیلئے جائیں تو پھر یہ کہا جائے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ بالفرض حضور کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

اس سے خاتمیت زمانی باطل ہو جاتی ہے، کیونکہ بالفرض نبی پیدا ہونے کی صورت میں یقیناً حضور آخری نبی نہیں رہتے اور حضور کی خاتمیت بمعنی آخریت میں فرق آتا ہے۔ تو جب خاتمیت زمانی جو خاتمیت مرتبی کو لازم تھی اس عبارت سے باطل ہوئی تو ملزوم جو خاتمیت مرتبی ہے وہ بھی باطل ہو گیا۔ کیونکہ یہ اصول ہے کہ جب لازم باطل ہو تو ملزوم بھی باطل ہو جاتا ہے لہٰذا اس عبارت نے خاتمیت زمانی و خاتمیت ذاتی دونوں کا صفایا کر دیا۔ اس لیے عبارت کا یہ ٹکڑا مستقل طور پر کفر ہے (کوئی اہل علم ہو تو ہماری اس عبارت پہ ایمانداری سے غور کرے) بہر حال جب عبارت کے دونوں ٹکڑے قابل اعتراض ہیں تو اعلیٰ حضرت بریلوی نے دونوں میں سے ایک لکھ دیا تو کیا قصور کیا؟

دیوبندیوں کے مصنفین لکھتے ہیں کہ بریلویوں کو لفظ "بالفرض"

دوسرا فریب پر اعتراض ہے، قرآن و حدیث میں ایسے فرض اور بالفرض سے بے شمار ہیں،

لو کان فیھما آلھۃ

اگر زمین و آسمان میں خداوند تعالیٰ کے سوا کوئی دوسرا خدا ہوتا تو زمین و آسمان خراب ہو جاتے۔

ولو تقول علینا بعض الاقاویل ۔ ۔ ۔ ۔ الخ

بالفرض اگر ہمارا سچا رسول کچھ بناوٹی باتیں کرنے لگے تو ہم اس کو داہنے ہاتھ سے پکڑ لیتے کیا خداوند کو حضور علیہ السلام پہ کچھ بد ظنی ہو چلی تھی؟ (چراغ سنت ص ۱۵۵)

جواب قارئین کرام! اس موقع پر اگر ہم دیوبندی مصنفین کے ان کلمات کا تجزیہ کر دیں اور ان کی جہالت کا حال بیان کریں تو بات بہت دور چلی جائے گی۔ در اصل ہم کو لفظ بالفرض پر اعتراض نہیں ہے، بلکہ اعتراض مولوی قاسم کے ان لفظوں پر ہے:

"تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

غور سے پڑھیئے، مولوی قاسم کی عبارت یہ ہے:

"بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

غور کیجئے! بالفرض اگر نبی پیدا ہو تو حضور کی خاتمیت میں فرق آئے گا یا نہیں آئے گا۔ اگر آپ کہیں کہ "نہیں آئے گا" تو یہ غلط ہے، کیوں ..... اس لیے کہ:

۱۔ اگر بالفرض دیوبندی مصنفوں کی دونوں آنکھیں نکال دی جائیں تو پھر بھی ان کی بینائی میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔

۲۔ بالفرض اگر دیوبندیوں کے سر کو جسم سے جدا کر دیا جائے تو پھر بھی ان کے زندہ رہنے میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔

۳۔ بالفرض اگر دیوبندی حضرات اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں تو پھر بھی ان کے نکاح میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔

۴۔ بالفرض اگر دیوبندی زنا کر لیں تو پھر بھی ان کی پاک دامنی میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔

تو جناب فرمایئے! فرق آئے گا یا نہیں آئے گا۔ تو اعتراض ان لفظوں پر ہے کہ "فرق نہیں آئے گا۔"

اور یہ بھی مولوی قاسم کہتے ہیں:

"بالفرض حضور کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

تو فرض کا لفظ ان تمام مثالوں میں موجود ہے جو قابل اعتراض نہیں ہے۔ قابل اعتراض لفظ یہ ہیں؛

" کچھ فرق نہیں آئے گا "

ہم کہتے ہیں اور ساری دنیا کے انسان کہتے ہیں کہ بالفرض حضور کے بعد کوئی نبی پیدا ہو تو خاتمیت محمدیہ میں ضرور فرق آئے گا۔ کیونکہ اس صورت میں حضور آخری نبی نہیں رہیں گے اور مولوی قاسم کہتے ہیں؛

" بالفرض حضور کے بعد نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہیں آئے گا "

مجھے امید ہے کہ قارئین کرام خوب اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے۔ اب بھی اگر کوئی ہٹ دھرمی کی وجہ سے اس عبارت کو اسلام کہے تو یہ اس کی مرضی ہے۔

اہل فہم کے لیئے

اہل علم کی خدمت میں گذارش ہے۔ یہ بالفرض والی عبارت مولوی صاحب نے خاتمیت مرتبی مراد لینے کی صورت میں فرض کی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اس کو یعنی خاتمیت مرتبی کو خاتمیت زمانی لازم ہے۔ تو اس عبارت سے خاتمیت زمانی باطل ہو جاتی ہے۔ جب یہ باطل ہوئی تو خاتمیت مرتبی بھی باطل ہو گئی۔ کیونکہ لازم کا بطلان ملزوم کے بطلان پر دلالت کرتا ہے، جیسا کہ اوپر ہم تفصیل کے ساتھ لکھ چکے ہیں۔

——— فافہم ———

نیز یہ یاد رکھیں کہ اس عبارت کے متعلق تمام دیوبندیوں کو بھی یہ تسلیم ہے کہ خاتمیت زمانی باطل ہو جاتی ہے۔ چنانچہ تحذیر الناس کے مصنفین نے بھی جب اس عبارت کو لکھا تو ڈلیش میں یہ بھی لکھ دیا ہے (خاتمیت ذاتی) جس سے واضح ہوتا ہے کہ خاتمیت زمانی کا

انتھا ۔ اس عبارت سے ان کو بھی تسلیم ہے ، بلکہ تمام علمائے دیوبند کو تسلیم ہے ۔

قارئین کرام ! گو اس تشریح سے دیوبندی مصنفین کے تمام فریبوں کی قلعی کھل گئی ہے مگر ممکن ہے وہ جہلا ء کو بہلانے کے لیے یہ کہہ دیں ہماری تحریر کے لفظ لفظ کا علیحدہ علیحدہ کر کے جواب نہیں دیا ۔ تو اب علیحدہ علیحدہ جواب بھی سن لیجیے ، تحذیر الناس کی عبارت یہ ہے :

"بالفرض اگر بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہیں آئے گا ۔"

اور قرآن کی ایک آیت کا ترجمہ یہ ہے :

" اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا دوسرا خدا ہو تو زمین و آسمان میں فساد پیدا ہو جائے گا ۔"

ان دونوں عبارتوں میں جو فرق ہے وہ ایک جاہل سمجھ سکتا ہے مگر دیوبندی کی ہٹ دھرمی اور پھر دیدہ دلیری ملاحظہ ہو کہ دونوں عبارتوں کو ایک کر رہا ہے ۔ دیکھیے ! قرآن تو یہ کہتا ہے کہ اگر زمین و آسمان میں کوئی اور خدا ہوتا تو ان میں فساد نہ آئے گا ، کوئی جاہل سے جاہل شخص بھی ایسا کہہ سکتا ہے ؟

مولوی قاسم نانوتوی صاحب نے یہ ہی کہا ہے کہ اگر بالفرض حضور کے بعد کوئی اور نبی پیدا ہوتا پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہیں آئے گا ۔"

حالانکہ کہنا یہ چاہیے تھا کہ اگر بالفرض حضور کے بعد کوئی اور نبی مانا جائے پھر بھی خاتمیت محمدی میں ضرور فرق آئے گا ۔ ۔ ۔ کیونکہ قرآن میں یہ ہی ہے : کہ اگر زمین و آسمان میں اللہ کے سوا کوئی اور خدا ہو تو پھر ان میں فساد آ جائے گا ــــ اگر قرآن میں یہ ہوتا کہ پھر بھی فساد نہ آئے گا ۔ تو البتہ کسی دیوبندی مصنف کا اس آیت کو پیش کرنا اس کے لیے مفید ہوتا ۔

اسی سے آپ سمجھ سکتے ہیں کہ تحذیر الناس کی عبارت کس قدر غلط ہے اور کتنی گمراہیوں کا مجموعہ ہے۔

اس موقع پر اپنی جان میں دیوبندی مصنفین جو سب سے بڑا فریب دیتے ہیں۔

تیسرا فریب وہ یہ لکھتے ہیں:

"یہی جس لفظ پر آپ مولوی قاسم کو کافر بتاتے ہیں، وہی لفظ مجدد الف ثانی نے بھی لکھا ہے۔ اگر بالفرض اس امت میں کوئی پیغمبر پیدا ہوتا تو فقہ حنفی پر عمل کرتا۔ اب ہم بریلویوں سے پوچھتے ہیں کہ جلدی کیجئے ان پر فتویٰ لگائیے۔"
(چراغ سنت ص۱۵۶)

قارئین! اپنی جان میں دیوبندی مولویوں نے بہت ہی بڑا تیر مارا ہے اور

جواب! اس کی حقیقت بھی تار عنکبوت سے زیادہ بودی ہے ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ اعتراض بالفرض کے لفظ پر نہیں ہے۔ بلکہ مولوی قاسم کے ان لفظوں پر ہے۔

"تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

حضرت مجدد صاحب علیہ الرحمۃ بھی اگر بالفرض ایسا فرماتے تو ہم ان پر بھی فتویٰ لگا دیتے، جناب مجدد صاحب کے "فرض" اور قاسم کے "فرض" میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ دیکھئے! حضرت مجدد صاحب کو تو چھوڑیئے، خود حضور اکرم ارشاد فرماتے ہیں:

"اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو فاروق اعظم ہوتے۔"

حضرت مجدد صاحب علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

"اگر بالفرض اس امت میں کوئی پیغمبر ہوتا تو فقہ حنفی پر عمل کرتا۔"

حضور کی حدیث اور مجدد صاحب کے قول میں کوئی خرابی پیدا نہیں ہوتی مقدم باطل ہے تالی بھی باطل ہے۔ یعنی چونکہ حضور کے بعد نبی نہیں اس لیے حضرت عمر نبی نہیں۔ تو

مجدد صاحب کے قول اور حضور اکرم کے ارشاد میں کوئی تضاد نہیں، یہ تو ایک فرضی شکل ہے، مقدم باطل تالی بھی باطل ہے۔ اس کے برعکس مولوی قاسم کی عبارت میں صرف فرض ہی نہیں ہے بلکہ اس فرض سے جو نتیجہ نکالا جا رہا ہے، وہ غلط ہے بہ لفظ:

"تو پھر بھی خاتمیت محمدیہ میں کچھ فرق نہ آئے گا۔"

یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی کہے:

"اگر دو خدا فرض کر لیے جائیں تو پھر بھی خدا کی یکتائی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔"

اور قرآن کہتا ہے:

"اگر دو خدا فرض کرلو، تو زمین و آسمان کے انتظام میں فرق آجائے گا۔ خدا کی توحید اور اس کی یکتائی میں فرق آجائے گا۔"

ناظرین! یہ تھی عبارت تحذیر الناس پر مکمل تقریب علامہ رضوی صاحب کی، اس کے مطالعہ کے بعد دیوبندی مولویوں کو چاہیئے تھا کہ توبہ کی طرف رجوع کرتے اور اس باطل و غلط عقیدہ سے بیزاری کا اعلان کر دیتے، مگر آہ! فرقہ کی پارٹی بازی تعصب نمائی ضد ہٹ دھرمی اور پھر اس کا جواب دینے کے لیے جو قلم اٹھایا تو ہوش و حواس قائم نہ رہے اور عجیب عجیب پر جہالت باتیں لکھیں، حتیٰ کہ اسی بد حواسی کے عالم میں چراغ سنت کے صفحہ ۲۰۶ پر ایک حدیث لکھی جس کی عبارت میں کان کے اسم کو منصوب لکھ دیا، حدیث یوں تحریر ہے:

"لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیّاً لَکَانَ عُمَر"

یہاں آپ لفظ "نبیاً" دیکھیں گے یہ بھی بالکل قلنا کے ترجمہ کی طرح ہے۔ وہاں بھی ہم نے سبقاً پڑھایا تھا کہ قلت کا ترجمہ: میں نے کہا۔ قلنا: ہم نے کہا۔ یہاں بھی نحو میر اٹھا کر پڑھا تا ہے۔ کیا کیا جائے مُلّا منظور سنبھلی سے نقل کیے ہوئے

اعتراضات کا جواب دیں یا اس نام نہاد مصنف کو بھیج کے ترجموں کے لیے صرف اور عوامل کے عمل سمجھانے کے لیے نحو سمجھائیں —— نحو میر پڑھائیں —— نہیں نہیں نحو میر تو انہوں نے ضرور پڑھی ہوگی۔ شاید بھول گئی ہو اور پھر ہو سکتا ہے کہ کہہ دیں، میر سید شریف نے غلط لکھا ہے کان کا اسم منصوب ہی ہوتا ہے، اس لیے ہم مولوی عبدالرحمٰن صاحب خطیب کوٹ شیخ دین خاں دیوبندی قصوری کا رسالہ "عمدۃ النحو" دکھاتے ہیں، اس لیے کہ دیوبندی مولوی کبھی غلط نہیں کہتا، تمام محدثین و مفسرین و علمائے ملت غلط کہہ سکتے ہیں۔ مگر دیوبندی حاشا وکلا غلط نہیں کہہ سکتا ان کی عبارات ہی کسی کی سمجھ میں نہیں آتیں اس لیے ہم دیوبندی مولوی کا رسالہ دکھاتے ہیں۔

عمدۃ النحو صلا سبق ۲۲ افعال ناقصہ و مقاربہ، افعال ناقصہ: یہ تعداد میں تیرہ ہیں ہمیشہ جملہ اسمیہ کے شروع میں آیا کرتے ہیں۔ بوقت ترکیب مبتدا ان کا اسم اور خبر ان کی خبر کہلاتی ہیں۔ افعال ناقصہ ہمیشہ اپنے اسم کو حالت نصبی میں کر دیا کرتے ہیں"۔

امثلہ۔ کان اللہ علیماً۔ صار خالد فقیراً۔ اصبح الامیر مریضاً وغیرہم،

دیکھئے مولوی صاحب خوب یاد کر لو، کہ کان کا اسم مرفوع ہوتا ہے اور حدیث شریف کی عبارت یوں ہے:

لَوْ كَانَ بَعْدِي نَبِيٌّ لَكَانَ عُمَرُ،

اب بتائیے اس جہالت کا کیا جواب دیا جائے، سمجھ نہیں آتی کہ اس علم و فضل کے ساتھ اہل سنت کے عقائد کے خلاف کتاب لکھنے کا آپ کو کیوں الہام ہوا، مولانا محمد عبداللہ صاحب نے آپ کو صحیح مشورہ دیا تھا کہ آپ ابھی کچھ دن اور تعلیم حاصل کریں۔ ع

بریں علم [و] دانش بباید گریست

بہر حال اس کو مولوی فردوس علی نے اس کے جواب میں پیش کیا ہے، کہ مولوی قاسم کی عبارت صحیح ہے اور یہ مثال مثبت کی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پورے حواس باختہ ہیں،

مولوی صاحب! اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضرت عمر ہوتے۔ یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ لہٰذا عمر فاروق نبی نہیں۔

مولوی صاحب! پھر بات وہیں کی وہیں رہی کہ لازم باطل اور ملزوم بھی باطل، یعنی حضور کے بعد کوئی نبی نہیں۔ لہٰذا عمر فاروق بھی نبی نہیں اگر کوئی ہوتا تو حضرت عمر ہوتے۔

اگر مولوی قاسم یہ کہتے کہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی کوئی نبی پیدا ہو تو خاتمیت میں فرق آجائے گا۔ تو واقعی آپ کی مثال ٹھیک تھی۔ اب دیکھیں آپ کدھر بھاگتے ہیں مرزائیوں کے پاس جائیے شاید کچھ مواد مل جائے۔ مولوی صاحب خدا کا خوف کیجئے۔ مولوی قاسم کی عبارت کوئی قرآن کی آیت نہیں، ایک صریح غلط چیز کو الفاظ کے ایر پھیر میں ڈال کر کیوں صحیح بنانے کی کوشش کرتے ہو۔ عوام کو گمراہ کرنے میں شاید آپ کو بڑا لطف آتا ہے۔

ایک انوکھی مثال

اس جگہ مصنف چراغ سنت نے ایک اور مثال درج کی ہے اور اس کے بعد یہ لکھا ہے کہ بریلوی حضرات سوچ کر جواب لکھیں۔ وہ مثال یہ ہے کہ آفتاب کا طلوع ملزوم ہے اور دن کا ہونا اس کو لازم ہے اگر ہم دن کے وقت کسی دوسرے آفتاب کا وجود مان لیں تو آفتاب کے لازم دن کے وجود کو کیا نقصان پہنچے گا؟

جواب: اگر حق ہے کہ اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کا الٰہ ہے اور وحدہٗ لا شریک ہے، اگر آپ زمین و آسمان میں بفرض محال کوئی اور خدا مان لیں تو آپ کے ایمان میں کوئی فرق آئے گا یا نہیں؟ ذرا سوچ کر جواب لکھیں۔ ماذا جوابکم فھو جوابنا۔

۲۹۔ دیوبندی عقیدہ ۰ حضور علیہ السلام کے علم کو پاگلوں، حیوانوں کے علم سے تشبیہ۔

دیوبندی امت کے حکیم مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اپنے رسالہ حفظ الایمان صـ مطبوعہ دیوبند میں لکھتے ہیں کہ:

"آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا۔ اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لیے بھی حاصل ہے۔"

اہل سنت کا عقیدہ ۰ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کو بچوں اور پاگلوں اور حیوانوں سے تشبیہ دینا صریح کفر ہے۔ مولوی اشرف علی کی اس عبارت میں حضور علیہ السلام کی توہین ہے اس لیے یہ عبارت جلا دینے کے قابل ہے۔ یہاں پہنچ کر ہمیں مولوی فردوس علی صاحب پر بڑا ترس آیا ہے وہ اس عبارت کے متعلق چراغ سنت کے صـ ۲۲۱ پر لکھتے ہیں:

"خدا کی قسم یہ جیسا اور ایسا حفظ الایمان میں نہیں ہے"

سبحان اللہ سبحان اللہ، خدا کی قسم سبحان اللہ۔ مولوی صاحب ہم نے کاتب سے اسی لیے لفظ "ایسا" موٹی قلم سے لکھوایا ہے کہ آپ دیکھ سکیں اور اس پر ایک اور لطیفہ سنیے، یہاں تو قسم اٹھاتے ہیں کہ لفظ "ایسا" نہیں ہے مگر صرف ایک صفحہ آگے دیکھیے تو لکھتے ہیں کہ بعض مخلصین نے مولوی اشرف علی کو مشورہ دیا کہ اس عبارت سے لفظ "ایسا" نکال دیں تو انہوں نے مشورہ دینے والے کو دعا دی اور لفظ ایسا اڑا دیا۔

مولوی صاحب! اگر خدا کی قسم یہاں لفظ "ایسا" نہیں تھا تو پھر

اڑا یا کیسا ؟ ؏

تاڑنے والے بھی قیامت کی نظر رکھتے ہیں

آگے چل کر مصنف چراغِ سنت نے لفظ ایسا پر امیر اللغات سے بحث کی ہے۔
یہ تو خیر ہم مانتے ہیں کہ مولوی فردوس علی صاحب کو اردو لغات پر کافی عبور ہے یہاں انہوں نے اس عبارت کو صحیح ثابت کرنے کے لیے "ایسا" کی پانچ قسمیں لکھی ہیں اور ہر قسم کیساتھ ایک ایک جملہ اردو کا تحریر کیا ہے تاکہ قرینہ سے معلوم ہو جائے کہ یہاں یہ لفظ کس قسم سے ہے تو عرض یہ ہے کہ اس عبارت حفظ الایمان میں لفظ "ایسا" تشبیہ کیلئے ہے یا نہیں ؟ اگر ہے تو ہمارا مدعا ثابت اور اگر نہیں تو نفی کی دلیل پیش کیجئے۔
اس عبارت کے متعلق مصنف 'چراغِ سنت' نے ایک اور بات کہی ہے کہ اشرف علی صاحب نے اس عبارت کو بدل دیا تھا اور —— لفظ —— حکم کیا جانا —— ایسا۔ ہر صبی ومجنون وجمیع حیوانات و بہائم کے اڑا دیئے تھے ، بہر حال یہ ایک اچھا رجحان تھا اگر اسی طرح دوسرے دیوبندی مصنفین بھی اپنی غلط اور بے ادبی سے بھری ہوئی عبارات کو بدل دیتے تو آج قوم کو یہ روزِ بد دیکھنا نصیب نہ ہوتا اور آج بھی ہیں تمام علماء دیوبند سے انصاف کے نام پر اپیل کروں گا کہ تمام حل کردہ عبارات جن میں انبیاء و اولیاء کی توہینیں ہیں ختم کر کے ملت اسلامیہ کے حال پر مہربانی کریں۔
جہاں تک مسئلہ علم غیب نبوی کا تعلق ہے تو اس کے اثبات کے لیے قرآن و احادیث سے ایسے روشن دلائل ہیں کہ جن کا انکار دیوبندی حضرات کے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا اور وہ بھی اگر پارٹی بازی اور تعصب سے علیحدہ ہو کر غور کریں تو انکار کی کوئی گنجائش ہی نہیں۔ مگر شاید انکار کی کوئی سوچی سمجھی سکیم ہے جس پر تقریباً ایک صدی سے عمل کیا جا رہا ہے۔

علم اور اطلاع

دیوبندی مولوی اس مسئلہ میں ایک عجیب توہم میں گرفتار ہیں جس میں حقیقت کا اعتراف بھی ہے اور ضد وہٹ دھرمی اور پارٹی کا ساتھ بھی، وہ کہتے ہیں کہ جی نبی کریم کے علم غیب کو علم غیب نہیں، اطلاع علی الغیب کہنا چاہیے، ان کا دعویٰ ہے کہ آج تک کسی عالم نے علم کا لفظ حضور کے لیے استعمال نہیں کیا سب اطلاع کہتے ہیں، ویسے مصنف چراغ سنت اور اس کے حواریوں کو اس میں خرابی نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ پھر حضور کو عالم غیب کہنا پڑے گا اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسماء سے ہے جو اور کسی پر نہیں بولا جا سکتا یعنی یہ شرک فی الاسماء ہوگا۔ اس شبہ کو مصنف چراغ سنت کے ص۲۲۳ پر لکھا ہے اور اس کو شرک قرار دیا ہے۔ سب سے پہلے (ان) مولوی صاحبان کی خدمت میں عرض ہے کہ یہ شرک کیوں ہے؟ اگر آپ کہیں کہ یہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کے اسم کے طور پر ہے تو ہم کہیں گے کہ سمیع، بصیر، رحیم، رؤف وغیرہ ہم بھی اللہ تعالیٰ کے اسماء ہیں۔ مگر قرآن کریم میں ہی مخلوق پر بھی ان کا استعمال موجود ہے:

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔

اگر یہ شرک نہیں تو وہ شرک کیوں؟ اگر آپ کہیں کہ اس کے لیے تو نص ہے اور اس کے لیے نہیں تو پھر یہ پوری جہالت ہوگی گویا آپ نے یہ کہہ دیا کہ یہ شرک کرنے کے لیے تو قرآن کریم میں اجازت ہے اور اس شرک کے لیے نہیں (العیاذ باللہ) خدا کی قسم ہمیں رہ رہ کر آپ لوگوں کے علم و فضل کی ضرور داد دینی پڑتی ہے، ہمیں سمجھ نہیں آتا کہ وہ کون ٹیچی پیچی آپ کو کہہ گیا تھا کہ عقائد اہل سنت کے خلاف ضرور ہی کتابیں لکھو ورنہ روٹی ہضم نہ ہوگی۔ رہ گئی یہ بات کہ کیا کسی نے مخلوق کے لیے لفظ علم غیب لکھا ہے یا نہیں، تو سنیئے سب سے پہلے تفسیر ابن جریر میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے حضرت خضر علیہ السلام کے متعلق یہ الفاظ ہیں:

کَانَ رَجُلًا يَعْلَمُ الْغَيْبَ۔

حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:

وَنَعْتَقِدُ اَنَّ الْعَبْدَ يُنْقَلُ فِي الْاَحْوَالِ حَتّٰى يَصِيْرَ اِلٰى نَعْتِ الرُّوْحَانِيَّةِ فَيَعْلَمُ الْغَيْبَ ۔

اور مفترات میں ہے:

اِنَّ الْاَنْبِيَاءَ يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ ۔

ان کے علاوہ ہزارہا علماء کرام و محدثین و مفسرین عظام نے مخلوق کے لیے لفظ علم غیب استعمال کیا ہے اور یہ اطلاع اللہ تعالیٰ کا فعل ہے جب حضور علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے مطلع علی الغیب ہوے تو یہ اطلاع حضور کے لیے یقیناً علم ہے، یہ عجیب الٹی منطق ہے کہ حضور کو اطلاع علی الغیب ہے علم غیب نہیں، غالباً تمام دیوبندی مولویوں کو کتابوں پر اطلاع ہوتی ہے علم نہیں ہوتا یعنی مطلع تو ہوتے ہیں مگر ہوتے ہیں بے علم سبحان اللہ سہ

گر ہمیں مکتب وہمیں ملّا
کار طفلاں تمام خواہد شد

۳۰۔ دیوبندی عقیدہ <u>لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْرَفُ عَلِيٌّ رَّسُوْلُ اللّٰهِ</u> ۔

۲۴۔ شوال ۱۳۳۵ ہجری کو ایک مرید نے اپنے پیر مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کی طرف ایک خط بھیجا اور اس کا جواب مولوی اشرف علی صاحب نے دیا، سوال و جواب دونوں ہدیۂ ناظرین ہیں:

سوال مریدہ:

" میں نے رسالہ حسن العزیز کو اٹھا کر اپنے سر کی جانب رکھ لیا اور سو گیا، کچھ عرصہ بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں اتنے میں

دل میں خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف پڑھنے میں۔ اس کو
صحیح [illegible] چاہیئے اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں، دل پر تو یہ ہے
کہ صحیح پڑھا جائے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے۔ حالانکہ مجھ کو اس کا علم ہے کہ
اس طرح درست نہیں لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے،
دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی
چند شخص حضور کے پاس تھے، اتنے میں میری یہ حالت ہو گئی کہ کھڑا کھڑا
بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہو گئی۔ زمین پر گر پڑا اور نہایت زور کے ساتھ
چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی۔
اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور
وہ اثر ناطاقتی بدستور تھا۔ لیکن حالت خواب اور بیداری میں حضور کا ہی
خیال تھا۔ لیکن جب حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر خیال آیا تو
اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جائے اس واسطے
کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جائے۔ بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری
کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم پہ درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں: اللھم
صلی علی سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی، حالانکہ اب
بیدار ہوں، خواب نہیں لیکن بے اختیار ہوں مجبور ہوں، زبان اپنے قابو
میں نہیں۔ اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت
رہی، خوب رویا، اور بھی وجوہات بہت سے ہیں جو حضور کے ساتھ باعث
محبت ہیں۔ کہاں تک عرض کروں۔

اس خط میں لا الٰہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ اور اللہم صلی علی سیدنا ونبیتنا ومولانا اشرف علی پڑھنے کا واقعہ لکھا ہوا ہے اس کا جواب مولوی اشرف علی تھانوی نے یہ دیا:

جواب پیر:

"اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو، وہ بعونہٖ تعالیٰ متبع سنت ہے۔" (رسالہ الامداد ماہ صفر ۱۳۳۶ھ صہ ۳۵۔ روئداد مناظرہ گیا صہ ۸۵ تا صہ ۸۷ اشرف المعمولات ملفوظات تھانوی صہ ۱۷)

اہل سنّت کا عقیدہ یہ کلمات، کلمات کفر ہیں اور اس کا قائل کافر، اگر حالت خواب میں کہتا ہے تو شیطان اس پر غالب ہے، توبہ واستغفار کرے اور اگر حالت بیداری میں کہے تو اس کے کفر وارتداد میں کوئی شک نہیں اور اس کا یہ کہنا کہ میں مجبور ہوں تو گویا اس نے اس کفر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی یہ اس سے بڑھ کر کفر ہے۔

۲۱۔ دیوبندی عقیدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دیوبندی بزرگوں کے پیچھے پیچھے ہوتے ہیں (نعوذ باللہ)

(اصدق الرؤیا تھانوی ج ۲ صہ ۲۶)

"انہوں نے جواب دیا کہ آپ کے پیر حاجی امداد اللہ صاحب ہیں، پھر باجی سے سن کر میں نے بھی یہی کہا، پھر دریافت فرمایا کہ حاجی صاحب کے پیچھے کون ہیں؟ باجی نے فرمایا کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔"

اہل سنّت کا عقیدہ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پیروں کے پیچھے سمجھنا شانِ رسالت میں سخت گستاخی اور بے ادبی ہے جو قوم دیوبندیہ کے نام نہاد حکیم الامت کے سوا اور کون کر سکتا ہے۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

مسجد نبوی میں جماعت کرا رہے ہیں، حضور علیہ السّلام حجرہ سے تشریف لائے، صدیق اکبر نے دیکھا کہ حضور پیچھے کھڑا ہونا چاہتے ہیں فوراً پیچھے ہٹنا شروع کیا، اس خیال سے کہ کہیں آقا کی طرف پیٹھ نہ ہو جائے، کسی نبی کو یہ جرأت نہیں کہ حضور علیہ السّلام کے کے آگے ہو، بیت المقدّس میں تمام انبیاء کرام موجود ہیں اور مصلّٰی خالی ہے، یہ مصلّٰی اس ذات کے لیے ہے جس کے آگے ہونے کی کسی کو جرأت نہیں۔

در اں مسجد امام انبیاء شد

صف پیشینیاں را پیشوا شد !

۳۲- دیوبندی عقیدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم، دیوبندیوں کے باورچی ہیں۔

(نعوذ باللہ الف الف مرۃ)

شمائم امدادیہ صفحہ ۲۶

"نیز دیکھا کہ زوجہ شیخ فدا حسن والدہ حافظ احمد حسین مہاجر و امین حجاج مقیم مکّہ زاد باللہ شرفاً وکرامۃ برائے حضرت ایشاں کھانا پکا رہی ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم اس مرحومہ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ اٹھ تاکہ میں مہمانان امداد اللہ کے واسطے کھانا پکاؤں"

اہل سنّت کا عقیدہ حضور علیہ السلام کی ذات کے متعلق ایسے خبیث الفاظ درج کرنے والے پکے لعنتی اور مردود دبے ایمان ہیں

یہاں پہنچ کر ہم ناظرین سے یہ اپیل کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ کیا ہم اس دعوے میں سچے نہیں کہ دیوبندی انبیائے کرام کے سخت بے ادب ہیں اور ان لوگوں کا اس بے ادبی کی وجہ سے اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ خدا کی قسم ہم ایسے ناپاک و خبیث الفاظ درج کرنے بھی گوارہ نہ کرتے مگر کیا کیا جائے مجبوراً آپ کو یہ دکھانا ہے اور

ہم چاہتے ہیں کہ کوئی اٹھے اور ان کے گمراہ کنندہ لبادوں کو پھاڑ دے اور مکروہ چہرے ننگے ہو جائیں اور حق و باطل میں تمیز ہو جائے۔

۲۳۳۔ دیوبندی عقیدہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو واہ واہ کہنا چاہیئے۔

بلغۃ الحیران مصنفہ مولوی حسین علی وال بچھروی صفحہ ۲۲۵ پر ہے:

"یا رسول اللہ واہ واہ تو نے اپنے اللہ کے حکم کی تعمیل کی"

۲۳۴۔ دیوبندی عقیدہ انبیاء کرام جھوٹ بولنے سے معصوم نہیں۔

تصفیۃ العقائد مصنفہ مولوی قاسم نانوتوی صاحب دیوبندی صفحہ ۲۳۔

"دروغ (جھوٹ) بھی کئی طرح پر ہوتا ہے جن میں سے ہر ایک کا حکم یکساں نہیں، ہر قسم سے نبی کا معصوم ہونا ضروری نہیں"

اور صفحہ ۲۵ پر لکھتے ہیں:

"بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء معاصی سے پاک ہیں، خالی غلطی سے نہیں"

اہل سنت کا عقیدہ جھوٹ عیب ہے اور انبیاء کرام عیوب سے معصوم ہیں اور اس کا خلاف سخت گمراہی اور بے دینی ہے۔

۲۳۵۔ دیوبندی عقیدہ نبی سے غلطی ہو سکتی ہے۔

بوادر النوادر تھانوی صفحہ ۱۹۷

"ایک واقعہ کی تحقیق کی غلطی ہے جو علم و فضل یا ولایت بلکہ نبوت کے ساتھ بھی جمع ہو سکتی ہے"

۳۶۔ دیوبندی عقیدہ حضور علیہ السلام کی توہین کرلے مگر نیت نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

تھانوی صاحب امداد الفتاویٰ صفحہ ۱۲۶ جلد ۳ میں لکھتے ہیں:

"اہانت وگستاخی کردن جناب انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کفر است واگر بتاویلے وتوجیہے گوید کافر نشود"

ترجمہ: توہین اور گستاخی انبیاء کرام کی کفر ہے اور اگر تاویل اور توجیہہ کے ساتھ کرے تو کافر نہیں ہوتا۔"

اہل سنت کا عقیدہ توہین نیت شرط نہیں، نیت ہو یا نہ ہو توہین ہر حال میں توہین ہی رہے گی، اس کی تفصیل ہم پہلے لکھ آئے ہیں، مولوی مرتضیٰ حسن ناظم دیوبند "اشد العذاب" صفحہ ۱۲ پر لکھتے ہیں:

"جو شخص کسی ضروری دینی بات کا انکار کرے، چاہے تاویل کرے یا نہ کرے بہر صورت کافر ہے، مرتد ہے، جو اس کو کافر و مرتد نہ کہے وہ بھی کافر و مرتد ہے۔"

دراصل دیوبندی مصنفین یہ بات اس لیے لکھتے جاتے ہیں کہ تقویۃ الایمان، براہین قاطعہ تحذیر الناس، حفظ الایمان وغیرہا کی توہینی اور گندی عبارتوں اور گالی گلوچ کو جائز کیا جاسکے۔ سچ ہے:

تم پہنچا ہے نہ پہنچے گا ستم کیشی تمہاری کو
اگرچہ ہو چکے ہیں تم سے پہلے فتنہ گر لاکھوں

۳۷۔ دیوبندی عقیدہ عیسیٰ علیہ السلام نبی نہیں تھے۔

مولانا ابوالکلام آزاد اپنے رسالہ "الہلال" کلکتہ پرچہ نمبر ۱۳ بابت ۲۴ ستمبر ۱۹۱۲ء

کے صفحہ ۲۳۹ میں لکھتے ہیں:

"سلسلہ ابراہیمی میں در اصل دو ہی صاحبِ شریعت رسول آئے ہیں۔ پہلا بنی اسحاق میں خاندان بنی اسرائیل کا اولوالعزم پیغمبر جس نے فراعنۂ مصر کی شخصی حکمرانی اور محکومی و غلامی سے اپنی قوم کو نجات دلائی۔ دوسرا اس کے مورث اعلیٰ خلیل اللہ کی دعا کا مقصود و مطلوب اور بنی اسمٰعیل کا نبی امّی جس نے نہ صرف اپنے خاندان اپنی قوم اور اپنے وطن کو بلکہ تمام عالم انسانیت کو انسانی حکمرانی کی لعنت سے نجات دلائی۔ مسیح ناصری کا تذکرہ بے کار ہے وہ شریعت موسوی کا ایک مصلح تھا، پر خود کوئی صاحب شریعت نہ تھا۔ اس کی مثال ان مجددین ملت اسلامیہ کی سی تھی۔ جن کا حسب ارشاد صادق و مصدوق تاریخ اسلام میں ہمیشہ ظہور ہوتا رہا، وہ کوئی شریعت نہیں لایا، اس کے پاس کوئی قانون نہ تھا وہ خود بھی قانون عنفرہ موسویہ کا تابع تھا۔ اس نے خود تصریح کر دی "میں توریت کو مٹانے نہیں آیا بلکہ پورا کرنے آیا ہوں" (یوحنا ۱۲ : ۳۵)

اہلِ سنّت کا عقیدہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام رسول اور نبی تھے، صاحب شریعت تھے۔ انجیل کتاب لائے، قرآن کریم میں آپ کا یہ اعلان اٰتٰنِیَ الْکِتٰبَ وَجَعَلَنِیْ نَبِیًّا ۝ (سورۂ مریم) موجود ہے، ان کو ابوالکلام کا یہ کہنا کہ وہ صاحب شریعت نہیں تھے۔ قرآن کریم اور انجیل کا انکار کرنا ہے جو یقیناً گمراہی و ارتداد ہے مگر دیوبندی مصنفین کو ان کے فرشتہ نے یہ خوب اچھی طرح یاد کرایا ہوا ہے کہ تم دیوبندی مولویوں کی ہر عبارت کی تاویل کیا کرو غلط ہو یا صحیح تم یہی رٹ لگاتے جاؤ کہ صحیح ہے صحیح ہے۔ کوئی ماں کا بچہ اس کو نہیں سمجھ سکتا، اب مولوی صاحبان اس کی تاویل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "ابوالکلام صاحب نے عیسیٰ علیہ السلام کو مصلح کہا ہے اور مصلح نبی کو

کہتے ہیں لہٰذا انہوں نے عیسیٰ علیہ السّلام کی نبوت کا انکار نہیں کیا۔" (چراغ سنت ص۳۰۳)

جواباً گزارش ہے کہ مولوی صاحبان! آزاد صاحب کی عبارت کو غور سے پڑھیں وہ کہتے ہیں:

۱۔ "سلسلہ ابراہیمی میں صرف دو ہی پیغمبر ہوئے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔"

۲۔ مسیح ناصری کا تذکرہ بے کار ہے۔

۳۔ وہ صاحب شریعت نہیں تھے۔

۴۔ وہ موسیٰ علیہ السّلام کے دین کے مجدد تھے۔

۵۔ ان کے پاس کوئی دین نہیں تھا۔

۶۔ وہ خود قانون عشرہ موسوی کے تابع تھے۔

حضرات دیوبند! اس عبارت میں عیسیٰ علیہ السّلام کی نبوت کا صاف انکار ہے۔ انجیل سے انحراف ہے اور صرف ان کے مجدد ہونے کا اقرار ہے، آپ نے صرف ایک لفظ مصلح کو لے لیا اور اس پر قرآن کریم کی ایک آیت پڑھ دی اور حجۃ اللہ البالغہ کا حوالہ دے دیا اور ابوالکلام کی عبارت کو صحیح ثابت کرنے کے لیے تاویل کر دی، سبحان اللہ اگر اسی کا نام تاویل ہے تو پھر کوئی کفر کفر نہیں رہے گا۔

حضرت! تاویل کی دو قسمیں ہیں، ایک صحیح اور دوسری فاسد، اور التاویل الفاسد کالکفر آپ کا مسلّمہ مسئلہ ہے۔

۳۱۔ دیوبندی عقیدہ مولوی رشید احمد گنگوہی عیسیٰ علیہ السلام سے بڑھ کر ہیں۔

مولوی گنگوہی صاحب مر کر مٹی میں مل گئے یعنی مٹی میں مل گئے تو ہر دیوبندی کے گھر صف ماتم بچھ گئی، صدر دیوبند مولوی محمود الحسن نے مرثیہ لکھا اور اس کے ص۳۲ پر

ایک شعر لکھا گنگوہی صاحب نے :-

مردوں کو زندہ کیا اور زندوں کو مرنے نہ دیا

اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم

یعنی عیسیٰ علیہ السلام نے تو صرف مردوں کو زندہ کیا مگر ہمارے مولوی صاحب ان سے بھی بڑھ گئے انہوں نے مردوں کو بھی زندہ کیا اور زندوں کو مرنے نہیں دیا۔ یہاں ایک بات نہایت قابل غور ہے ، وہ تمام احادیث جو حضور علیہ السلام کے مردوں کو زندہ کرنے میں وارد ہوئی ہیں ، ان سب احادیث کو دیوبندی موضوع اور غلط کہتے ہیں۔

ناظرین کرام! ہمیں احساس ہے کہ آپ قوم دیوبندیہ کی مسلسل اور بے پناہ بے ادبیوں کو پڑھ کر ضرور اکتا چکے ہوں گے اور آپ کی زبان پر کئی بار ایسے گستاخ فرقہ پر لفظ لعنت کا آیا ہوگا ، یہ دیوبندی قوم کا لٹریچر ہے جو مجبوراً ہمیں سنانا ہے ہمیں معلوم ہے کہ یہ فرقہ اب دم توڑ رہا ہے اور مستقبل قریب میں اپنی موت آپ ہی ختم ہو جائے گا۔ کیونکہ اب تمام دیوبندی اپنے سابقہ مولویوں کی عبارتوں کو غلط قرار دے رہے ہیں ، حتیٰ کہ تحقیقاتی عدالت میں جسٹس منیر وغیرہ کے سامنے تو کئی دیوبندی مولویوں نے صاف صاف کہہ دیا کہ یہ ان کا اپنا خیال تھا ، ہم ان عبارات سے بری ہیں - اب صرف چند ایک مولوی ایسے رہ گئے ہیں جنہوں نے ان عقائد کا انکار بھی کیا اور ان غلط عبارات کی تاویلیں کر کے ان کو صحیح ثابت کرنے کی بھی کوشش کی - اس لیے ہمیں مجبوراً دوبارہ وہ عبارتیں ناظرین کے سامنے رکھنا پڑیں تاکہ آپ حقیقت حال سے پوری طرح واقف ہو جائیں۔

ان لوگوں کو جو سب سے بڑا اعتراض اہل سنت پر ہے وہ یہ ہے کہ یہ خداوند تعالیٰ کی صفات مخلوق میں ثابت کرتے ہیں - اس موقع پر میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ مردوں کو زندہ کرنا اور زندوں کو مرنے نہ دینا اللہ کی صفتیں ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو

پھر نکالیئے اپنی پٹاری سے ایک فتویٰ اور لگا ییئے صدر دیوبند پہ کہ وہ خالق کی صفات مولوی گنگوہی میں ثابت کر کے شرک کر رہے ہیں۔

۳۹۔ دیوبندی عقیدہ ۰ انبیاء گاؤں کے چوہدریوں کی طرح ہوتے ہیں۔

تقویۃ الایمان ص۳۵۔

"جیسا ہر قوم کا چوہدری اور گاؤں کا زمیندار سو ان معنوں کو ہر نبی اپنی امت کا سردار ہے"

اہل سنّت کا عقیدہ ۰ انبیاء کے حق میں چوہدری اور زمیندار کا لفظ استعمال کرنا بے ادبی ہے۔

۴۰۔ دیوبندی عقیدہ ۰ انبیاء اللہ کی بارگاہ میں چمار سے بھی ذلیل ہیں۔ (معاذ اللہ)

تقویۃ الایمان ص۸:

"اور یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا۔ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے"

یہ بکواس اور صریح توہین ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں

اہل سنّت کا عقیدہ ۰ انبیاء کرام و اولیاء عظام و محدثین بہت عزت والے ہیں

قرآن کریم میں ہے:

اِنَّ الْعِزَّۃَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ ۰ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ۰ بَلْ عِبَادٌ مُّکْرَمُوْنَ ۰ وَکَانَ عِنْدَ اللّٰہِ وَجِیْھًا ۰

مگر دیوبندی قوم کے پیشوا اسمٰعیل بڑی مخلوق یعنی انبیاء و اولیاء اور چھوٹی مخلوق یعنی عام آدمی سب کو چمار سے بھی زیادہ ذلیل کہتا ہے اور یہ خالص کفر ہے۔

۴۱۔ دیوبندی عقیدہ تقویۃ الایمان صفحہ ۲۲ پر ہے :
"رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا"

اہل سنت کا عقیدہ یہ کمالات نبوت کا انکار ہے اور منکر کمالات نبوی بالاتفاق کافر ہے۔

۴۲۔ دیوبندی عقیدہ انبیاء بے حواس ہو جاتے ہیں۔

تقویۃ الایمان ص۱۴ :

"اس کے دربار میں ان کا تو یہ حال ہے کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے تو وہ رعب میں آکر بے حواس ہو جاتے ہیں"

اہل سنت کا عقیدہ اللہ تعالیٰ کا حکم انبیاء کے ذریعے مخلوق تک پہنچتا ہے، اگر حکم سنتے ہی وہ بھی بے حواس ہو جائیں تو احکام الٰہی اور دین کی خیر منائیے، خشیت الٰہی اور چیز ہے۔

۴۳۔ دیوبندی عقیدہ انبیائے کرام سے محبت کرنا ضروری نہیں۔

مولوی اشرف علی صاحب تھانوی افاضات الیومیہ ص۵۶۴ جلد ۴ پر لکھتے ہیں :

"میں کم بخت کیا چیز ہوں کہ میں اس کا انتظار کروں کہ مجھ سے محبت ہو۔ خود حضرات انبیاء کرام سے بھی طبعی محبت کرنا فرض نہیں"

اہل سنت کا عقیدہ انبیائے کرام علیہم السلام سے محبت کرنا اہل حق کیلئے ضروریات دین سے ہے اور ضروری دینی بات کا انکار صریح گمراہی ہے۔

۴۴۔ دیوبندی عقیدہ حضرت امام حسین علیہ السلام کا ذکر کرنا حرام ہے۔

فتاوی رشیدیہ صفحہ ۱۱۳ جلد ۲،

"محرم میں ذکر شہادت حسین علیہما السلام اگرچہ بروایت صحیحہ ہو ......
لتشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہے۔"

اہل سنت کا عقیدہ محرم شریف میں شہادت کا ذکر جمیع علمائے سلف و خلف کا طریقہ ہے، صحیح روایات اور شرعی حدود کے اندر رہ کر اس میں کوئی مضائقہ نہیں، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فتاوی عزیزی حصہ اول صفحہ ۷۵ مطبوعہ مجتبائی میں فرماتے ہیں:

"سال میں فقیر کے گھر میں دو مجلسیں ہوتی ہیں ایک ذکر وفات شریف میں اور دوسری شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ میں، عاشورے کے دو دن پہلے سے تقریباً چار سو آدمی جمع ہوتے ہیں اور وہ فضائل امام حسین جو احادیث میں وارد ہوئے ہیں، بیان ہوتے ہیں۔"

۴۵۔ دیوبندی عقیدہ حضرت امام حسین اندھے تھے۔ (نعوذ باللہ)

حسین علی واں بھچراں مولوی گنگوہی کا خلیفہ اعظم تفسیر بلغۃ الحیران صفحہ ۳۹۹ میں لکھتا ہے:

"کور کورانہ مرو در کربلا
تا نیفتی چوں حسین اندر بلا"

ترجمہ: کربلا میں اندھوں کی طرح نہ جانا کہ امام حسین کی طرح مصیبت میں نہ گرے۔"

ناظرین! یہ شعر قابل تشریح نہیں اس میں امام عالی مقام کی جو توہین ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔ جو شخص امام عالی مقام علیہ السلام کی شان میں ایسے خبیث الفاظ کہے ہم اس کی خدمت میں لعنت کے سوا کیا پیش کر سکتے ہیں۔

۴۶۔ دیوبندی عقیدہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شدید توہین!

قوم دیوبندیہ کے حکیم تھانوی صاحب رسالہ "الامداد" صفر ۱۳۳۵ھ میں لکھتے ہیں:

"ایک ذاکر صالح کو مکشوف ہوا کہ احقر اشرف علی کے گھر حضرت عائشہ آنے والی ہیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا میرا ذہن معاً اس طرف منتقل ہوا کہ کم سن عورت ہاتھ آئے گی۔ اس مناسبت سے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ سے نکاح کیا، حضور کا سن شریف پچاس سے زائد تھا اور حضرت عائشہ بہت کم عمر تھیں، وہی قصہ یہاں ہے۔" (معاذ اللہ)

ناظرین! انصاف و دیانت سے سوچئے کہ اس سے بڑھ کر بھی کوئی توہین متصور ہو سکتی ہے۔ کوئی جاہل سے جاہل بھی ماں کو خواب میں دیکھ کر یہ تعبیر نہیں لے سکتا کہ عورت ہاتھ آئے گی، کتنا گندہ اور نجاست آلود ذہن ہے جو ماں کو عورت سے تعبیر کرتا ہو اور پھر یہ توہین اس ذات بابرکات کی ہے جن کی عفت و طہارت میں قرآن کریم کی سترہ آیتیں نازل ہوئیں جو صدیقہ ہیں، عفیفہ ہیں، طیبہ ہیں، طاہرہ ہیں، عالمہ ہیں، زاہدہ ہیں، عابدہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ لعنت ہو ایسے ذہن پر، تف ہے ایسی گندی تعبیر پر، نفرین ہے ایسے مذہب پر اور پھر لفظ کمسن عورت ہاتھ آئے گی، اپنے اندر جو رذالت رکھتے ہیں کسی سے پوشیدہ نہیں، حقیقت ہے کہ بچے سچے ہوں۔ اشرف علی سے ایک گونہ حسن ظن تھا اور جب

سمجھتا تھا کہ یہ دوسرے گستاخ دیوبندیوں کی طرح نہیں ہیں مگر واللہ جب سے میں نے یہ عبارت پڑھی ہے، سمجھا ہے کہ واقعی "ایں خانہ ہمہ چراغ است" ان کے ہر ادنیٰ و اعلیٰ نے توہین و ادبی اپنا شعار ہی بنا لیا ہے۔ مسلمان لعنت بھیجتے ہیں ایسے مذہب پر جس میں ام المومنین کی اس قدر توہین ہو۔

۴۷۔ دیوبندی عقیدہ ؀ صحابہ کو کافر کہنے والا سنی ہی رہتا ہے۔

مولوی گنگوہی سے کسی نے پوچھا کہ صحابہ پر طعن و مردود کہنے والا سنت و جماعت سے خارج ہو گا یا نہیں؟

جواب "وہ اپنے اس کبیرہ کے سبب سنت و جماعت سے خارج نہ ہو گا" فقط

(فتاویٰ رشیدیہ صلا! جلد ۲)

اہل سنت کا عقیدہ ؀ صحابہ کرام کی شان میں ایسے کلمات صریح کفر ہیں، صحابہ پر طعن کرنے والے کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں، امام اہل سنت و جماعت حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ردّ الرفضہ صٹ پر فرماتے ہیں:

"جو حضرات شیخین صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ عنہما خواہ ان میں سے ایک کی ہی شان میں گستاخی کرے، اگرچہ صرف اسی قدر کہ انہیں امام و خلیفہ برحق نہ مانے، کتب معتمدہ فقہ حنفی کی تصریحات اور ائمہ ترجیح و فتویٰ کی تصحیحات پر مطلق کافر ہے۔"

صحابہ پر طعن کرنے والا دیوبندیوں کے نزدیک پکا سنی اور اہل سنت کے نزدیک پکا کافر ——— فیصلہ بذمہ ناظرین کہ ——— شیعہ کے ایجنٹ کون ہیں؟

شرم ان کو مگر نہیں آتی

۴۸۔ دیوبندی عقیدہ ۰ بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ تحریمہ ہے۔

سوال: بدعتی کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟
جواب: مکروہ تحریمہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم، بندہ رشید احمد گنگوہی۔

۴۹۔ دیوبندی عقیدہ ۰ میلاد شریف ناجائز ہے۔

فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۵۰ پر ہے:
مسئلہ۔ انعقاد مجلس میلاد بدون قیام بروایات صحیحہ درست ہے یا نہیں؟
انعقاد مجلس میلاد بہر حال ناجائز ہے۔ تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے۔ فقط
واللہ تعالیٰ اعلم۔

معلوم ہوا کہ دیوبندیوں کے نزدیک اگر سلام و قیام بھی ترک کیا جائے اور روایتیں بھی صحیح بیان کی جائیں پھر بھی میلاد شریف کی مجلس ناجائز ہے۔

۵۰۔ دیوبندی عقیدہ ۰ جس عرس میں صرف قرآن پڑھا جائے وہ بھی ناجائز ہے۔

فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۹۳ پر ہے:
سوال: جس عرس میں صرف قرآن شریف پڑھا جائے اور تقسیم شرینی ہو جائز ہے یا نہیں؟
جواب: کسی عرس اور مولود شریف میں شریک ہونا درست نہیں اور کوئی سا عرس اور مولود درست نہیں۔ فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

ناظرین! یہ پچاس عقائد دیوبندیوں کے ہزار ہا عقائد خبیثہ کا صرف ایک ورق ہے ان کے

خرافات کے لیے ایک مستقل کتاب چاہیے ان کا کافی حصہ مولانا حافظ غلام مہر علی صاحب گولڑوی نے اپنی کتاب "دیوبندی مذہب" میں درج فرمایا ہے۔ جس کا مطالعہ ضرور چاہیے اور ان عقائد کی تردید کے لیے بہترین اور جامع اصول غزالی زماں علامہ احمد سعید شاہ صاحب کاظمی ملتان شریف کی کتاب "الحق المبین" اور "التبشیر برد تحذیر" میں پڑھیے۔

آخر میں ہم عرض کریں گے کہ جو حوالہ جات اوپر پیش کیے گئے ہیں۔ حتی الوسع ہر حوالہ نہایت احتیاط سے لکھا گیا ہے اور اصل کتابوں کو دیکھ کر ہر عقیدہ پر تبصرہ صرف اس لیے کیا گیا ہے کہ حق اور باطل واضح ہو جائے اور تصویر کے دونوں رخ سامنے آجائیں تاکہ صحیح اور غلط میں پورا پورا امتیاز ہو سکے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ ہمارے پیش کیے ہوئے حوالہ جات سے کوئی حوالہ غلط ثابت ہو جائے تو ہم فی حوالہ یکصد روپیہ انعام کا اعلان کرتے ہیں۔ ؏

خبر کرو ذرا دیوبندی خورد بینوں کو!

اکابرینِ اسلام پر دیوبندی فتویٰ بازوں کی یلغار

دیوبندی نظریات کا یہ انداز بڑا عجیب و غریب ہے کہ وہ ایک زبان سے لوگوں میں یہ فریاد کرتے ہیں کہ بریلوی ہمارے عقائد پر تنقید کرتے وقت حد سے گزر جاتے ہیں اور ہمارے بزرگان دیوبند کے نظریات پر کفر کے فتوے عائد کرتے رہتے ہیں۔ دوسری طرف یہ لوگ پوری شدت کے ساتھ امتِ رسول کے صالحین اور اسلاف کو جن مکروہ الفاظ سے یاد کرتے ہیں وہ انہیں کا دل گردہ ہے یہ لوگ جس بے باکی اور بے دردی سے بزرگانِ دین کو کوستے ہیں۔ ان کے چند نمونے پڑھتے وقت آپ سینے پر ہاتھ رکھیں گے۔

مولانا رومی اور مولانا جامی کافر تھے (نعوذ باللہ)

سے

اہیہ ملّا جامی کیہا اندر تحفے کفراں والے
جو جامی رومی دے پچھلگ اوہ کافر سڑن منہ کالے

(شہباز ص ۱۳۳ مصنفہ مولوی نور محمد دیوبندی)

مولانا جامی ہلکے کتے تھے (نعوذ باللہ)

سے

مثنوی رومی دے وچ جامی شارح چیک چلایا
ہلکیاں کتیاں والے چکوں رکھیں شرم خدایا

(شہباز ص ۱۳۴)

ناظرین! ان ناپاک اور خبیث فتووں کو ملاحظہ فرمایئے اور ساتھ ساتھ دیوبندی تہذیب پر بھی غور فرماتے جایئے:

حضرت امام حسین اندھے تھے (نعوذ باللہ)

شعر کور کورا نہ مرد در کربلا
تا نیفتی چوں حسین اندر بلا

(ملفۂ الحیران صد ۳۹۹ مصنفہ مولوی حسین علی واں بھچراں)

ترجمہ: "اندھوں کی طرح کربلا میں نہ جا
تاکہ امام حسین کی طرح مصیبت میں نہ گرے" (استغفراللہ)

"جب انبیاء علیہم السلام کو علم غیب

یا رسول اللہ کہنے والے سب کافر ہیں نہیں تو یا رسول اللہ بھی کہنا نا جائز ہوگا۔ اگر یہ عقیدہ کر کے کہے کہ وہ دور سے سنتے ہیں بسبب علم غیب کے تو خود کفر ہے۔" (فتاویٰ رشیدیہ صد ۹ جلد ۳)

مولوی فردوس علی قصوری کا فتویٰ "حضور کو حاضر و ناظر و علم غیب ماننے والے سب کافر و مشرک ہیں۔"

"یہیں سے حاضر و ناظر اور عالم الغیب کی جرأت کر لیتے ہیں اور یہی وہ منحوس، نامبارک، جاہلی عقیدہ ہے جس سے تمام نعت خوانی کی رونقِ بازار ہے۔ کفر و شرک کا یہ زبردست ہتھیار۔ آج لاکھوں مسلمانوں کو کھا چکا ہے جو محبت کے پردے میں دینِ اسلام کو چھوڑ کر دار الکفر میں جا بسے۔"
(الصلوٰۃ والسلام صد ۱۱۲)

"اور یہ کفر و شرک ہے۔ بریلوی حضرات سے ہمارا یہی جھگڑا ہے۔"
(چراغِ سنت صد ۲۴۳)

مولانا احمد رضا خاں صاحب دجّال ان کے اتباع کتّوں سے بدتر ہیں

"رسول مقبول علیہ السلام دجال بریلوی اور ان کے اتباع کو سحقاً سحقاً فرما کر اپنے حوض مورود و شفاعت محمود سے کتّوں سے بدتر کر کے دھتکار دیں گے۔"

(الشہاب الثاقب صہ ۱۴۰)

ہم بریلویوں کو مشرک کہتے ہیں

"یہی وجہ ہے کہ ہم بریلویوں کو کافر نہیں کہتے بلکہ مشرک کہہ دیتے ہیں۔"

(رسالہ "حیات النبی" صہ ۲۳ مصنفہ مولوی فردوس علی)

مشرک کہہ دیتے ہیں مگر ـــ کہتے کچھ نہیں، اہل کفر و بدعت کہہ دیتے ہیں مگر ـــ کہتے کچھ نہیں، دوزخ کے کتے، چمگادڑ، بدتمیز، بدزبان، منہ پھٹ کہہ دیتے ہیں مگر ـــ کہتے کچھ نہیں، کیونکہ ہم علمائے دیوبند ہیں اور یہ حقیقت مسلّم ہے کہ علمائے دیوبند کچھ بھی نہیں کہتے۔ لہٰذا ثابت ہوا "کہ ہم کچھ بھی نہیں کہتے"۔

تمام بدعتی (سنّی) بے ایمان ہیں

"بدعتی کے معنی ہیں بے ادب بے ایمان"

(افاضات الیومیہ ج ۳ صہ ۹۱ مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی)

دیوبندیوں کے شیخ القرآن کا فتویٰ

حضور کو حاضر ناظر ماننے والے پکے کافر ہیں جو ان کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر ہے اور ان کا نکاح کوئی نہیں۔

"نبی کو جو حاضر ناظر کہے بلا شک شرع اس کو کافر کہے"

(جواہر القرآن صہ ۶ مصنفہ مولوی غلام خاں راولپنڈی)

"جو انہیں کافر و مشرک نہ کہے وہ بھی ایسا ہی کافر ہے" (جواہر القرآن صہ ۷)

"ایسے عقائد والے لوگ پکے کافر ہیں اور ان کا کوئی نکاح نہیں" جواہر القرآن ص ۹۹)

"مدارات تو حضور نے کافروں تک کی فرمائی ہے

بدعتی (سنی) کافروں سے بڑے ہیں کافر کی مدارات میں فتنہ نہیں اور بدعتی کی مدارات میں فتنہ ہے" (افاضات الیومیہ ج ۴ ص ۷۹)

"بزرگوں کو مختار کل سمجھتے ہیں جو

حضور کو مختارِ کُل سمجھنے والے سب کافر ہیں عقیدے ہندوؤں کے تھے وہ مسلمانوں کے ہوگئے۔ (افاضات الیومیہ ج ۴ ص ۵۹۱)

"زندہ پیر کے ہاتھوں

مشائخ کے ہاتھوں کو بوسہ دینے والے اور دو زانو ہوکر کو بوسہ دے دیا۔

بیٹھنے والے سب کافر ـــ اور ـــ لعنتی ہیں اس کے سامنے دو زانو ہوکر بیٹھ گئے تو یہ سب افعال اس پیر کی عبادت ہوں گے اور اللہ کے نزدیک موجبِ لعنت ہوں گے۔ (جواہر القرآن مولوی غلام خاں دیوبندی ص ۹۱)

"جو ان کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے" (ص ۷۷ غلام خاں دیوبندی)

مگر یہ یاد رکھیئے کہ علمائے دیوبند کسی کو کچھ نہیں کہتے، بریلوی ان پر کفر کے فتوے لگاتے ہیں ـــ اور وہ ہیں بگلے بھگت۔

"نقشبندیوں میں کثرت سے بدعات ہوتی ہیں"

نقشبندی بدعتی ہیں (افاضات الیومیہ ص ۱۲ جلد ۴)

دیوبندی حضرات کو چاہیئے کہ فتوے کو ٹیا رکھ سے [illegible] جانب نکالیں۔ دیکھئے آپ کے دین کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کیا کہہ رہے ہیں کہ نقشبندیوں میں کثرت سے بدعات ہیں، اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب میں کاتب سے ایک دو مقام پر لفظ رحمۃ اللہ رہ گیا تو آپ نے آسمان سر پر اٹھا لیا تھا کر دیکھئے خاں صاحب نقشبندی

بزرگوں کے بے ادب ہیں۔ حسد رکھتے ہیں۔ آج لگائیے یہی فتویٰ مولوی اشرف علی تھانوی پر۔

"نقشبندی، چشتی، قادری، سہروردی
کہلانے والے یہودی ہیں"! (تقویۃ الایمان صـ۲۹)

یہ ہیں آپ کے علامہ شہید رحمۃ اللہ علیہ، جن کی عبارت کو صحیح ثابت کرنے کے لیے آپ نے پورا زور لگا دیا۔ یہ سب نقشبندیوں کو یہودی کہہ رہے ہیں۔ لگائیے فتویٰ! مگر لگا کیسے سکتے ہیں، فتوے تو سب بیچارے بریلویوں کے لیے ہیں۔ اگر یہ الفاظ اعلیٰ حضرت کی کتاب میں ہوتے تو آپ دیکھتے کیا شور اٹھتا۔

یا شیخ عبدالقادر جیلانی پڑھنے والے کافر ہیں

"کوئی یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ کہتا ہے...... جاہل مسلمانوں کا شرک و بدعت میں وہی حال ہوگیا ہے جیسے کافروں کا تھا" (تذکیر الاخوان صـ۲۹۹)

عید کے دن سویاں پکانے والے کافر ہیں

"شوال میں عید کے دن سویاں پکانا اور بعد نماز عیدین کے بغلگیر ہو کر ملنا یا مصافحہ کرنا وغیرہ (ایسا شخص مسلمان نہیں)" (تذکیر الاخوان صـ۸)

عرسوں میں جانے والے کافر

"نام فلاں بخش رکھنا اور غلام فلاں رکھنا، آخری چہار شنبہ کو سیر کرنا، ربیع الاول میں مولود کی محفل ترتیب دینا اور جب وہاں ذکر حضرت کے پیدا ہونے کا آوے تو کھڑے ہونا، ربیع الثانی کو گیارہویں کرنا، عرس میں جانا، حلوا پکانا اور چراغ بتی

جلانا، عید کے روز سویاں پکانا، یہ تمام کام کرنے والا مسلمان نہیں ہے۔"
(تذکیر الاخوان ص۹۶ اسمٰعیل دہلوی)

قبروں پر حافظوں کو بٹھانے والے کافر

"اسقاط مروجہ کرنا، حافظوں کو قبروں پر بٹھانا، قبروں پر چادریں چڑھانا، مقبرے بنانا اور قبروں پر تاریخ لکھنا۔ الیٰ آخرہٖ۔ یہ کام کرنے والے اس آیت کے موجب مسلمان نہیں" (تذکیر الاخوان ص۹۶)

عید میلاد منانا کرشن کے سانگ سے بھی بدتر ہے

"یہ ہر روز اعادہ ولادت کا مثل ہنود کے سانگ کھنیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں" (براہین قاطعہ ص۱۴۸)

میلاد منانے والے کافروں سے بھی برے ہیں

"بلکہ یہ لوگ اس قوم (کفار) سے بھی بڑھ کر ہیں۔ (براہین قاطعہ ص۱۴۹)

بریلی میں رہنے والے تمام کافر ہیں

"اگر بریلی میں ایک بھی حقیقی مسلمان ہوتا تو آج بریلی مسلمان ہوتی۔" (افاضات الیومیہ ص۱۲۵ جلد۲)

سلطان المشائخ حضرت قبلہ عالم سید پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق دیوبندیوں کے امیر شریعت کا فتویٰ

تحریک خلافت کے ایام میں ایک جلسہ ڈنگا ضلع گجرات میں منعقد ہوا، (ڈنگا میرے گاؤں سے ۵ میل کے فاصلہ پر ہے) جس میں تقریر کرتے ہوئے عطاء اللہ شاہ بخاری نے کہا:

"میں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب کا غلام تھا مگر چونکہ آپ ہمارے ساتھ

نہیں ملے اور تحریک خلافت میں نہ ملنا کفر ہے، لہٰذا میں نے بیعت توڑ لی۔"

اس تقریر کو سننے والے ابھی کافی لوگ وہاں موجود ہیں جو اس امر کے شاہد ہیں۔ کوئی صاحب تصدیق کرنا چاہیں تو اس کا کرایہ میں خود ادا کروں گا ساتھ چل کر تصدیق کر سکتا ہے۔

تمام بدعتی شیطان "اہل بدعت کی مثال ایسی ہے جیسے شیطان۔"

(مزید المجید صد ۴۳)

گیارہویں شریف کرنے والے سب کافر ہیں "ربیع الثانی کو گیارہویں کرنے والا اس آیت بموجب مسلمان نہیں" (تذکیر الاخوان صد ۹۶)

عید کے دن ایک دوسرے سے ملاقات کرنے والے بدعتی ہیں

"عیدین میں معانقہ کرنا بدعت ہے" (فتاویٰ رشیدیہ صد ۱۵۲ جلد ۲)

نماز کے بعد مصافحہ کرنے والے بدعتی "یہ نماز کے بعد مصافحہ بدعت ہے۔" (افاضات الیومیہ صد ۲۹۹ جلد ۱)

قبروں پر جانا بدعت ہے "عرس کا التزام کرے یا نہ کرے بدعت و نادرست ہے۔ تعین تاریخ سے قبروں پر اجتماع کرنا گناہ ہے۔" (فتاویٰ رشیدیہ صد ۱۴۱ جلد ۲)

"میں نے کانپور کے بدعقیدیوں کا ذکر کیا ہے وہ ایسے

تمام بدعتی گدھے ہیں بدعتی تھے جیسے ایک شخص کا گدھا"

(افاضات الیومیہ ص۲۱۳ جلد ۶، اشرف علی تھانوی)

ناظرین! یہ ہیں دیوبندی کارپوریشن کی فتوہ بازاریاں جو ہندوپاکستان کے مسلمانوں پر چھپڑ کا ڈکرتی رہی ہیں اور یہ ہیں وہ فتوے جن کی حمایت میں دیوبندی قلم کار قلم اٹھا کر ان فتوے باز مولویوں کی کارگزاریوں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیجئے چند ایک اور فتوے سنیئے:

"یہی وجہ ہے کہ بزرگوں کی تلاش

قبروں پر آستانوں پر جانے والے مشرک ہیں اور اتباع چھوڑ کر قبروں اور

آستانوں پر جاتے ہیں اور کسی طرح کے شرک کرتے ہیں" (چراغ سنت ص۱۴)

آج تقریباً پورے دوسو سال گذر گئے مگر دیوبندیوں کی فتوے بازی ہے کہ رکنے کا نام نہیں لیتی۔

"اگر اس عقیدہ (حاضر ناظر، علم غیب)

سنیوں کا جنازہ نہ پڑھا جائے کے ساتھ کوئی مر گیا تو اس کے لیے

صدقات وغیرہ کیئے جائیں، دعائیں مانگی جائیں تو کچھ فائدہ نہ ہوگا بلکہ ان کے لیے دعا مانگنی چاہیئے نہ صدقہ وخیرات دینا چاہیئے اور نہ ان کی نماز جنازہ پڑھنی چاہیئے" (جواہر القرآن ص۱۳۱ مصنفہ مولوی غلام خان)

"ایسے عقائد باطلہ (حاضر ناظر وغیرہ) میں

سنیوں کا کوئی نکاح نہیں مبتلا ہو کر جو نہیں کافر ومشرک نہ کہے وہ بھی ویسا ہی کافر ہے، ایسے عقائد والے لوگ پکے کافر ہیں اور ان کا کوئی نکاح نہیں" (جواہر القرآن ص۱۴۲)

میلاد شریف اور مراقبہ کرنیوالے صوفی شیطان ہیں

سوال: اگر کوئی صوفی بعض کلام خلاف شرع کرتا ہو مثلاً مولود شریف مع قیام عرس بلا راگ اور فاتحہ بر آب و طعام دست بر داشتہ و نماز معکوس و مراقبہ بر قبور بعدہ الم نشرح وغیرہ اور کوئی بات کفر و شرک کی کرتا ہو تو فرمایئے کہ ایسے صوفی سے مرید ہونا اور اس کی صحبت میں بیٹھنا جائز ہے یا نہیں اور ایسے صوفی کو بوجہ اپنے مجاہدہ و تہجد گذاری کے اور حب الٰہی کے کچھ کمال بھی حاصل ہو سکتا ہے یا نہیں ؟"

جواب: " نہ وہ قابل بیعت ہے اور نہ وہ صاحب طریقت ہے، بلکہ شیطان ہے ۔" (فتاویٰ رشیدیہ مولوی رشید احمد گنگوہی صہ ۶۷ جلد ۱)

علی بخش، حسین بخش، عبدالنبی نام رکھنے والے مشرک ہیں

علی بخش، حسین بخش، عبدالنبی نام رکھنا شرک ہے ۔

(بہشتی زیور صہ ۳۶ جلد ۱)

بزرگوں کا ادب کرنا شرک ہے

" لاکھوں کروڑوں انسان بلکہ مسلمان دنیا میں ایسے ہیں جو زمین آسمان کا خالق مالک اللہ کو سمجھتے ہیں۔ اس کے باوجود اٹھتے بیٹھتے بزرگوں کو پکارتے ہیں منتیں ان کی مانتے ہیں۔ ادب لحاظ کرتے ہیں، مزارات پر چراغ جلاتے ہیں اور جھاڑو لگاتے ہوئے عاجزی اور نیاز کی تصویر نظر آتے ہیں ۔"

(الصلوٰۃ والسلام صہ ۵۷)

مودودی کافر ہے زندیق ہے، دجّال ہے (مولوی احمد علی صاحب کا فتویٰ)

"ایسے شخص کو مسلمانوں کی فہرست میں شامل رکھنا اسلام کی توہین ہے"

"حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضگی" صد ۱۱۵

"مودودی مبتدع اور ملحد زندیق ہے" صد ۱۱۳

"میری سمجھ میں ان تیس دجالوں میں ایک مودودی ہے" صد ۹

"اب آپ حضرات ذرا انصاف

مولانا احمد رضا خاں صاحب دجال ہیں انصاف کریں اور اس

بریلوی دجال سے دریافت کریں" (الشہاب الثاقب صد ۹)

"لعنۃ اللہ علیہ فی الدارین"

مولانا احمد رضا خاں پر اللہ کی لعنت (الشہاب الثاقب صد ۹۱)

"دارالعلوم دیوبند کے طلبہ نے جو گندی

مولانا شبیر احمد عثمانی ابوجہل ہے گالیاں اور فحش اشتہارات اور

کارٹون ہمارے متعلق چسپاں کیے جن میں ابوجہل تک کہا گیا اور ہمارا جنازہ

نکالا گیا" الی آخرہ۔ (مکالمۃ الصدرین صد ۲۱)

"فاصبح بحیث نری فیہ شحاً مطاعاً

ابوالکلام آزاد کافر ہے وھو متبعاً واعجابا برائہ وخروجاً

عن المسلک القویم فکان ھذا یستی الذب مع اکابر الامۃ"

ترجمہ: "ابوالکلام آزاد اپنی نفسانی خواہشات کا متبع ہے اور اسلام کے

سیدھے راستے سے بھٹکا ہوا ہے اور اکابرین ملت کا سخت بے ادب

ہے۔ (مشکلات القرآن صد ۳۴ مصنفہ مولوی محمد انور شاہ

کشمیری)

سر سید کافر ہے ملحد ہے

"ھو رجل زندیق ملحد اوجاھل ضال فھذا ضل واضل ولولا کان کفرہ والحادہ غیر متند وقد حاول ھوان یدین الناس کلہ بدینہ ولو صنوا بہ فانظروا الی این بلغت سفاھۃ ھذا السفیہ الملحد"

ترجمہ: سرسید بے ایمان، ملحد، جاہل، گمراہ ہے، خود گمراہ ہوا، لوگوں کو گمراہ کیا اور اگر اس کا کفر والحاد زیادہ نہ ہوتا تو ممکن تھا کہ لوگ اس پر مکمل ایمان لے آتے۔ بس دیکھ کر اس ملحد بیوقوف کی بیوقوفی کہاں تک پہنچ گئی ہے۔" (تتمۃ البیان لمشکلات القرآن صہ ۳۲)

شبلی نعمانی کافر ہے

"کیف یعتقد فی ذالک الرجل ھل ھی مداھنۃ دینیۃ لمصالح مشترکۃ او ذالک من اتحاد ارواحھما واشتراک مقاصدھما فی العلم والفھم وانما الوح علی اعین الناس اذ لیس من الذین ان یغمض عن کافر"

ترجمہ: بیشک شبلی سرسید کے بارے میں از خود خوش اعتقادی رکھتا ہے۔ بس یہ تو مداہنۃ فی الدین ہے، ان دونوں کی روحیں علم و مقصد میں یک جا ہیں اور ہم نے لوگوں کے سامنے شبلی کا یہ پول اس لیے ظاہر کیا ہے، کہ دین اسلام میں کسی کافر کے کفر سے چشم پوشی کرنا ہرگز جائز نہیں۔" (تتمۃ البیان المشکلات القرآن صہ ۳۴)

مولوی غلام خاں کافر ہے

"ایسے عقائد رکھنے والے حضرات اہل سنت میں داخل نہیں، ان کے پیچھے نماز مکروہ ہے۔ ان کو امام مسجد نہ بنایا جائے، ایسے عقائد والوں سے سلام کلام بند

کر دینا چاہیئے"۔ (کتبہ السید مہدی حسن صدر مفتی دارالعلوم دیوبند)

"ایسا طائفہ اسلام سے خارج ہے"۔ فقط عبدالجبار غفرلہ عفی عنہ۔

"مصنف بلغۃ الحیران کا کوئی مذہب نہیں" مفتی کفایت اللہ دہلوی۔

ناظرین! ان فتوے بازیوں کا حال لکھنے کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔ وقت کی قلت کے باعث نمونۃً تحریر کر دیئے تاکہ یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ دیوبندی اپنے سوا تمام مسلمانوں کو کافر، مشرک، بدعتی سمجھتے ہیں۔ ان کے نزدیک اگر کوئی مسلمان ہے تو صرف اسمٰعیل دہلوی، رشید احمد گنگوہی اور اشرف علی تھانوی وغیرہم دیوبندی مولوی اور باقی تمام دنیا کافر۔ یہی دیانت دیوبندیت کا وہ کارنامہ ہے جس پر اس کو ناز ہے۔ بے دھڑک تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک و بدعتی بنایا اور پھر یہ دعویٰ کہ ہم بڑے شریف الّسان ہیں، ہم کسی کو کچھ نہیں کہتے، بریلوی ہمیں کافر کافر کہتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت نے ہم پر فتوے لگائے ہیں اور کافر کہا ہے۔ حالانکہ یہ محض ہی الزام ہے اعلیٰ حضرت جیسا متدین فاضل کبھی کسی مسلمان کو کافر نہیں کہہ سکتا۔ تو وہ مولوی اسمٰعیل دہلوی (مصنف تقویۃ الایمان) کو باوجود گندی، ناپاک اور توہین آمیز عبارات لکھنے کے، کافر کہنے سے کف لسان فرماتے ہیں۔ کیونکہ مشہور ہو گیا تھا کہ مولوی اسمٰعیل نے پشاور میں توبہ کر لی ہے (دیکھو الکوکبۃ الشہابیہ صفحہ ۶۲) حیرت ہے کہ ایسے محتاط عالم دین پر تکفیر المسلمین کا الزام عائد کیا جاتا ہے۔ ع

بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

دراصل یہ پروپیگنڈا صرف اس لیے کیا جاتا ہے کہ عوام کی توجہ ہماری ان گستاخیوں اور کفر و شرک کی تقسیم سے ہٹ کر اعلیٰ حضرت کی طرف ہو جائے (جو چند ایک ہم نے اوپر نقل کی ہیں) اور ہم اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ہو سکیں۔ ہاں البتہ جن خارجیوں، رافضیوں، نیچریوں، وہابیوں، ندویوں اور کانگریسیوں نے کلمہ کفر بول کر اپنے سے

کفر کر لیا تو چونکہ وہ کلمۂ کفر کی ادائیگی سے دائرہ اسلام سے خارج ہو گئے وہ کلمۂ کفر کہنے والا اپنا ہو یا پرایا، بریلوی ہو یا دیوبندی۔ کسے باشد اس پر فتویٰ کفر لگانا علماء کا فرض ہے۔ اگر وہ فتویٰ کفر نہ لگائیں تو خود کافر ہو جائیں گے۔ مگر ایک فرد پر فتویٰ کفر سے ساری جماعت کافر نہیں ہو جاتی۔ البتہ جو اس کے کفر پر مطلع ہو کر بھی اس کو مسلمان سمجھے تو وہ بھی اسی کا ساتھی یعنی کافر ہے۔

ناظم دیوبند کا فیصلہ مولوی مرتضیٰ حسن چاندپوری ناظم تعلیمات مدرسہ دیوبند و مدرس اعلیٰ نے اپنی کتاب "اشد العذاب" صفحہ ۱۰ میں لکھا ہے:

"اگر خاں صاحب (مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک بعض علمائے دیوبند واقعی ایسے تھے جیسا کہ انہوں نے انہیں سمجھا تو خاں صاحب پر ان علمائے دیوبند کی تکفیر فرض تھی، اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔ جیسے علمائے اسلام نے جب مرزا صاحب کے عقائد کفریہ معلوم کر لیے اور وہ قطعاً ثابت ہو گئے تو اب علمائے اسلام پر مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر اور مرتد کہنا فرض ہو گیا۔ اگر وہ مرزائیوں کو کافر نہ کہیں۔ چاہے وہ لاہوری ہوں یا قادیانی وغیرہ وغیرہ تو وہ خود کافر ہو جائیں گے کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے۔" (اشد العذاب صفحہ ۱۰)

اور سنیئے مولوی امین احسن اصلاحی ترجمان القرآن صفر ۱۳۷۱ھ صفحہ ۱۳۰ پر لکھتے ہیں کہ:

"مولانا اسمٰعیل شہید کی تقویۃ الایمان وغیرہ پر کیوں نہ نظرِ ثانی کرائی گئی اور جب دیوبندیوں کے خلاف امکان کذب باری تعالیٰ وغیرہ پر کفر کے فتوے نکلے تھے تو کیوں نہ سر دیوبند کی کتابیں ایک کمیٹی کے حوالے کی گئیں جس میں بریلی کو پچاس صد نمائندگی ہوتی۔"

اور آگے چل کر اسی صفحہ پر تحریر کرتے ہیں:

"ان کو مطمئن کرنے کی صورت تو صرف یہ تھی کہ ترجیح الراجح کی تیاری میں مولانا احمد رضا خاں صاحب مرحوم کو بھی برابر کا حصہ ملتا"

(ترجمان القرآن صفحہ ۱۳۰)

لیجئے اب تو مدرسہ دیوبند کے ناظم مولوی مرتضیٰ احسن چاندپوری اور جماعت اسلامی کے ناظم مولوی امین احسن اصلاحی نے ہی فیصلہ فرما دیا کہ اگر مولانا احمد رضا خاں صاحب دیوبندیوں کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے ہیں۔ اسی لیے اعلیٰ حضرت نے ان مولویوں پر جنہوں نے کلمہ کفر بول یا لکھ کر اپنے سے التزام کفر کر لیا کفر کا فتویٰ دیا، کیونکہ مدرسہ دیوبند کے ناظم سے تکفیر کی اجازت مل گئی۔ اب بتائیے، اس میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا کیا قصور، ؎

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

عامر عثمانی دیوبندی کی حقیقت پسندانہ رائے

ہمارے نزدیک جان چھڑانے کی ایک ہی راہ ہے یہ کہ یا تو تقویۃ الایمان

اور فتاویٰ رشیدیہ اور فتاویٰ امدادیہ اور بہشتی زیور اور حفظ الایمان جیسی کتابوں کو چولہے پر رکھ کر آگ دے دی جائے اور صاف اعلان کر دیا جائے کہ ان کے مندرجات قرآن و سنّت کے خلاف ہیں اور ہم دیوبندیوں کے صحیح عقائد ارواح ثلثہ اور سوانح قاسمی اور اشرف السوانح جیسی کتابوں سے معلوم کرنے چاہئیں یا پھر ان مؤخر الذکر کتابوں کے بارے میں اعلان فرمایا جائے کہ یہ تو محض قصے کہانیوں کی کتابیں ہیں جو رطب و یابس سے بھری ہوئی ہیں اور ہمارے صحیح عقائد وہی ہیں جو اول الذکر کتابوں میں مندرج ہیں۔

انگریزی دور میں

اکابر دیوبند کی سیاسی حکمتِ عملی

انگریزی استعمار کی تاریخ پاک و ہند کی تاریخ کا ایک خونچکاں باب ہے۔ اس قوم نے برصغیر کی معاشرت کو بدلنے اور ان کی اخلاقی اقدار مٹانے میں جو کردار ادا کیا اس سے تہذیب و شرافت کے سارے اصول ٹوٹ پھوٹ گئے۔ انگریز تو یہاں غاصبانہ انداز سے مسلط تھے۔ مگر انہیں اسی سرزمین سے جعفروں اور صادقوں کی جو کھیپ میسر آئی اس کا کردار اتنا بھیانک تھا کہ قلم لکھتے ہوئے کانپ اٹھتا ہے۔ انگریز ہندوستان پہ قدم جما چکا تو اسے پنجاب کی فکر دامن گیر ہوئی۔ پنجاب میں ان دنوں ایک مضبوط سکھ حکومت تھی۔ انگریز اس وقت سیاسی اور فوجی طور پہ اتنا مضبوط نہ تھا۔ کہ وہ سکھ حکومت سے فوجی تصادم کا خطرہ مول لے کر اپنے پاؤں مضبوط کرے۔ چنانچہ اس نے اپنی روایتی جعل سازی جسے اس کے چال باز حکمت عملی کے نام سے یاد کرتے ہیں سے کام لیتے ہوئے۔ دیوبندی علماء کے بعض متعصب اور مغلوب الاعتقاد اکابر کو اعتماد میں لیا اور انہیں یاد دلایا کہ آپ نے جہاد کا فریضہ ادا کرنا ہے۔ وہ جہاد کے نام سے مجاہدین کو تیار کرنے لگے تو انگریز کی حکمت عملی نے ان کے جہاد اور جوش کا رخ اپنی طرف قبول کرنے کی بجائے سکھوں کی طرف موڑ دیا۔ پھر ان مجاہدین کو یہ بھی راستہ دکھایا کہ سکھوں سے جہاد کرنے کے لیے ستلج اور بیاس کی سرحدیں عبور نہیں کرنا چاہئیں کیونکہ اس طرح انگریز بہادر کی مقبوضہ حکومت کی سرحدوں پہ اثر پڑتا تھا۔ بلکہ سندھ سے ہوکر ڈیرہ جات سے گزرتے ہوئے سرحد کی طرف سے بالاکوٹ سے جہاد کا آغاز ہونا چاہیئے۔ دیوبندیوں کے سادہ لوح مجاہد جنہوں نے جہاد کا نام تو سنا تھا مگر میدان جنگ کی گرد سے بھی

مخالف تھے۔ چند مسکین مسلمانوں کا ایک پرجوش لشکر سندھ کے صحراؤں اور سرحد کی چٹانوں سے ٹھوکریں کھاتا ہوا سکھوں کو اکوڑہ خٹک اور بالاکوٹ کے کھنڈرات میں شکست دینے کے لیے اکٹھا ہو گیا۔ انگریزی حکمت عمل کے یہ سادہ لوح مجاہد اتنا دور دراز اور پرپیچ راستہ طے کر کے جب صوبہ سرحد پہنچے تو ان کے اور ان کے وطن عزیز کے درمیان ایک زبردست سکھ حکومت کھڑی تھی۔ سرحد کے پٹھانوں نے حتی المقدور ان مسلمان مجاہدوں کی خاطر تواضع کی۔ سکھوں کے خلاف لڑنے کے لیے مسلح معاونت بھی کی۔ مگر مجاہدوں کے سپہ سالاروں نے سکھوں سے جہاد کرنے کی بجائے اپنے روایتی انداز میں اپنوں ہی کے خلاف بدعت اور شرک کے فتووں کی بے دریغ بارش کرنا شروع کر دی۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ اپنوں سے کٹ گئے تو غیروں کے ہاتھ کٹ گئے۔ انگریز بالاکوٹ کے اس سانحہ کو بڑی خیاری سے دیکھتا رہا۔ وہ ان مجاہدوں کو بے گور و کفن پا کر سکھوں کے فرانسیسی جرنیل ونتورا کو خراج شجاعت دیتا رہا۔ اب دیوبندی مصنفین اور مؤرخین کتابوں پر کتابیں لکھے جاتے ہیں۔ تاریخ کا رخ بدلنے اور حقائق کا نوچنے میں وہ ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ ان کے اصاغر ہر مجلس میں بغلیں بجاتے ہیں کہ سید احمد شہید اور شاہ اسمٰعیل جنگ آزادی کے لیے دہلی چھوڑ کر سندھ گئے پشاور فتح کیا۔ اکوڑہ خٹک چھاونی بنائی۔ پھر بالاکوٹ میں گئے۔ لوگوں کو یہ باور کرانے کی ایک ناکام کوشش ہو رہی ہے کہ ہم تو مجاہد ہیں، غازی ہیں، حریت پسند ہیں، لڑاکے ہیں، صف شکن ہیں، بہادر ہیں۔ باقی سب لوگ روٹیاں کھاتے ہیں، ختم پڑھتے ہیں، نذر و نیاز پڑھاتے ہیں اور ہم روٹیاں نہیں صرف گولیاں کھاتے ہیں۔ ع

کہیں نظر نہ لگے تیرے دست و بازو کو!

ذرا چند لمحے رک کر ان مجاہدوں کے خیالات عالیہ تو ملاحظہ فرمائیں:

انگریز سے جہاد حرام ہے کلکتہ میں جب مولوی اسمٰعیل صاحب نے جہاد کا وعظ فرمانا شروع کیا اور سکھوں کے مظالم کی کیفیت بیان کی تو ایک شخص نے دریافت کیا کہ آپ انگریزوں پر جہاد کا فتویٰ کیوں نہیں دیتے، آپ نے جواب دیا:

"ان پر جہاد کرنا کسی طرح واجب نہیں ہے۔ ایک تو ان کی رعیت ہیں اور دوسرے وہ ہمارے مذہبی ارکان میں ذرا بھی دست اندازی نہیں کرتے ہیں ان کی حکومت میں ہر طرح آزادی ہے۔ بلکہ ان پر کوئی حملہ آور ہو تو مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اس سے لڑیں اور اپنی گورنمنٹ پر آنچ نہ آنے دیں۔"

(حیات طیبہ مرزا حیرت دہلوی صفحہ ۲۹۶، تاریخ عجیبہ محمد جعفر تھانیسروی صفحہ ۷۳)

"سید احمد بریلوی نے کہا ہم سرکار انگریزی پر کس سبب سے جہاد کریں اور خلاف اصول مذہب طرفین کا خون بلاسبب گرادیں۔" (تاریخ عجیبہ، مؤلفہ محمد جعفر تھانیسروی صفحہ ۷۳)

انگریز کا مخالف باغی ہے "بعض کے سروں پر موت کھیل رہی تھی اور انھوں نے کمپنی کے امن و عافیت کا زمانہ قدر کی نگاہ سے نہ دیکھا اور اپنی رحم دل گورنمنٹ کے سامنے بغاوت کا علم قائم کیا۔" (تذکرۃ الرشید جلد ۱ صفحہ ۷۳)

"کہ جب میں حقیقت میں سرکار (برٹش) کا فرماں بردار رہا، ان جھوٹے الزامات سے میرا بال بھی بیکا نہ ہوگا۔ اور اگر مارا بھی گیا تو سرکار مالک ہے۔ اسے اختیار ہے جو چاہے کرے۔"

(تذکرۃ الرشید صفحہ ۸۰)

مولوی اشرف علی تھانوی کی تنخواہ

مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی صدر جمعیت العلماء اسلام کلکتہ، مولوی حفظ الرحمٰن کو جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"دیکھئے حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ہمارے اور آپ کے مسلّم بزرگ و پیشوا تھے، ان کے متعلق بعض لوگوں کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ ان کو چھ سو روپے ماہوار حکومت (برطانیہ) کی جانب سے دئیے جاتے تھے، اس کے ساتھ وہ یہ بھی کہتے تھے کہ مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کو اس کا علم نہیں تھا کہ روپیہ حکومت دیتی ہے مگر حکومت ان کو ایسے عنوان سے دیتی ہے کہ ان کو اس کا شبہ بھی نہ گزرتا ہو، اب اسی طرح اگر گورنمنٹ مجھے یا کسی انسان کو استعمال کرے، مگر اس کو یہ علم نہ ہو کہ اسے استعمال کیا جا رہا ہے تو ظاہر ہے کہ وہ شرعاً اس میں ماخوذ نہیں ہو سکتا۔" (مکالمۃ الصدرین شبیر احمد عثمانی دیوبندی صفحہ ۱)

انگریز کا ملک دارالاسلام ہے

"حکومت انگریزی میں رعایا پر کسی قسم کی دار و گیر دینی اطمینانی سرکار کی جانب سے نہیں ہوتی۔ آخر میں فرماتے ہیں:

کہ ترجیح دارالاسلام کو دی جائے گی۔" (تحذیر الاخوان تھانوی صفحہ ۹)

ناظرین کرام! غور فرمائیں کہ انگریزوں نے عدم جہاد کے فتوے اور چھ سو روپیہ تنخواہ ماہوار اور ان کے مالک و مختار ہونے کے ارشادات صاف بتا رہے ہیں کہ فرقہ دیوبندیہ انگریز کی پیداوار ہے اور سکھوں سے جہاد بھی صرف انگریزوں کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لیے تھا۔ بلکہ انگریزوں کی نمک حلالی، حالانکہ اس وقت جہاد انگریزوں کے خلاف چاہیے تھا، مگر انھوں نے سکھوں اور باغستانی مسلمانوں

پر چڑھائی کی۔ چنانچہ سب سے پہلا حملہ یار محمد خاں حاکمِ یاغستان پر کیا۔
(دیکھو تذکرۃ الرشید جلد ۲ صفحہ ۲۷۱)

سرحدی مسلمانوں اور سکھوں کا زور ختم کر کے انگریزوں کی دوستی کا حق ادا کرنا تھا جس میں کامیابی نہ ہوئی اور سید احمد بریلوی جنگ کی تاب نہ لا کر پہاڑوں میں بھاگ گئے اور مولوی اسمٰعیل صاحب ایک یوسف زئی پٹھان کے ہاتھوں قتل ہوئے۔

چنانچہ سید احمد بریلوی کے متعلق دیوبندیوں کے قطب الاقطاب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا فتویٰ تذکرۃ الرشید جلد ۲ صفحہ ۲۷۱ میں ملاحظہ فرمائیے:

"منشی محمد ابراہیم صاحب نے کہا کہ سید صاحب تیرہویں صدی کے آغاز میں پیدا ہوئے تھے اور ممکن ہے کہ ابھی زندہ ہوں، انہوں نے جب لفظ ممکن کہا تو حضرت امام ربانی (رشید احمد) نے ارشاد فرمایا: بلکہ امکن ہے"

لطیفہ دیوبندی اپنے سوا تمام دنیا کو علمی یتیم کہتے ہیں آج اس دعویٰ کی قلعی کھل گئی دیوبندیوں کے استاد نے فرمایا "بلکہ امکن ہے" سبحان اللہ ممکن کا اسم تفضیل امکن بنا ڈالا، میزان الصرف پڑھنے والے طالب علم خاص طور پر گنگوہی صاحب کی تبحر علمی کی داد دیں اور ان کو سمجھائیں کہ مولانا اسم تفضیل مصدر سے بنتا ہے یہ دیوبند کے امام اکبر کی علمی لیاقت ہے، اس کی تصدیق کرنے والے میرٹھی، انبیٹھوی، محمود حسن دیوبندی تھے۔ دیوبندیوں کی علمی جہالت کا باب بڑا وسیع ہے جس کا اجمال بس یوں سمجھئے:

کہ ایں خانہ ہمہ چراغ است

یہ دیوبندیوں کا عجیب و غریب عقیدہ و دعویٰ
سید احمد پہاڑوں میں رہتے ہیں محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند نے اختیار کیا اور اعلان کیا مجھے چندہ اکٹھا کر کے رقم دو، تاکہ میں سید احمد کا سراغ

[illegible]

کرنا فرض قرار دے دیا، ادھر پٹھانوں نے تنظیم کر لی اور ادھر پنجابی، بالآخر پٹھان غالب ہوتے نظر آئے تو ایک روز خود اسمٰعیل مقابلے کے لیے آیا تو ایک یوسف پٹھان نے گولی چلا دی تو اس کا خاتمہ ہو گیا اس کے بعد سب پنجابی بھاگ گئے اور پٹھان کامیاب ہو گئے۔" (تاریخ مزارات، انوار آفتاب صداقت صـ۵۱۱، فریاد المسلمین صـ۱۸) سے

وہ وہابیہ نے جسے دیا لقب شہید و ذبیح کا
وہ شہید لیلائے نجد تھا وہ ذبیح تیغ خیار ہے

انگریزوں نے ہمیں آرام دیا ہے دیوبندیوں کے حکیم الامت فرماتے ہیں کہ:

"ایک شخص نے مجھ سے دریافت کیا تھا، اگر تمہاری حکومت ہو جائے تو انگریزوں کے ساتھ کیا برتاؤ کرو گے، میں نے کہا محکوم بنا کر رکھیں گے، کیونکہ جب خدا نے حکومت دی تو محکوم بنا کر ہی رکھیں گے، مگر ساتھ ہی اس کے نہایت راحت و آرام سے رکھا جائے گا۔ اس لیے کہ انہوں نے ہمیں آرام پہنچایا ہے۔" (افاضات الیومیہ صـ۶۹ جلد ۴)

ایک غور طلب امر سوال پیدا ہوتا ہے کہ سید احمد صاحب اور اسمٰعیل صاحب کی سکھوں کے ساتھ تیاری جہاد پر انگریز خاموش کیوں رہا! اس نے اس جنگ کو اپنے ملک کے اندر امن عامہ کے خلاف کیوں نہ سمجھا، آخر کو تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔"

لیجئے تاریخ نے یہ مسئلہ حل کر لیا، آپ بھی سنیں۔

سیرت سید احمد مصنفہ مولوی ابو الحسن ندوی صـ۱۹ جلد ا میں لکھا ہے کہ:

"اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ انگریز گھوڑے پر سوار چند پالکیوں میں کھانا رکھے

کشتی کے قریب آیا اور پوچھا کہ پادری صاحب کہاں ہیں؟ حضرت نے کشتی پر سے جواب دیا کہ میں یہاں موجود ہوں، انگریز گھوڑے پر سے اترا اور ٹوپی ہاتھ میں لیے کشتی پر پہنچا اور مزاج پرسی کے بعد کہا تین روز سے میں نے اپنے ملازم یہاں کھڑے کر دیے تھے کہ آپ کی اطلاع کریں، آج انہوں نے اطلاع کی کہ اغلب یہ ہے کہ حضرت آج قافلہ کے ساتھ تمہارے مکان کے سامنے پہنچیں یہ اطلاع پاکر غروب آفتاب تک میں کھانے کی تیاری میں مشغول رہا تیار کرانے کے بعد لایا ہوں۔ سید صاحب نے حکم دیا کہ اپنے برتنوں میں منتقل کر لیا جائے، کھانا لے کر قافلہ میں تقسیم کر دیا گیا اور انگریز دو تین گھنٹہ ٹھہر کر چلا گیا۔ نیز لارڈ ہیڈنگ بھی سید صاحب کی کارگزاریوں سے بہت خوش تھا اور اکثر سید صاحب کی تعریفیں کیا کرتا تھا۔ (حیات طیبہ ص۲۹۴)

سید احمد شہید کو سات ہزار کی ہنڈی مولوی محمد اسحٰق، سید احمد کا رل تھا جو انگریز سے روپیہ لے کر سید احمد کو پہنچایا کرتا تھا، چنانچہ ملاحظہ ہو:

"اس وقت ایک ہنڈی سات ہزار روپیہ کی جو بذریعہ ساہوکاران دہلی مرسلہ محمد اسحٰق صاحب بنام سید صاحب روانہ ہوئی تھی، ملک پنجاب میں وصول نہ ہونے پر دعویٰ عدالت دیوانی میں ہو کر ڈگری بحق مدعی بحال رہا۔"
(تواریخ عجیبہ ص۱۹)

ناظرین کرام! مندرجہ بالا حوالہ جات پر غور فرماتے ہوئے فیصلہ فرمائیں۔ کہ انگریزوں سے جہاد حرام کہنا اور ان کے ملک کو دار الاسلام قرار دینا اور چھ چھ سو روپیہ تنخواہیں وصول کرنا اور انگریز کے مخالف پر باغی کا فتویٰ صادر فرمانا اور ادھر انگریزوں کی

سید احمد کے نام کار پر خوشی، سات سات ہزار کی ہنڈیاں اور دعوتیں اور خاطر تواضع اور تین تین گھنٹے رازدارانہ گفتگو، کیا ان سب امور سے صاف صاف ثابت نہیں کہ سید احمد، اسمٰعیل، رشید احمد گنگوہی، اور اشرف علی تھانوی انگریز کے مرہون احسان تھے۔

مولوی محمود حسن دیوبندی کی جے

"جس وقت حضرت مولانا (محمود حسن) کا موٹر چلا تو ایکدم اللہ اکبر کا نعرہ بلند ہوا، اس کے بعد گاندھی کی جے، "مولوی محمود حسن کی جے" کے نعرے بلند ہوئے۔"

(افاضات الیومیہ اشرف علی تھانوی ص۲۵ جلد ۲)

دیوبندیوں کی پیشانیوں پر تلک

"دیکھ لیجئے مشاہدات اور واقعات شاہد ہیں کہ جے کے نعرے لگائے، ہندوؤں کی ارتھی کو کندھا دیا۔" (افاضات الیومیہ ص۲۲ جلد ۴)

ہولی، دیوالی کی پوڑیاں حلال ہوگئیں

مسئلہ: ہندو تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے استاد یا حاکم یا نوکر کو کھیلیں یا پوری یا کچھ اور کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں، ان چیزوں کا لینا اور کھانا استاد، نوکر، حاکم کو درست ہے یا نہیں!

الجواب: درست ہے۔ فقط۔ (فتاوٰی رشیدیہ ص۱۲۳ جلد ۲)

غوث پاک کی گیارہویں حرام ہے

سوال: یہ تعینات جیسے ربیع الاوّل میں کونڈا عشرہ محرم میں کھچڑا، صحنک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اور گیارہویں حرام ہیں یا نہیں؟

الجواب: "ایسے عقائد موجب کفر ہیں" (فتاوٰی رشیدیہ ص۹۰ جلد ۱)

ختم مرسومۃ الہند مصدقہ خیر محمد جالندھری ملتانی کے ص۲۱ پر لکھا ہے:

"گیارہویں اور نیاز وغیرہ ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا اغراض کے لیے دیتے ہیں، اگرچہ اس کا نام ایصال ثواب رکھیں، لہٰذا اس کا لینا، دینا، کھانا

حرام ہے "

سبحان اللہ گیارہویں غوث پاک کی موجب کفر اور پوڑیاں دیوالی کی جائز۔

ہندوؤں کی کوّے سے محبت

" اے کوّے! میں تجھے سچ کہتا ہوں پاک سیوک مجھے پران کی طرح پیارا ہے، کاگ بھشنڈی کے خوبصورت وچن سن کر گرڑ کے پر خوشی سے پھول گئے "

(رامائن مصنفہ تلسی داس صہ۷۶)

" تب میں کوا بن گیا اور پرمیشور کے چرنوں میں سر جھکا کر رگھو بنش تلک رام چندر جی کا سمرن کر کے خوشی سے اڑ چلا " (رامائن صہ۷۹)

دیوبندیوں نے جب دیکھا کہ ہندو کوّے سے محبت رکھتا ہے تو اس کے حلال ہونے کا فتویٰ دے دیا بلکہ کھانے والے کو ثواب کی سند عطا فرما کر ہندو نوازی کا دلفریب منظر پیش کیا۔

مولوی رشید احمد گنگوہی نے فتاویٰ رشیدیہ جلد ۲ صہ۱۳۰ پر تحریر فرمایا:

دیوبندیوں کی کوّا خوری

سوال: زاغ معروفہ کو جس جگہ اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو برا سمجھتے ہوں۔ وہاں اس کوا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا یا نہ ثواب نہ عذاب؟

الجواب: ثواب ہوگا۔ فقط۔

نوٹ: دیوبندی کہتے ہیں جی وہ کوا اور ہے باہر جنگلوں میں رہتا ہے ان کو لفظ زاغ معروفہ یعنی مشہور کوا پر غور کرنا چاہیے۔

ایک مفید مشورہ دیوبندی علماء کے لیے ایک نیک اور سودمند مشورہ ہے کہ اپنے مدرسوں کے طلبہ کو روزانہ کوّے کھلایا کریں۔ کیونکہ پاکستان میں کوا کھانے والے کو برا سمجھتے ہیں اور جہاں اس کا کھانا برا سمجھا جائے وہاں آپ کے قطب الاقطاب

کے فتوے کے مطابق کوا کھانے والے کو ثواب ہوتا ہے، دو فائدے، ایک ثواب اور دوسرے ہر ماہ طلبہ کی سبزی و گوشت وغیرہ کے پیسے بچ جایا کریں گے۔

ہادیٔ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی کوے سے نفرت

وعن ابن عمر قال من یاکل الغراب

وقد سماه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاسقا واللہ ما ھو من الطیبات"

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کوے کو کون کھا سکتا ہے۔ حالانکہ کوے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدکار فرمایا۔ خدا کی قسم یہ کوا پاک چیز نہیں ہے (ابن ماجہ شریف صفحہ ۲۴۱)

سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوے کو فاسق فرمایا مگر چونکہ کوا ہندوؤں کو مرغوب تھا، لہٰذا دیوبندیوں نے اس کے کھانے والے کو ثواب کا ڈپلوما دے دیا۔

ہندوؤں کے سودی روپیہ کی بنائی ہوئی سبیل

سوال: ہندو جو پیاؤ پانی کی (سبیل) لگاتے ہیں سودی روپیہ صرف کر کے مسلمانوں کو اس کا پانی پینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب: "اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں"

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۳ صفحہ ۱۱۴)

امام حسین کی سبیل حرام ہے

"محرم میں سبیل لگانا، چندہ سبیل اور شربت میں دینا یا دودھ پلانا سب نادرست اور تشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں" (فتاویٰ رشیدیہ جلد ۲ صفحہ ۱۱۳)

ہندوؤں کی سبیل جائز اور امام حسین رضی اللہ عنہ کی سبیل حرام۔ لگائیے نعرہ:

"مولوی رشید احمد گنگوہی کی جے"

تحریک پاکستان میں علماء دیوبند کا سیاسی رخ کردار

پچھلے صفحات میں علماء دیوبند کے نظریات اور اعتقادیات کی وہ تحریریں آپ کے مطالعہ کا سامان بن چکی ہیں جن کی اساس گستاخانہ زمین سے اٹھی۔ عمارت ہٹ دھرمی اور ضد کے خاک وخشت سے تیار ہوئی اور پھر ان تحریروں سے جو محلات تیار ہوئے ان کی زیبائش کیلئے کفر وشرک کے فتووں کے گھاٹے رنگارنگ۔ کام میں لائے گئے۔ اعتقاد ونظریہ کا جھٹکا ہوا یہ طائفہ جب آزادی وطن کے لیے میدان سیاست میں نکلا تو اس کی آن بان دیکھنے اور ان کا جوش وخروش سننے کے قابل تھا۔ متحدہ ہندوستان سے انگریز اپنے دو صد سالہ اقتدار کو سمیٹنے کی تیاریوں میں مصروف تھا۔ ہندو قوم کے لیڈر اپنے ایک ہزار سالہ کھوئے ہوئے اقتدار کے حصول کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے تھے۔ مسلمان دو صد سالہ غلامی کی گراوٹوں سے ابھر کر ازسرنو آزادانہ فضا میں پرواز کرنے کے لیے بال و پر تول رہا تھا۔ ہندو لیڈر شپ تجربہ کار بھی تھی اور صدیوں سے اقتدار کی محرومی نے اسے سخت جان بھی بنا دیا تھا۔ وہ اس ملک میں ہر قیمت پر اقتدار پر قبضہ کر کے ایک طرف انگریز سے نجات حاصل کرنا چاہتی تھی۔ دوسری طرف برصغیر کی ایک زبردست آزاد قوم کو اقتدار سے محروم رکھ کر ہزار سالہ محرومیوں کا انتقام لینا چاہتی تھی۔ اس مقصد کے لیے اسے قید وبند کی صعوبتوں کے علاوہ مال و زر پھیلا کر کسی قوم کے دماغوں کو خرید لینا بھی اقتدار حاصل کرنے کے لیے ضروری تھا۔ چنانچہ اس کے لیڈروں نے علماء دیوبند کے نظریات اور اعتقاد کی ناپختگی سے خوب خوب فائدہ اٹھایا۔ ہندو لیڈر شپ نے علماء دیوبند کو اپنا ہمنوا بنانے کے لیے بڑی کامیاب کوششیں کیں۔ جدوجہد آزادی میں وہ علماء اہل سنت کے تیور تو ۱۸۵۷ء سے دیکھ چکے تھے۔ لیکن اب انہوں نے علماء دیوبند کو اپنا نشانہ بنایا اور

دامِ ہم رنگ زمین بچھاکر قابو کر لیا۔ چونکہ تحریک پاکستان کے آغاز سے ہی ملک کے علماء اہل سنّت اور مشائخ کرام پاکستان کے قیام و استحکام میں شامل ہو چکے تھے۔ ان حضرات کی ضد میں قوم پرست علماء دیوبند نے ہندو لیڈر شپ کا ساتھ دینے کا اعلان کر دیا۔ تحریک ترک موالات میں مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد ان علماء دیوبند کے فتووں کے ہاتھوں اپنے گھر بار لٹا کر اپنے ہی گھروں کو "دارالحرب" اور "دارالکفر" جان کر "ہجرت" کرنے پر مجبور ہو گئی تھی۔ یہ الگ بات ہے کہ یہ "ہجرت" تیس ہزار مسلمان خاندانوں کی بربادی کا باعث بنی۔ ہندو بڑا ہوشیار تھا۔ ترک موالات کی تحریک میں وہ انگریز جیسے کافر کے لیے تو مقاطعہ کا اقرار کراتا تھا۔ مگر بت پرست اور مشرک ہندو کو سلسلہ مواخات (دوستی) میں پروتا جاتا تھا۔ علماء دیوبند ہندو کی اس سیاسی ٹھوکر سے منہ کے بل گرے اور ایسے گرے کہ ... کے بعد بھی نہ اٹھ سکے۔ ان قوم پرستوں نے قیام پاکستان کی مخالفت کے لیے اپنی علمی اور خطابتی صلاحیتوں کو راس کماری سے لے کر خیبر تک صرف کر دیا اور بقول ایک ناقد کے تحریک پاکستان کے مخالفین میں ایک خطرناک گروہ ان جینٹلمنٹ علماء (دیوبند) کا تھا جن کی زمام اختیار مولانا ابوالکلام آزاد اور حسین احمد مدنی جیسے امام الہند اور شیخ الہند کے ہاتھوں میں تھی۔ مسلمانوں کے ایک طبقہ میں انہیں بڑے تقدس اور احترام کا درجہ حاصل تھا۔ مگر ہماری تاریخ کا یہ باب بڑا دل خراش اور جگر پاش ہے کہ تحریک پاکستان کو ناکام بنانے میں ملت اسلامیہ کے خلاف جو مذموم کھیل دیوبند کے ان معماروں نے کھیلا ملت کے بدترین دشمنوں سے بھی اس کی امید نہیں کی جا سکتی تھی۔ اقبال نے اسی داستانِ غم کی بنا پر خون کے آنسو روتے ہوئے کہا تھا ؎

چنیں دورِ آسماں کم دیدہ باشد | کہ جبریل امیں را دل خراشد
چہ خوش دیرے بنا کردند ایں جا | پرستد مومن و کافر تراشد

اس "مقدس جماعت" نے غیروں کے اشارے پر متحدہ قومیت کے نام پہ ایک نیا

"سومنات تعمیر کیا۔ اور تحریک پاکستان کے خلاف اس بت کی پرستش عین اسلام قرار دی جانے لگی۔ ہم نے یہ تو سنا تھا کہ شیطان اپنی تائید میں انجیل مقدس سے حوالے تلاش کرتا ہے لیکن یہ کسی مسلمان کے حاشیہ تصور میں بھی نہ آسکتا تھا کہ امت کے یہ وطن پرست مذہبی پیشوا بن کر "وطنیت کے سومنات" کی حمایت میں قرآن اور اسوہ رسالت کے وہ دلائل پیش کریں گے جس سے دنیا موجہ حیرت میں کھو جائے گی۔ علامہ اقبال اسی روح فرسا بات پر چیخ اٹھے۔

شیخ ملت با حدیث دل نشیں
بہ مراد او کند تفسیر دیں

دارالعلوم دیوبند کے ہزاروں فارغ التحصیل اسی "سومنات" کے پجاری بن کر مسلمانوں کو اس سیاست کی مورتی کے سامنے سربسجود ہونے [illegible] تھے جسے مجدد الف ثانی نے اکبری اقتدار کے زمانہ میں پاش پاش کیا [illegible] اکابرین دیوبند نے محض اعتقادی اور نظریاتی مباحث کی تلخی کو دور کرنے کے لیے "حرم سے نکل کر منقرا کے مندروں کی سیاست کو اپنا نظریہ حیات بنالیا۔ ۱۹۳۹ء میں مولینا ظفر علی خاں نے انہی دیوبندی علماء کے سیاسی رخ کو دیکھ کر زمیندار کے صفحہ اوّل پر لکھا تھا:

رسول اللہ کے گھر میں یہ کیسا انقلاب آیا
کہ گاندھی جی کی کٹیا "عالمانِ دین" کا ڈیرہ ہے
خدا ہی جانتا ہے حشر اس ٹولی کا کیا ہوگا
حرم سے جسکی بدبختی نے رخ ملت کا پھیرا ہے

مولینا ابوالکلام آزاد اپنی معرکۃ الآرا تصنیف "انڈیا ونز فریڈم" کے صفحہ ۳۹ پر مہاتما گاندھی کی راہنمائی کو ہدیہ عقیدت پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"مہاتما گاندھی کی راہنمائی پر اعتماد ہی ایک تنہا راہنمائی ہے جس نے ہماری تحریک کا شاندار ماضی تعمیر کیا اور اس سے ہم ایک نتیجہ مند مستقبل کی توقع کرسکتے ہیں۔"

اسی ایک "تنہا راہنمائی" کے لیے پوری ملت دیوبند مصروف کار رہی اور اسی ایک تنہا راہنمائی کی روشنی میں وہ برصغیر کے مسلمانوں کے سینوں کو "منور" کرتے رہے اور جب یہ "راہنمائی" سرحد کے اس پار رہ گئی تو ابھی تک دیوبندی اس کی یادوں کو سینے میں دبائے ہوئے کبھی کبھی پاکستان کو گالیاں دے لیتے ہیں۔

مولانا ابوالکلام آزاد اسی "تنہا راہنمائی" کی گود میں پوری ملت دیوبندیہ کے سیاسی شعور کو لا ڈالتے ہیں۔ مولانا حسین احمد مدنی، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی، سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور دارالعلوم دیوبند کے دوسرے اساتین و عمائدین اسی انداز فکر سے سوچنے لگے۔ علامہ اقبال نے ان حضرات کی وطن پرستی، متحدہ قومیت اور گاندھی کی اندھا [illegible] پر یوں للکارا تھا

عجم [illegible] دیں ورنہ — ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی ست
سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن ست — چہ بے خبر ز مقام محمد عربی ست
بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست — اگر باو نرسیدی تمام بولہبی ست

دیوبند کے شیخ الجامعہ حضرت مولانا حسین احمد مدنی برسر منبر وطن پرستی اور ملت دشمنی کا وعظ دینے میں مصروف رہے اس کے متبعین دو قومی نظریہ کے خلاف جنگ آزادی کی جنگ کے دوران ہندو پلیٹ فارم پر تقریریں کرتے اور ان سے داد خطابت حاصل کرتے رہے۔ علماء دیوبند دراصل اس سرزمین میں ایک ایسی جمہوری سلطنت کے قیام کا خواب دیکھ رہے تھے جس میں ہندو مسلم سکھ عیسائی اور پارسی سب شامل ہوں۔ ان کے نزدیک اسی سلطنت میں اسلام کی حکمرانی تھی چنانچہ ان کے اپنے اخبار زمزم مورخہ ۷ر جولائی ۱۹۳۸ء میں مولانا حسین احمد مدنی کا ایک بیان شائع ہوا جس میں انہوں نے ان الفاظ میں علماء دیوبند کا سیاسی نکتہ نظر پیش کیا۔

"ایسی جمہوری حکومت جس میں ہندو مسلمان سکھ عیسائی اور پارسی سب شامل ہوں حاصل کرنے کے لیے سب کو متفقہ کوشش کرنی چاہیے۔ ایسی مشترکہ آزادی اسلام کے اصول کے عین مطابق ہے اور اسلام اس آزادی کی اجازت دیتا ہے۔" ؎

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

علماء دیوبند کا یہ سیاسی منشور جمعیت العلماء ہند، مجلس احرار اسلام اور دوسرے دیوبندی سیاسی جماعتوں کا منشور بن گیا۔ وہ مسلمانوں کو متحدہ قومیت کے فلسفہ میں ایک ملی جلی گورنمنٹ کے قیام کی دعوت میں مصروف رہے۔ وہ ہندو لیڈرشپ کے سیاسی چکر میں ایسے آ گئے تھے کہ انہوں نے اسلام اور اپنی قوم کو شاریت ... دیا۔

علماء دیوبند کی اس لغزش پر برصغیر کے نیک دل مسلمان تڑپ ... بلک رو دیئے۔ عوام کے دل و دماغ چکرا گئے۔ آزادی وطن کے ... والے سپاہی اپنوں ہی کے نظریاتی تیروں سے سینہ فگار ہوتے گئے۔ علامہ اقبال اسلام کے مستقبل اور علمبرداران اسلام کے انداز فکر پر خون کے آنسو بہاتے۔ جس قوم کے سب سے بڑے دار العلوم کے سب سے بڑے شیخ القرآن، شیخ الحدیث، شیخ الجامعہ اور پیر شیخ الہند کی قرآن فہمی کا یہ عالم ہو تو اسے دیکھ کر سینہ کیوں نہ شق ہو جاتا، ہجوم غم اور وفور الم کبھی سیلاب اشک بن کر امڈ آتا اور اسی بیک آہ سحر گاہی کی صورت میں "بہ حضور حق" یوں نالہ کش ہوتا۔

بآں قوم از تو می خواہم کشادے — فقیہش بے یقینے کم سوادے
بسے نادیدنی را دیدہ ام من — مرا اے کاش کہ مادر نزادے

دیوبندی نظریہ سیاست مسلمانان برصغیر کے لیے کتنا تباہ کن تھا؟ اسے آج ہم تاریخ و عواقب کے صفحات پر دیکھ سکتے ہیں۔ اس نظریہ نے ایک منظم ملک کی سرحدیں

کو کس قدر محدود کر دیا وہ "ریڈ کلف" کے فیصلہ کی خونی لکیر میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اس فلسفہ سیاست نے کتنے لاکھ مسلمانوں کی جانوں اور کتنے لاکھ مسلمان عورتوں کی عصمتوں کو قربان کیا۔ ان آنکھوں کا منظر ہے جو ابھی تک زندوں کے چہروں پر موجود ہیں۔ ہندو سیاست نے اپنا کام کتنی خوبی سے کیا تھا۔ اقبال اس وقت بھی رو دیا اور کہا:

نگہ دارد برہمن کار خود را | نمی گوید بہ کس اسرار خود را
بمن گوید کہ از تسبیح بگذر | بدوش خود برد زنار خود را

"متحدہ وطنیت میں دیوبند کے فارغ التحصیل علماء جس انداز سے سیاسی افکار [illegible] کرتے رہے ہیں وہ ان کی اعتقادی اور نظریاتی افتاد سے بھی زیادہ [illegible] کی اعتقادی تحریروں کا تو صرف علماء اہل سنت نے نوٹس لیا تھا اور [illegible] کے سامنے یہ کہتے پھرتے کہ یہ فروعی مسائل ہیں ان پہ ان لوگوں کا شور ان کی فرقہ پرستی اور تنگ نظری کی وجہ سے ہے۔ لیکن جونہی ان حضرات نے اپنے سیاسی افکار و نظریات کا اظہار کیا تو سارا برصغیر چیخ اٹھا سہ

مرا دردیست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
اگر دم در کشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

علماء دیوبند کا یہ وار ملکی سیاست سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے حیران کن تھا۔ وہ ان کے اعتقادی افکار کو جب سیاسی انداز میں دیکھتے تو تسلیم کرتے کہ علماء حق کا نڑ بنا واقعی درست تھا۔ اسلامی تاریخ کے جہاں کہیں سیاہ باب نظر آتے ہیں وہاں ایک حقیقت ابھر کر سامنے آتی ہے کہ جہاں اسلامیان جہاں کو بیگانوں سے مقابلہ کرنا پڑا وہاں اپنوں کو بھی اپنے خلاف صف آرا پایا۔ مسلمانوں کے خنجر مسلمانوں کی گردنوں پر پیوست دکھائی دیتے رہے۔ محمد کے نام لیوا دل

کے تیر محمد کے غلاموں کے سینوں میں ترازو ہوتے رہے۔ مگر پاک و ہند کی سیاسی تاریخ میں اکثر یوں دیکھا گیا ہے کہ کاشانۂ مصطفوی کو پھونک دینے والے چراغوں میں اس طبقے کا دامن سب سے زیادہ تاریک اور داغ دار ہے جس کو ہم "علماء" کا مقدس لقب بھی دیتے رہے ہیں ؎

آسماں سے آئے کیوں بجلی جلانے کیلئے
خود چراغ خانہ ہی غارت گر کاشانہ ہے

متحدہ ہندوستان میں جب دیوبند کے "چراغ خانہ" غارت گری کاشانۂ اسلام پر آمادہ ہوئے تو مسلمان حیرت و استعجاب کی تصویر بن کر رہ گیا۔ ان کے اس کردار کے خلاف ملک کے گوشے گوشے سے آوازیں اٹھیں۔ اسلام [illegible] کا واسطہ دیا گیا۔ مگر متحدہ قومیت کے سومنات کے پیرو جاری آخری وقت [illegible] کے اشاروں پر کام کرتے گئے۔ اگر بات صرف مولانا ابوالکلام آزاد صاحب یا مولینا حسین احمد مدنی صاحب تک ہوتی تو مسلمانان ہند خیال کرتے کہ یہ دونوں بزرگ گاندھی اور نہرو کی وفاداری بشرط استواری کو عین ایمان سمجھ کر ملکی سیاسیات پر اظہار خیال فرما رہے ہیں۔ مگر یہاں تو پوری ملت دیوبند دو قومی نظریہ اور تحریک پاکستان کی مخالفت پر قسم کھائے بیٹھی تھی دیوبند کے اکابر تو اکابر اصاغر بھی ہر ملک کے طول و عرض میں مخلوط آزادی کے گن گانے میں مصروف تھے ؎

ملا کو جو ہے اس ہند میں سجدے کی اجازت
ناداں یہ سمجھتا ہے کہ اسلام ہے آزاد

ہندو کے اقتدار میں دیوبندی علماء کو سجدہ کرنے کی ضمانت مل چکی تھی۔ یہ ناداں اسی کو اسلام کی آزادی کا نام دینے لگے اور ان کی ساری صلاحیتیں ہندو مسلم کی متحدہ قومیت کی عمارت کو استوار کرنے میں صرف ہونے لگیں۔ مجلس احرار اسلام کے دیوبندی مقررین نے

تو اپنے ہر جلسہ میں اکبر کے دین الٰہی کی طرز پر" حکومت الٰہیہ" کا تصور بھی پیش کر دیا۔ یہ لوگ مولانا حسین احمد مدنی اور دیوبند کے دوسرے اکابرین کا اشارہ پاکر ملک کے سٹیجوں پر پل پڑے اور اپنی زور بیانیاں صرف اس مقصد پر وقف کر دیں " کہ آج تک کسی ماں نے بیٹا ہی نہیں جنا جو پاکستان کی 'پ' بنا دے" جمعیۃ العلماء کے دیوبندی علماء تو گاندھی کے ملفوظات کا عربی ترجمہ ہی کر رہ گئے۔

اس خانوادے کا ایک ایک عالم (مولینا عثمانی اور تھانوی کے استثناء کے ساتھ) ملتِ اسلامیہ کے مطالبہ سے اتنا کٹ گیا کہ مسجدوں کے محراب منبر کو خیر باد کہہ کر کانگریس کے سٹیجوں پر خطبے دینے لگا۔ جو خطبے کبھی دیوبندی مقبوضہ مساجد میں ہوا کرتے تھے ہندوؤں [illegible] الوں یا پھر گئوشالوں کی پناہ گاہوں میں ہونے لگے۔ ان تقریروں اور [illegible] اکر سکول کے مسلمان بچے بھی سرسوتی دیوی کی مورت کے سامنے پرارتھنا [illegible]۔ مذہب اسلام سے بیزاری یا ہندو تہذیب سے لگاؤ کا یہ اثر تھا۔ جب بچے بڑے ایک دوسرے سے ملتے تو رام رام یا مہا دیو پکارتے۔ اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلیہِ رَاجِعون

یہ کیفیت ہندوستان بھر کے تمام شہروں میں پائی جاتی تھی۔ لیکن جس جس شہر میں کسی بھی کانگریسی دیوبندی عالم دین کا قیام ہوتا اس میں یہ رنگ گہرا ہوتا۔ لدھیانہ میں رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن صاحب کا قیام تھا اور اثر بھی تھا۔ اس شہر کا نقشہ ہی بدل گیا تھا۔ مولینا ظفر علی خاں نے اپنے اخبار زمیندار کے ۲۶ رجولائی ۱۹۲۹ء کے شمارے میں " لدھیانہ" کے عنوان سے یہ نظم شائع کر کے اس شہر کا نقشہ کھینچا تھا۔

شاہوں مرکز علماء لدھیانہ ہے
جس کی گلی گلی میں انہیں کا فسانہ ہے

لیکن یہ کیا کہ نغمۂ توحید کی بجائے
ان کی زباں پہ برہمنوں کا ترانہ ہے

گر بام خانہ ہے تو کلس سومنات کا
اور ہر دوار ان کے لیے صحن خانہ ہے

ہیں سیم و زر سے مصلحتیں ان کی ہم کنار
جن کی کفیل گاندھیوں کا خزانہ ہے

صورت تو عالمانہ ہے بیشک حضور کی
سیرت کا گوشہ گوشہ مگر ہندوانہ ہے

بڑھنے لگی ہے اب جو مسلماں سے رسم و راہ
شدھی کا ہو نہ ہو یہ نیا ش[illegible]

کیوں آستان غیر پر اس کو جھکاؤں میں
یارب یہ سر ہے اور ترا آستانہ ہے

اے برق کیا مجھے تری چشمک زنی سے خوف
برتر ز شاخ سدرہ مرا آشیانہ ہے

جب ہم محمد عربی کے غلام ہیں
کیا غم اگر خلاف ہمارے زمانہ ہے

پچھلے صفحات کے مطالعہ کے بعد قارئین کا ذہن علماء دیوبند کے مجموعی نقطہ نگاہ سے پوری طرح آشنا ہوگیا ہوگا۔ یہ ان کے اکابرین کا ہی انداز فکر نہیں تھا بلکہ ان کے اصاغر بھی پورے ملک میں ان فتنہ سامانیوں کا شکار رہتے۔ وہ اپنے جلسوں، مجالس، مدارس اور پھر نجی محفلوں میں بھی اسی دین الہٰی، اسی حکومت الٰہیہ، اس وارد ہا سکیم کا اظہار کرتے۔ اب ہم چند لمحوں کے لیے آپ کے ذہن کو ان لوگوں کے خیالات کے اقتباسات کی طرف لے جانا چاہتے ہیں جن سے ان کی سیاسی بصیرت (جس پر وہ آج تک چوب خشک صحرا کی طرح سلگتے رہتے ہیں) اور انداز فکر کا صحیح رخ اور سمت متعین ہو سکے گا۔

مولینا حسین احمد صاحب مدنی ہندوؤں [illegible] تھے

علامہ شبیر احمد عثمانی نے مولانا حسین احمد مدنی مفتی کفایت اللہ اور دوسرے دیوبندی اکابر کو فرمایا! آپ حضرات کے متعلق مشہور کیا جاتا ہے کہ آپ ہندوؤں سے روپیہ لے کر کھا رہے ہیں۔ (مکالمۃ الصدرین شبیر احمد عثمانی ص۸)

[illegible]ندی رام رام کرتے رہے ہیں

مولینا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی نے ترک موالات کی تحریک کے دوران ایک زبردست تقریر کرتے ہوئے فرمایا:

"کہ بہت سے خیر خواہ ہندو مسلم اتفاق کے عواقب اور عوام الناس اور بعض لیڈروں کی ان غلط کاریوں پر متنبہ فرما رہے ہیں جو اس اتفاق کے جوش سے پیدا ہوگئی ہیں۔ مثلاً قربانی کے جانور کو سجا کر رضا کاران خلافت کا گئوشالہ میں پہنچانا، قشقہ لگانا، ہندوؤں کی ارتھی (جنازہ) کے ساتھ خصوصاً "رام رام" کہتے ہوئے جانا۔ یہ کہنا کہ امام مہدی کی جگہ امام گاندھی تشریف لائے یا یہ کہ اگر نبوت ختم نہ ہوگئی ہوتی تو مہاتما گاندھی

نبی ہوتے۔ وغیرہ وغیرہ۔ بلاشبہ میں بھی جب اپنی (دیوبندی) قوم کے
بڑے بڑے سرآوردہ (علماء) کو سنتا ہوں کہ وہ اس قسم کے محرکات
یا کفریات کے مرتکب ہوتے ہیں۔"
(ترک موالات پر زبردست تقریر صـ ۲۲)

جب مولوی شبیر احمد عثمانی نے یہ تقریر کی اور دیوبندی حضرات کی ہندو نوازی کے خلاف بیانات دیئے تو مدرسہ دیوبند سے مولوی شبیر احمد عثمانی پر ابوجہل ہونے کا فتویٰ صادر ہوگیا۔ اس کو گالیاں دی گئیں۔ جلوس نکالے گئے۔ (دیکھئے مکالمۃ الصدرین)

مولوی ظفر علی کا مولوی حسین احمد کو خطاب:

حسین احمد کہتے ہیں خرف رہنے سے مدینے کے
کہ لٹو آپ بھی کیا ہو گئے [illegible] پہ
مسلمان کا پھٹا تہبند نہ کچھ بھی اس کے کام آیا
نچھاور ہوگئی شرع نبی زرتار دھوتی پہ
(چمنستان صفحہ ۱۸۷)

دیوبندیوں کی پاکستان دشمنی

دیوبندی اپنی پاکستان دشمنی پر پردہ ڈالنے کے لیے جن اکاذیب و بہتانات کا مظاہرہ کر رہے ہیں، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اب بعض دیوبندی مصنفین جابجا یہ بیان کرتے پھرتے ہیں کہ بریلویوں نے فلاں کو کافر کہا، فلاں پر فتویٰ دیا۔ مطالبۂ پاکستان کی حمایت نہیں کی، یہ سب کچھ صرف اس لیے ہے کہ ان کی کارستانیوں پر پردہ پڑا رہے اور پاکستان میں اپنی سازشوں کا جال پھیلاتے رہیں۔ حالانکہ معاملہ بالکل اس کے برعکس ہے، دنیا جانتی ہے کہ یہ دیوبندی مولوی ہمیشہ کانگریس کے ساتھ رہ کر مسلم لیگ و پاکستان کی مخالفت کرتے

رہے اور ان کی مخصوص جماعت احرار نے مطالبہ پاکستان کی مخالفت میں جو کچھ کیا وہ قیامت تک ان کے ماتھے پر کلنک کے ٹیکے کی حیثیت رکھتا ہے۔

دیوبندی مذہب کے امیر شریعت عطاء اللہ صاحب بخاری، مولوی حسین احمد صاحب مدنی ابوالکلام صاحب آزاد، آزاد سبحانی کی پاکستان کے خلاف دھواں دار تقریریں سننے والے ہزاروں لوگ موجود ہیں، بخاری صاحب کے یہ الفاظ کہ:

"کوئی ماں کا بچہ پاکستان کی "پ" بھی نہیں بنا سکتا۔"

غالباً دیوبندی احراری بھول گئے ہیں۔ دیوبندی صاحبان! ابھی پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے صرف پندرہ سال ہی گذرے ہیں اتنی جلدی عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونکی جا سکتی ... مولویوں نے ہندوؤں کی پوری کچوری کھا کر جن فتووں کو مسلم لیگ اور بانی پاکستان ... فرمایا، انہیں بھی ملاحظہ فرمائیں ع

... عرض کریں گے تو شکایت ہوگی!

قائد اعظم ... دل سے ... ہے

اک کافرہ کے واسطے اسلام کو چھوڑا
یہ قائد اعظم ہے کہ ہے کافر اعظم

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۱۱ ، حیات محمد علی جناح مصنفہ رئیس احمد جعفری ص۲۷۳)

"دس ہزار جناح

دس ہزار محمد علی جناح نہرو کی جوتی پر قربان شوکت اور اقبال ظفر جواہر لال نہرو کی جوتی کی نوک پر قربان کیے جا سکتے ہیں۔"

(چمنستان مصنفہ ظفر علی خاں ص۱۶۵)

مسلم لیگ خود غرض جماعت ہے

"مسلم لیگ والے سب کے سب ارباب غرض اور رجعت پسند ہیں لہذا ووٹ مسلم لیگ کی بجائے کانگرس کو دینے چاہئیں"
(چمنستان ص۱۵۱)

مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سب سور ہیں

"جو لوگ مسلم لیگ کو ووٹ دیں گے وہ سور ہیں اور سور کھانے والے ہیں"
(امیر شریعت کا فتویٰ، چمنستان ص۱۶۵)

پاکستان پلیدستان ہے

"ہم پاکستان کو پلیدست [illegible]"
(خطبات احرار ص۹۹ [illegible] تحقیقاتی عدالت ص۱)

پاکستان خاکستان ہے

"رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲ [illegible]"

پاکستان کنجری ہے

"پاکستان ایک بازاری عورت ہے جس کو احرار نے مجبوراً قبول کیا ہے"
(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ص۲۷۵)

ناظرین! اب یہ سب دیوبندی پاکستان کی کمائی کھا رہے ہیں۔ کنجریوں کی کمائی کھانے والے کون ہوتے ہیں؟

شبیر احمد عثمانی پر دیوبندیوں کا فتویٰ

آج کے دیوبندیوں کا خدا معلوم کیا حال ہے۔ اس وقت کے دیوبندیوں نے مولوی شبیر احمد عثمانی پر مسلم لیگ کا ساتھ دینے اور مطالبہ پاکستان کی حمایت کرنے پر

"ابوجہل" کا لقب دیا تھا۔ ملاحظہ ہو مکالمۃ الصدرین شبیر احمد عثمانی ص۲۱ :

"دارالعلوم دیوبند کے طلبہ نے جو گندی گالیاں، فحش اشتہارات اور کارٹون ہمارے متعلق چسپاں کئے جن میں ہمیں ابوجہل تک کہا گیا اور ہمارا جنازہ نکالا گیا، آپ حضرات (حسین احمد وغیرہ) نے اس کا بھی کوئی تدارک کیا تھا؟ کیا آپ میں سے کسی نے بھی اس پر ملامت کا کوئی جملہ کہا؟ بلکہ میں کہہ سکتا ہوں کہ بہت سے (دیوبندی مدرسین) لوگ ان کمینہ حرکات پر خوش ہوتے تھے۔"